الہامِ منظوم

دفترِ ششم

الہام منظوم

ترجمۂ اردو

مثنوی مولانا رومؒ

دفتر ششم

مرتبہ

خانصاحب مولوی فیروز الدین مصنف و مؤلف

یادگارِ دربارِ اسلام۔ یادگارِ سعدی۔ کشف المحجوب

تجرید بخاری۔ حقوق و فرائض اسلام۔ فیروز اللغات

اردو۔ عربی۔ فارسی و متعدد کتب نصاب تعلیم

۱۳۵۰ھ مطابق ۱۹۳۱ء

فہرست مضامین الہام منظوم مثنوی مولانائے رومؒ

دفتر ششم

الہامِ منظوم

ترجمۂ اُردو

مثنوی مولانائے رُومؒ

دفترِ ششم

اے حیاتِ دل حسام الدّیں بسے	میل مے جوشد بقسم سادسے
اے حسام الدین رح دل کی زندگی	ہے چھٹے دفتر پہ اب رغبت مری
گشت از جذبِ چو تو علامۂ	در جہاں گردان حسامی نامۂ
تجھ سے علامہ کا یہ اک جذب تھا	جو حسامی نامہ پھیلا جا بجا
پیشکش بہرِ رضایت میکنم	در تمامِ مثنوی قسمِ ششم
پیشکش تیری رضا کو کر دیا	مثنوی کا خاتمہ دفتر چھٹا
پیشکش مے آرمت اے معنوی	قسمِ سادس در تمامِ معنوی
نذر کرتا ہوں تجھے اے معنوی	یہ چھٹا دفتر ہے ختمِ مثنوی
شش جہت را نور دہ زیں شش صحف	کی یطوف حولہ من لم یطف
شش جہت چھ دفتروں سے جگمگا	وہ فدا ہوں جو نہیں اب تک فدا

عشق را با پنج و با شش کار نیست … مقصد او جز کہ جذب یار نیست

عشق کو ہے پنج و شش سے کام کیا … جذب کرنا یار کا ہے مدعا

بو کہ فیما بعد دستوری رسد … رازہای گفتنی گفتہ شود

اذن شاید بعد اس کے مل سکے … راز جو کھلنے کے لائق ہو کھلے

با بیانی کان بود نزدیک تر … زین کنایات دقیق مستتر

ہو بیان ایسا جو ہو نزدیک تر … ان کنایوں سے کہ جو ہیں مستتر

راز جز با رازدان انباز نیست … راز اندر گوش منکر راز نیست

راز کو ہمراز ہی سے ہے نیاز … گوش منکر میں نہیں ہے راز راز

لیک دعوت وارد است از کردگار … با قبول و ناقبول او را چہ کار

دینا دعوت ماورت حق سے مدام … رد یا مقبول کیا ہے اس سے کام

نوح نہصد سال دعوت می‌نمود … دمبدم انکار قومش می‌فزود

نوح نے نو سو برس دیں دعوتیں … پھر بڑھا انکار ان کی قوم میں

ہیچ از گفتش عنان واپس کشید … ہیچ اندر غار خاموشی خزید

باز کوئی بھی نہ آیا کہنے سے … کب ہوئے خاموش چلاتے رہے

زانکہ از بانگ و علالای سگان … ہیچ واگردد ز راہے کاروان

جیسے کتے بھونکتے ہیں بے گماں … اور چلا جاتا ہے دھن میں کارواں

یا شب مہتاب از غوغای سگ … سست گردد بدر را در سیر تگ

چاندنی میں یا ہیں کتے بھونکتے … چاند پر کیا نہیں ہے خبر سے

مہ فشاند نور و سگ عوعو کند … ہر کسے بر خلقت خود می‌تند

سگ ہیں نالاں ہیں تو نور افشاں قمر … سب کے ہیں کام اپنی اپنی اصل پر

[illegible] ۹

هر کسی را خدمتی داده قضا | در خور آن گوهرش در ابتلا

سب کو اک خدمت قضائے الٰہی نے دی | اصل ہی سے سب کو جیسے وابستگی

چونکه نگذارد سگ آن بانگ سقیم | من مهم سیران خود را چون هلم

جبکہ سگ چھوڑے نہ آوازِ زبوں | چاند ہوں میں سیر کیونکر چھوڑ دوں

چونکه سرکه سرکگی افزون کند | پس شکر را واجب افزونی بود

جبکہ سرکہ لا رہی ترشی بڑھا دے | کیوں شکر اپنی نہ شیرینی بڑھا لے

قهر سرکه لطف همچون انگبین | کاین دو باشد رکن هر اسکنجبین

قہر سرکہ اور کرم جیسے انگبیں | جن سے ہی دونوں سے ہے اسکنجبیں

انگبین گر پای کم آرد ز خل | آید آن اسکنجبین اندر خلل

روکتا ہے گر شہد اپنے قدم کو | تو خلل اسکنجبیں میں کیوں نہ ہو

قوم بر وی سرکه‌ها می‌ریختند | نوح را دریا فزون می‌ریخت قند

قوم سرکہ ڈالتی کشتی نوح پر | نوح کا دریا بڑھاتا تھا شکر

قند او را بد مدد از بحر جود | پس ز سرکه اهل عالم می‌فزود

قند کو تھی ان کی مدد بحر جود سے | سرکہ سے اہل جہاں پر چھا گئے

واحد کالالف که بود آن ولی | بلکه صد قرن است آن عبدالعلی

آپ ولی ہو جیسے سالہا ہزار | بلکہ سو قرن بندے میں اک دیندار

خم که از دریا درو راهی بود | پیش او جیحون‌ها زانو زند

سرتہ جس خم کی کہ دریا سے ملے | ہوں سمندر ہیچ اس کے سامنے

خاصه آن دریا که دریاها همه | چون شنیدند این مثال و دمدمه

اور وہ دریا کہ جب دریاؤں نے | تذکرہ اور غلغلہ اس کے سنے

لہ حکم خدائے تعالیٰ ۔ لہ شہد ۔ لہ ایک قرن ستر یا اسی یا تیس سال کا ہوتا ہے لیکن یہاں زمانہ دراز سے مراد ہے

شمع دہان شاں ز پیش شرم و خجل
کہ قرین شد نام اعظم با اقل

شرم سے شمع آن کیا سو تیں ہو گئیں
کیونکہ چھوٹا تھا بڑے کا ہم نشیں

در قران این جہان با آن جہان
این جہان از شرم میگردد جہاں

اس جہان سے یہ جہان جس دم ملے
یہ جہان بس بھاگ نکلے شرم سے

این عبارت تنگ و قاصر رتبت است
ورنہ خس را با اخص چہ نسبت است

تنگ و قاصر یہ عبارت ہے فقط
ورنہ خس کو خاص سے نسبت ہے کیا

زاغ در رز نعرۂ زاغاں زند
بلبل از آواز خوش کے کم کند

کوا انگوروں میں گر کاں کاں کرے
بلبل اپنے نغمہ کو کیوں چھوڑ دے

پس خریدار است ہر یک را جدا
در مراد یَفْعَلُ اللّٰہُ مَا یَشَاءُ[۱]

مشتری ہر اک کا ہے ہر اک جدا
یعنی وہ کرتا ہے جو چاہے خدا

نقل خارستان غذائے آتش ست
بوئے گل قوت دماغ سرخوش است

یہ اگر جھاڑ کا غذا ہیں آگ کی
بوئے گل سے ہیں دماغ و دل قوی

گر پلیدی پیش ما رسوا بود
خوک و سگ را شکر و حلوا بود

ہر پلیدی اپنے آگے جو ہے خوار
خوک و سگ کو شکر و حلوے ہیں یار

گر پلیدان این پلیدی ہا کنند
ابرہا بر پاک کردن مے تند

جب ہیں پھیلاتے پلیدی یہ پلید
پاک کر دیتے ہیں بادل اے سعید

در جہانے پر شود از خار و خس
آتشے محوش کند در یک نفس

گر جہاں پر ہو خس و خاشاک سے
صاف کر دے آگ اک دم میں اُسے

گرچہ ماران زہر افشاں میکنند
ورچہ تلخاں پریشاں میکنند

سانپ اگرچہ زہر افشانی کریں
اور بھی وجہ پریشانی بنیں

[۱] خدائے تعالے جو چاہتا ہے کرتا ہے اور جو چاہے گا کرے گا ۔

نحلها بر کوه و کندو و شجر ۔۔۔ مے تنند از شہد انبار شکر

مکھیاں لیکن درخت و کوہ پر ۔۔۔ شہد سے کرتی ہیں انبار شکر

زہرہا ہر چند زہرے مے کنند ۔۔۔ زود تریاقات شاں بر مے کنند

زہر ہر چند اپنی خاصیت دکھائے ۔۔۔ پھر اثر تریاق سب اس کا مٹائے

ایں جہاں جنگست چوں کل بنگری ۔۔۔ ذرہ ذرہ ہمچو دیں با کافری

یہ جہاں اک جنگ کا میدان ہے ۔۔۔ ذرہ ذرہ کفر اور ایمان ہے

آں یکے ذرہ ہمے پرد بچپ ۔۔۔ واں دگر سوئے یمیں اندر طلب

ایک ذرہ بائیں جانب سے رواں ۔۔۔ دوسرا سیدھی طرف کو ہے رواں

ذرۂ بالا و آں دیگر نگوں ۔۔۔ جنگ فعلی شاں ببیں اندر رکوں

ایک اوپر سرنگوں ہے دوسرا ۔۔۔ فعلی حملہ دیکھ ان کے میل کا

جنگ فعلی ہست از جنگ نہاں ۔۔۔ زیں تخالف آں تخالف را بداں

جنگ فعلی جنگ پوشیدہ سے جان ۔۔۔ وہ تخالف اس تخالف سے تو مان

ذرہ کو محو شد در آفتاب ۔۔۔ جنگ او بیروں شد از وصف و حساب

ہو گیا جو ذرہ محو آفتاب ۔۔۔ جنگ اس کی ہے بے وصف و حساب

چوں ز ذرہ محو شد نفس و نفس ۔۔۔ جنگش اکنوں جنگ خورشیدست و بس

محو جب ذرہ کے ہوں نفس و نفس ۔۔۔ جنگ ہے سورج کی اب وہ جنگ بس

رفت از وے جنبش و طبع و سکون ۔۔۔ از چہ از اِنَّا اِلَیہِ رَاجِعُونَ

مٹ گئی وہ جنبش و طبع و سکوں ۔۔۔ از رہ اِنَّا اِلَیہِ رَاجِعُونَ[1]

ما بہ بحر تو ز خود راجع شدیم ۔۔۔ وز رضاع اصل مسترضع شدیم

ہم گئے لوٹے سمت تیرے بحر کے ۔۔۔ اصل سے اب اپنی قائم ہم ہوئے

[1] یعنی تحقیق ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں ۔

در فروع راہ اے ماندہ زغول | لاف کم زن از اصول اے بے اصول
فضول سے رستہ بھولا ہے اگر | ناز اصول سے بے اصولی پر نہ کر

جنگ ما و صلح ما در نور عین | نیست از ما ہست بین الاصبعین
ہے یہ صلح و جنگ آنکھ سے یا یقین | ہم سے کب ہے۔ دیکھ بین الاصبعین[1]

جنگ فعلی جنگ طبعی جنگ قول | در میان جزوہا جنگیست ہول
جنگ فعلی، جنگ طبعی، جنگ قول | جنگ یہ اجزا میں ہے پر خوف و ہول

ایں جہاں زیں جنگ قائم مے بود | در عناصر درنگر تا حل شود
یہ جہاں قائم ہے ایسی جنگ سے | تو عناصر دیکھ تا عقدہ کھلے

چار عنصر چار استون قویست | کہ بدیشاں سقف دنیا مستویست
چار عنصر چار کھمبے ہیں یہ قوی | جن پہ ہے دنیا کی چھت ٹھہری ہوئی

ہر ستونے اشکنندہ آں دگر | استن آب اشکنندہ ہر شرر
ہر ستون ہے دوسرے کی تاک پر | جیسے پانی ہے شکست ہر شرر

پس بنائے خلق بر اضداد بود | لاجرم جنگی شدند از ضر و سود[2]
یہ بنائے خلق ہے اضداد پر | اس لئے ہے حملۂ سود و ضرر

ہست احوالت خلاف یکدگر | ہر یکے با ہم مخالف در اثر
حالتیں تیری بھی ہیں سب باہم خلاف | اور اثر میں بھی ہے سب کے اختلاف

چونکہ ہر دم راہ خود را مے زنی | با دگر کس سازگاری چوں کنی
چونکہ اپنی راہ تو ہے مارتا | دوسروں کے کام دیتا ہے بنا

[1] بحوالۂ قلب المومنین بین الاصبعین من اصابع الرحمن ۔ یعنی مومن کا دل خدا کی انگلیوں میں سے دو انگلیوں کے درمیان میں ہے ۔

[2] یعنی ضدوں پر کہ ایک شے دوسری شے کی مخالف ہے ۔

فوج لشکرہای احوالت ببین	ہر یکے با دیگرے در جنگ و کین
تو خود اپنی حالتوں پر غور کر	جنگ اور مخاصمت میں ہیں یہ باہم دگر
می‌نگر در خود چنیں جنگ گراں	پس چہ مشغولی بجنگ دیگراں
دیکھ اپنی ذات میں جنگ گراں	جنگ میں اوروں کی پھنستا ہے کہاں
تا مگر زیں جنگ حقت واخرد	در جہان صلح یکرنگت برد
دے رہائی تو خدا دے جنگ سے	صلح یکرنگی عطا کرکے تجھے
آں جہاں جز باقی و آباد نیست	زانکہ ترکیب اُو از اضداد نیست
وہ جہاں باقی بھی ہے آباد بھی	اس میں ترکیبیں نہیں اضداد کی
ایں تفانی از ضد آید ضد را	چوں نباشد ضد نبود جز بقا
ہے فنا ہر ضد کو ضد سے برملا	گر نہ ہو ضد پھر فقط ہے اس بقا
نفی ضد کرد از بہشت آں بے نظیر	کہ نباشد شمس و ضدش زمہریر
خلد میں رکھتا نہ ضد کو بیگماں	سمجھو تاکہ سورج ہے نہ سردی ہے وہاں
ہست بیرنگی اصول رنگہا	صلحہا باشد اصول جنگہا
صرف بیرنگی اصول رنگ ہے	صلح کی صورت اصول جنگ ہے
آں جہانست اصل ایں پرغم وثاق	وصل باشد اصل ہر ہجر و فراق
وہ جہاں اصل یہ ہے خانہ غمی	اصل ہر فرقت کا ہے لیکن وصل آخر
ایں تخالف از چہ آید وز کجا	وز چہ زاید وحدت ایں اضداد را
اس تخالف کی ہے وجہ و اصل کیا	وحدت اضداد کیوں ہے اس فنا
زانکہ ما فرعیم و چار اضداد اصل	خوے خود در فرع کرد ایجاد اصل
کیونکہ ہم ہیں فرع چار اضداد اصل	خو کرے گی فرع میں ایجاد اصل

سلہ کما قال اللہ تعالیٰ عزوجل — لا یرون فیہا شمسا ولا زمہریرا — یعنی نہ وہ اس میں سورج دیکھیں گے اور نہ سرد طبقہ یعنی آگ پانی — خاک اور ہوا ✦

گوہر جاں چوں ورائے فصلہاست — خوئے آں ایں نیست خوئے کبریاست

روح ان فصلوں سے مطلق ہے جدا — اس لئے ہے اس کی خو خوئے خدا

جنگہا بیں کاں اصول صلحہاست — چوں نبیؐ کہ جنگ او بہر خداست

دیکھ جنگیں جن میں ڈھب ہے صلح کا — جیسے لڑتے تھے نبیؐ بہر خدا

طرفہ آں جنگے کہ اصل صلحہاست — شاد آں کایں جنگ او بہر خداست

ہو جو اصل صلح ۔ طرفہ ہے وہ جنگ — بہر حق جو ہے ۔ خجستہ ہے وہ جنگ

غالب ست و چیر بر ہر دو جہاں — شرح ایں غالب نگنجد در دہاں

دو جہاں پر وہ ہے غالب برملا — شرح اس غالب کی ہو سکتی ہے کیا

آب جیحوں را اگر نتواں کشید — ہم ز قدر تشنگی نتواں برید

گو ہے ناممکن سمندر کھینچنا — پیاس اس سے تو بھی اپنی یاں بجھا

گر شدی عطشان بحر معنوی — فرجہ کن در جزیرۂ مثنوی

ہے جو تشنہ کام بحر معنوی — کر ذرا سیر تمام مثنوی

فرجہ کن چندانکہ اندر ہر نفس — مثنوی را معنوی بینی و بس

اس قدر کر سیر تا ہر سانس میں — مثنوی کے معنوی عقدے کھلیں

باد کہ را ز آب جو چوں وا کند — آب یکرنگی خود پیدا کند

آب جو سے جب ہوا سبزہ اُگائے — اپنی یکرنگی کو اک عالم دکھائے

شاخہائے تازۂ مرجاں ببیں — میوہ ہائے رستہ ز آب جاں ببیں

تازہ شاخیں دیکھ لے مرجان کی — دیکھ میوے بھی اس کی تازگی

چوں ز حرف و صوت و دم یکتا شود — آں ہمہ بگذارد و دریا شود

دم جو حرف و صوت سے یکسو ہوا — چھوڑ اس سب کو اور دریا ہو گیا

ل بمصداق ما لا یدرک کلہ لا یترک کلہ یعنی جس چیز کا کل دریافت نہ کرسکے تو اس کو بالکل چھوڑ دینا بھی نہ چاہئے ۔

حرف گوی و حرف نوش و حرفہا — ہر سہ جاں گردند اندر انتہا
قائل و سامع و حرف اے جان جان — ہوتے ہیں تینوں بالآخر ایک جان

نان دہندہ و نان ستان و نان پاک — سادہ گردند از صور گردند خاک
دے جو روٹی اور جو لے اور نان پاک — چھوڑ کر ہر شکل بن جاتے ہیں خاک

لیک معنی شان بود در سہ مقام — در مراتب ہم ممیز ہم مدام
ہیں مگر تینوں کے معنی کے مقام — مرتبے میں فرق ہے اُن کے مدام

خاک شد صورت ولے معنی نشد — ہر کہ گوید شد تو گویش نی نشد
خاک صورت ہو گئی، معنی نہیں — اس کے منکر کا نہ کر ہرگز یقین

در جہانِ روح ہر سہ منتظر — گہ ز صورت ہارب و گہ مستقر
عالم بالا میں ہیں سب منتظر — بھاگتے ہیں اور کبھی ہیں مستقر[1]

امر آید در صور رو در رود — باز ہم ز امرش مجرد مے شود
حکم ہو صورت میں جا، جائے وہاں — حکم سے پھر ہو مجرد بے گماں

پس لہ الخلق و لہ الامرش بدان — خلق صورت امر جاں راکب بر آں
اس کی خلقت ہے۔ اُسی کا حکم ہاں — خلق صورت۔ امر جاں اس پر سوار

راکب و مرکوب در فرمان شاہ — جسم بر در جان در بارگاہ
راکب و مرکوب ہیں خدام شاہ — جسم بر در اور فدائے بارگاہ

چونکہ خواہد کآب آید در سبو — شاہ گوید جیش جاں را کارکبوا
چونکہ وہ چاہے سبو میں آب آئے — روح جاں کو حکم چڑھنے کا سنائے

باز جانہا را چو خواہد بر علو — بانگ آید از نقیباں کانزلوا
اور جب جانوں کو دیتا ہے علو — تو پھر آتی ہیں صدائیں ”انزلوا“[2]

؎ قرار لینے والا ۲؎ یعنی پہلے تو روحوں کو جسموں کے گھوڑوں پر سوار ہونے کا حکم دیتا ہے۔ اور پھر اترنے کا ”انزلوا“ یعنی اترو۔

بعد ازیں باریک خواہد شد سخن	کم کن آتش ہیزمش افزوں مکن
بات ہووے گی سنے باریک بعد ازیں	آگ کم کر بڑھانا مناسب اب نہیں
تا نجوشد دیگہائے خرد زود	دیگ ادراکات خردست و فرود
تا ابل جائیں نہ چھوٹی ہانڈیاں	دیگ ادراک اپنے ہیں چھوٹی بیگماں
پاک سبحانی کہ سیبستاں کند	در غمام حرف شاں پنہاں کند
پاک ہے وہ جو سیبستاں کرے	ابر میں باتوں کے پھر پنہاں کرے
زیں غمام صوت و حرف و گفتگو	پردہ کن سیب تا پدید بو
ابر ہے یہ حرف و صوت و گفتگو	تاکہ ظاہر سیب سے ہو جیسے بو
پارہ افزوں کش تا ایں بود ہوش	تا سوئے اصلش برد بگرفتہ گوش
ہوش سے تو ہو سکے اس ذکر کو	تاکہ لے جاوے سوئے اصل اسے پھر
گفتگو ہا رو بپرہیز از کلام	تن بپوش از باد و بود سرد شام
گفتگو سے اور تو پرہیز کر از کلام	تا نہ کھائے باد و بود سرد شام
تا شنیدہ پیدا شست از اثر	اے ہوا شاں از زمستاں سرد تر
تا دیا عقل پس نہ آیا کچھ اثر	ہے ہوا سردی سے ان کی سرد تر
چوں جمادند و فسردہ تن شگرف	مے جہد انفاس شاں از تن برف
ہیں جمادی برف سے اُن کا بدن	برف سے آتی ہیں سانسیں بے سخن
چوں شود عالم ز برف پوشیدہ کفن	تیغ خورشید حسام الدین بزن
جب زمیں ہوں برف سے ہو مردہ وار	تیغ خورشید حسام الدین تو مار
ہیں برآ از شرق سیف اللہ را	گرم کن زاں شرق ایں درگاہ را
مشرق سے لے آ تو سیف اللہ کو	گرم کر پھر اس سے اس درگاہ کو
برف را خنجر زند آں آفتاب	سیل ہا ریزد ز کہہا بر تراب
کاٹ دے گا برف کو وہ آفتاب	کوہ سے برسائے گا وہ سیل آب

زانکہ لا شرقی و لا غربی ست او ۔۔۔ با منجم روز و شب حربی ست او
کیونکہ شرقی ہے نہ غربی وہ عجب ۔۔۔ ہے منجم سے لڑائی روز و شب

کہ چرا جز من نجوم بے ہدیٰ ۔۔۔ قبلہ کردی از لئیمی و دغا
ان نجوم نحس کو میرے سوا ۔۔۔ قبلہ کیوں بخل و دغا سے کر دیا

ناخوشت آید مقال آں امین[۱] ۔۔۔ در سبق کہ لَا اُحِبُّ الْاٰفِلِیْن
اُس امیں سے کیوں ترا دل خوش نہیں ۔۔۔ کہتا تھا جو لا احب الآفلین

از فرح در پیش مہ بستی کمر ۔۔۔ زاں ہمے ترسی ز انشق القمر[۲]
چاند کے آگے ہے تو بستہ کمر ۔۔۔ خوف انشق القمر بھی ہے مگر؟

منکرے ایں را کہ شمس کورت[۳] ۔۔۔ شمس پیش تست عالی مرتبت
ہے تجھے انکار یہ شمس کورت ۔۔۔ اس لئے سورج ہے عالی مرتبت

از ستارہ دیدہ تصریف ہوا ۔۔۔ ناخوشت آید اذا النجم ہوی[۴]
تاروں سے دیکھا تغیر حرص کا ۔۔۔ خوش نہیں آتا اذا النجم ہوا

خود مؤثر تر نباشد مہ ز ناں ۔۔۔ اے بسا ناں کہ برید عرق جاں
ہے اثر میں چاند کمتر نان کا ۔۔۔ نان سے اکثر عرق جانوں کا کٹا

۱ امین سے مراد حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں۔ جو فرماتے تھے کہ ڈوبنے والے میرے دوست نہیں۔ یعنی چاند اور سورج وغیرہ جو طلوع ہونے کے بعد غروب ہو جاتے ہیں۔

۲ کما قولہ تعالے عز وجل:۔ اِقْتَرَبَتِ السَّاعَۃُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ۔ یعنی وہ ساعت نزدیک ہے کہ چاند شق ہو جائے گا۔

۳ کما قولہ تعالیٰ عز اسمہ: اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ۔ یعنی جب آفتاب تاریک ہو جائے گا۔

۴ کما قولہ تعالیٰ عز وجل:۔ وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى۔ یعنی قسم ہے تاروں کی جبکہ وہ گر جائیں گے۔

خود مؤثر تر نباشد زہرہ زآب	اے بسا آبا کہ کرد او تن خراب
پانی سے زہرہ مؤثر تر نہیں	آب سے جانیں بہت سی ہیں گئیں
مہرِ او در جانِ تست و پندِ دوست	می‌زند بر گوشِ تو بیرونِ پوست
دل میں اس کا عشق ہے اور پندِ دوست	کان تک محدود ہے بیرونِ پوست
پندِ ما در تو نگیرد اے فلاں	پندِ تو در ما نگیرد ایں بداں
جب نہیں اپنی نصیحت کارگر	ہم پہ تیری پند کا ہو کیا اثر
جز مگر مفتاحِ خاص آید ز دوست	کہ مقالید السمٰوات آنِ اوست
ہاں جو پائے خاص کنجی دوست کی	کنجیاں ہیں چرخ کی جس کو ملی
ایں سخن ہمچوں ستارہ ست و قمر	لیک بے فرمانِ حق ندہد اثر
گو سخن اپنا ہے تارا اور قمر	پھر بھی بے حکمِ خدا کیا ہو اثر
ایں ستارہ بے جہت تاثیرِ او	مے زند بر گوش ہائے وحیِ او
بے جہت تارا ہے اور اس کا اثر	وحی جو کانوں پہ ہو گی کارگر
کہ بیائید از جہت تا بے جہات	تا ندرّاند شمارا گرگِ مات
بے جہت ہو کر کرو ترکِ جہات	تا نہ پھاڑے تم کو وہ گرگِ ممات
آں چناں کہ لمعۂ درپاشِ اوست	شمسِ دنیا در صفت خفاشِ اوست
نور اس کا اس طرح ضوپاش ہے	سورج اس کے سامنے خفاش[1] ہے
ہفت چرخِ ازرقی در رقِ اوست	پیکِ ماہ اندر تپ و در دقِ اوست
بندۂ در اس کے ہیں ہفت آسماں	چاند اس کی جستجو میں ہے رواں
زہرہ چنگِ مسئلت در وے زدہ	مشتری با نقدِ جاں پیشش شدہ
زہرہ اک سائل ہے اس کے نور کا	مشتری نے نقدِ جاں ہدیہ دیا

لہ چمگادڑ ۔

در هوای پای بوس او زحل　　لیک خود را می نه بیند آن محل

طالب پابوس ہے اُس سے زحل　　پر اُسے ملتا نہیں اُس کا محل

دست و پا مریخ چندین جست ازو　　وان عطارد صد قلم بشکست ازو

اُس سے پائے دست و پا مریخ نے　　سو قلم ٹکڑے عطارد نے کئے

با منجم این همه انجم بجنگ　　کاے رہا کردہ تو جان بگزیدہ رنگ

ہیں منجم سے ستارے صرف جنگ　　جان کو تو چھوڑ کر ہے محو رنگ

جان ولیست و ما همه نقش و رقوم　　کوکب هر فکر او جان نجوم

جان وہ ہے ہم ہیں سب نقش و رقوم　　کوکب اس کی فکر کا جان نجوم

فکر کو آنجا همه نور ست پاک　　بهر تست این لفظ و فکر اے فکرناک[۵۱]

فکر کیا وہ ہے سراپا نور پاک　　فکر ہے تیرے لئے اے فکرناک

هر ستاره خانه دارد بر علا　　هیچ خانه در نگنجد جسم ما

ہر ستارے کا ہے خانہ بر تریں　　وہ کسی خانے میں آ سکتا نہیں

جان بے سو[۵۲] در مکان کے در رود　　نور نا محدود را حد کے بود

روح بے سو کب مکاں میں رک سکی　　حد کہاں ہے نور نا محدود کی

لیک تمثیلی و تصویرے کنند　　تا که دریابد ضعیف دردمند

ہیں مثالیں اور تصویریں یہاں چند　　تا انہیں سمجھیں ضعیف و دردمند

مثل نبود لیک آن باشد مثیل　　تا کند عقل مجرد را کفیل

مثل کیا ہو اُس کا ہاں لیکن مثیل　　جس کی ہے عقل مجرد اک دلیل

عقل سر تیز ست لیکن پای سست　　زانکه دل ویران شدست و تن درست

تیز ہیں عقلیں مگر ہیں پاؤں سست　　کیونکہ دل ویران ہے اور تن درست

[۵۱] اے فکر سے بھرے ہوئے یعنی اے مبتلائے فکر

[۵۲] یعنی بے جہت

عقل شان در نقل دنیا پیچ پیچ ‌ ‌ فکر شان در ترک شہوت ہیچ ہیچ

ان کی عقلیں نقل دنیا میں اسیر ‌ ‌ ان کی فکریں ترک شہوت سے نفیر

صدر شان در وقت دعوی ہمچو شرق ‌ ‌ صبر شان در وقت تقوی ہمچو برق

ان کے سینے وقت دعوی مثل شرق ‌ ‌ صبر ان کا وقت تقوی مثل برق

عالمے اندر ہنرہا خود نماست ‌ ‌ ہمچو عالم بیوفا وقت وفاست

ہیں کہ ہنر میں ایک عالم خود نما ‌ ‌ وقت پر ہے مثل دنیا بیوفا

وقت خود بینی نگنجد در جہاں ‌ ‌ در گلو و معدہ گم گشتہ چو ناں

وقت خود بینی نہ دنیا میں سمائیں ‌ ‌ پھر حلق و معدہ میں سب کچھ بھلا دیں

این ہمہ اوصاف شان نیکو شود ‌ ‌ بد نماند چونکہ نیکو جو شود

نیک ہو جائیں شمار ان کے برے ‌ ‌ نیک جو ہوں تو برائی کیوں رہے

گر منی گندہ بود ہمچون منی ‌ ‌ چون بجان پیوست گردد روشنی

خود سری گندہ ہے گو مثل منی ‌ ‌ روح سے مل کر ہو یکسر روشنی

ہر جمادے کو کند رو در نبات ‌ ‌ از درخت بخت او روید حیات

جو جمادی رخ کرے سوئے نبات ‌ ‌ اس کے بخت سے اگے نخل حیات

ہر نباتے کو بجان رو آورد ‌ ‌ خضر وار از چشمۂ حیوان خورد

جو نباتی روح کا پاوے شمار ‌ ‌ چشمۂ حیواں سے پیوے خضر وار

باز جان چون رو سوئے جانان نہد ‌ ‌ رخت را در عمر بے پایان نہد

جان پھر جب رخ سوئے جاناں کرے ‌ ‌ عمر کو ابدی وہ بے پایاں کرے

ایک سائل کا کسی واعظ سے سوال کرنا

واعظے را گفت روزے سائلے ‌ ‌ کاے تو منبر را سنی تر قائلے

پوچھا اک سائل نے واعظ سے کہیں ‌ ‌ لائق منبر ہے تو قائل سنی

یک سؤالستم بگو ای ذولباب | اندرین مجلس سؤالم را جواب

ہے سوال اک میرا تجھ سے خوش آداب | دے اسی مجلس میں تو اس کا جواب

بر سر بارو یکی مرغی نشست | از سر و دمش کدامین بہترست

سر پہ اک بیٹھا ہے مرغ بارہ پر | خوب ہے اسکی دُم ہے یا اچھا ہے سر

گفت اگر رویش بشہر و دم بدہ | روی او از دم او میدان کہ بہ

ہو ادھر منہ شہر کی دم گاؤں کو | اس کے منہ کو دم سے بہتر جان لو

ور سوی شہرست دم رویش بدہ | خاک آن دم باش و از رویش بجہ

منہ جو سوئے قصبہ ہو دم سوئے شہر | خاک ہو اُس دم کی منہ کو جان قہر

گر بسوی شہر دم آید بود | دم او بہتر ز روی او بود

شہر کی جانب اگر اس کی ہو دم | منہ سے بہتر دم ہے سمجھو اس کو تم

مرغ را پر می‌برد تا آشیان | پر مردم ہمتست ای مردمان

مرغ کو لے جائیں پر تا آشیاں | آدمی کے پر ہیں ہمت اے جواں

عاشقی کالودہ شد در خیر و شر | خیر و شر منگر تو در ہمت نگر

ہو اگر عاشق اسیر خیر و شر | دیکھ ہمت خیر و شر کو ترک کر

باز اگر باشد سپید و بی نظیر | چونکہ صیدش موش باشد شد حقیر

باز اگرچہ ہو سفید و بے نظیر | صید اگر چوہا کرے تو ہے حقیر

ور بود جغدی و میل او بشاہ | او سر بازست منگر در کلاہ[1]

جغد کا میلان ہو گر سوئے شاہ | شاہ باز اس کو سمجھ مت دیکھ اس کی کلاہ

ور یکی شیری خورد از مردہ خر | بنگر او شکل شیری کم نگر

گر وہ خر کا گوشت کھاتا ہے شیر اگر | شکل شیری ہیں ہے کتا سر بسر

[1] کلغی دستار جو باز کے سر پہ ہوتا ہے

ور پلنگ و گرگ را افگند سگ ۔۔۔ شیر میداں مرد ایسے پٹ تنک

کتا چیتے بھیڑیئے کو گر گرائے ۔۔۔ بے گماں شیر اس کو جان اے نیک رائے

آدمی بسرشتہ از یک مشت گل ۔۔۔ برگذشت از چرخ و از کوکب بدل

ایک مٹھی خاک سے انساں بنا ۔۔۔ دل کے ہاتھوں آسماں سے بڑھ گیا

آدمی بر قدر یک طشت خمیر ۔۔۔ بر فزود از آسمان و از اثیر

آدمی تھا طشتری بھر اک خمیر ۔۔۔ ہو گیا بالاتر از چرخ و اثیر[1]

ہیچ کرمنا شنید این آسماں ۔۔۔ کہ شنید این آدمی پُر غماں

آسمان نے کب یہ کرمنا[2] سنا ۔۔۔ جس طرح انسان پُر غم نے سنا

بر زمین و چرخ عرضہ کرد کس ۔۔۔ خوبی عقل و عبارات و ہوس

کھول کر کس نے پئے چرخ و زمین ۔۔۔ خوبیاں عقل و عبارت کی رکھیں

جلوہ کردی ہیچ تو بر آسماں ۔۔۔ خوبی روئے و اصابت و گماں

آسمان پر تو نے ڈالی آج تک ۔۔۔ خوبروئی و درستی کی جھلک؟

پیش صورتہائے حمام اے ولد ۔۔۔ عرضہ کردی ہیچ سیم اندام خود

صورتیں حمام میں تھیں ضوفشاں ۔۔۔ اپنی سیمبینی بھی کی اُن پر عیاں؟

بگذرے زاں نقشہائے ہمچو حور ۔۔۔ خلوت آری با عجوزے نیم کور

حور سی شکلوں سے کی قطع نظر ۔۔۔ اندھی اک بڑھیا سے خلوت ہے مگر

در عجوزی چیست کایشاں را نبود ۔۔۔ کو ترا زاں نقشہا با خود ربود

کیا ہے وہ بڑھیا میں جو اُن میں نہیں ۔۔۔ جس نے اُن جلووں سے روکا بالیقیں

تو نگوئی من بگویم در بیان ۔۔۔ عقل و حس و درک و تدبیرست و جاں

کیا کہیگا تو میں کہتا ہوں بیاں ۔۔۔ اس عجوزہ میں ہے عقل و حس و جاں

[1] کرۂ نار جو تمام کُروں سے بلند تر ہے ؛

[2] قولہ تعالیٰ۔ لَقَدْ کَرَّمْنَا بَنِیْ آدَمَ یعنی بیشک ہم نے بنی آدم کو عزت دی +

در عجوزے جان آمیزش کنیست　　صورت گرما بہار روح نیست

جان بڑھیا تک لگا لائی تجھے　　اور لیے جاں نقش تھے حمام کے

صورت گرما بہ گر جنبش کند　　در زبان از صد عجوزت پر کند

کرتی جنبش صورت حمام اگر　　تو اُکھڑ جاتا عجوزہ سے پسر

جاں چہ باشد با خبر از خیر و شر　　شاد از احسان و گریاں از ضرر

خیر و شر سے باخبر ہوتی ہے جاں　　شاد احساں سے ضرر سے نوحہ خواں

چوں بسر و ماہیت جاں مخبر ست　　ہر کہ او آگاہ تر با جاں تر ست

راز اور ماہیت جاں ہے خبر　　جو ہے واقف تر وہ ہے باجان تر

اقتضائے جاں چو اے دل آگہی ست　　ہر کہ آگہ تر بود جانش قوی ست

اقتضائے جاں ہے اے دل آگہی　　جو ہے آگہ روح اس کی ہے قوی

روح را تاثیر آگاہی بود　　ہر کرا ایں بیش اللہی بود

روح میں تاثیر ہے عرفان کی　　جس کو آگاہی ملی ہے الٰہی[۱]

خود جہان جاں سراسر آگہی ست　　ہر کہ بیجان ست از دانش تہی ست

خود جہانِ جاں ہے یکسر آگہی　　جو ہے بے جاں عقل سے ہے وہ تہی

چوں خبرہا ہست بیروں زیں نہاد　　باشد ایں جانہا دراں میدان جماد

ہے جو خالی روح سے اس کی نہاد　　ہیں یہ اس میدان میں جانیں جماد

جان اول مظہر درگاہ شد　　جان جاں خود مظہر اللہ شد

جانِ اول مظہر درگاہ ہے　　جانِ جاں خود مظہر اللہ ہے

آں ملائک جملہ عقل و جاں بدند　　جان نو آمد کہ جسم آں شدند

سب فرشتے صرف عقل و روح تھے　　جان دیکھی جسم تیرے بن گئے

۱ یعنی خدا والا۔

از سعادت چون جہاں برزد علم	پس چو تن آں روح را خادم شدند
جب سعادت سے وہ پیش جہاں ہے	مثل تن خادم ہوئے سب روح کے
آن طبیبان آنچناں اور پردہ بود	یک شکستہ پا جہاں کہ عضو مردہ بود
اور طبیبان روح سے پوشیدہ تھا	عضو مردہ تھا نہ جاں سے مل سکا
چون چو وقت آں شکستہ آں نشد	دست بشکستہ مطیع جاں نشد
تھی شہ جہاں اُس کیا نہ فرماں بردار ہوسکا	تھا شکستہ دست نافرماں رہا
جہاں نہ شد نفس آرای عشوہ شکست	کاں بدست اوست تا اندر کہ ہست
جہاں نہ ہوتا نفس شکستہ عضو سے	وہ اگر چاہے درست اس کو کرے
سر دیگر ہست کو گوش دگر	طوطی کو مستعد آں شکر
پھر نہیں اک رازہ کان ایسے امانت	طوطیان شکر کے لائق نہیں ایسا
طوطیان خاص را قندیست ژرف	طوطیان عام ازیں خور بستہ طرف
طوطیان خاص کو کیا کم ہے قند	طوطیان عام پر ہے راہ بند
کی چشند درویش صورت آں نکات	معنی است آں نے فعولن فاعلات
تھا پیری ور دوش کیا سمجھے نکات	معنی ہے کیا ہے فعولن فاعلات
آں بخورد پیش بیست قند	پیک خر آدہ بخلافت کہ پسند
در خر کی طرف ہے کیا کھاتا ہے قند	تھا سی ہی لیکن اسکو ہے پسند
قند خر را گر طرب انگیختی	پیش خر قنطار شکر ریختی
قند سے مسرور خر ہوتا اگر	گون بھر شکر ہیں رکھتا پیش خر
معنی نختم علی افواہہم	این شناس این ہست رہرو را مہم
پڑھ تو ذرا نختم علی افواہہم	سمجھ اس کو ہے یہ رہبر کو مہم

٥ کما قال اللہ تعالیٰ الیوم نختم علی افواہہم وتکلمنا ایدیہم وتشہد ارجلہم
یعنی قیامت کے دن ہم اُن کے منہ پر مہر لگا دینگے اور ہم سے اُنکے ہاتھ گفتگو کرینگے اور اُنکے پاؤں گواہی دینگے

تا ز راہِ خاتمِ پیغمبران — بو کہ برخیزد ز لب ختمِ گران

تا چلے کر راہِ ختمِ مرسلاں — ٹوٹ جائے لب کی یہ مُہرِ گراں

ختمہائے کانبیا بگذاشتند — آں بدینِ احمدی برداشتند

اگلے نبیوں نے جو مہریں چھوڑ دیں — دینِ احمدؐ سے وہ مہریں توڑ دیں

قفلہائے ناگشادہ ماندہ بود — از دمِ انا فتحنا برگشود

بے کھلے تھے قفل مدت سے پڑے — اب وہ سب انا فتحنا سے کھلے

او شفیع است این جہان و آں جہاں — این جہاں در دین و آنجا در جناں

ہیں محمدؐ ہی شفیعِ دو جہاں — دین میں اس جا تو جنت میں وہاں

این جہاں گوید کہ تو رہشاں نما — آں جہاں گوید کہ تو مہشاں نما

یہ جہاں کہتا ہے تو رہ دکھا — وہ جہاں کہتا ہے دے مہ کی ضیا

پیشہ اش اندر ظہور و در کموں — اہد قومی انہم لا یعلمون[1]

ظاہر و باطن شعار اُن کا ہوا — قوم ناواقف کو میری رہ دکھا

باز گشتہ از دمِ او ہر دو باب — در دو عالم دعوتِ او مستجاب

کھل گئے دونوں دعا سے ان کی باب — دونوں عالم میں دعا ہے مستجاب

بہرِ این خاتم شدست او کہ بجود — مثلِ او نے بود و نے خواہند بود

ختم یوں پیغمبری اُن پہ ہوئی — کوئی اُن سا تھا نہ پھر ہوگا کوئی

چونکہ در صنعت برد استاد دست — نے تو گوئی ختمِ صنعت بر تو است

کرتا ہے استاد جب صنعت کوئی — کہتے ہیں بس ختم ہے صنعت گری

در گشادِ ختمہا تو خاتمے — در جہانِ روح بخشاں حاتمے

خاتموں کا صرف خاتم ہے تو ہی — روح کی دنیا میں حاتم ہے تو ہی

[1] یعنی اے اللہ میری قوم کو ہدایت کر کیونکہ وہ واقف نہیں ۔

هست اشارات محمدؐ المراد ۔ کل کشاد اندر کشاد اندر کشاد
ہیں اشارات محمدؐ المراد ۔ مشکلات ہر دو عالم کی کشاد

صد ہزاراں آفریں بر جان او ۔ بر قدوم و دور فرزندان او
رحمتیں لاکھوں ہوں ان کی جان پر ۔ اور ہیں اُن کے دونوں فرزندان پر

آں خلیفہ زادگانِ مقبلش[1] ۔ زادہ اند از عنصر جان و دلش
وہ خلیفہ زادگان مقبل جو تھے ۔ اُن کی جان و دل سے جو پیدا ہوئے

گر ز بغداد و ہری یا از ری اند ۔ بے مزاج آب و گِل نسل وے اند
ہوں وہ بغدادی ہراتی یا ریئی[2] ۔ ہیں انہیں کی نسل سے بے شبہ وہی

شاخِ گل ہر جا کہ می روید گل ست ۔ خُمِ مُل ہر جا کہ می جوشد مُل ست
شاخِ گل جس جا اُگے ہیں ہے گلاب ۔ جس جگہ اُبلے خُم ہے سب ہے شراب

گر ز مغرب بر زند خورشید سر ۔ عین خورشید ست نے چیزِ دگر
گو کہ مغرب سے ہو سورج جلوہ گر ۔ عین سورج ہے ۔ نہیں چیز دگر

عیب جویاں را ازیں دم کور دار ۔ ہم بستاری خود اے کردگار
عیب بینوں کو بنا دے کور وار ۔ اپنی ستاری سے اے پروردگار

گفت حق چشمِ خفاش بد سگال ۔ بستہ ام من ز آفتابِ بیمثال
قول حق ہے ۔ چشم بد خفاش کی ۔ نور سے سورج کے میں نے روک دی

از نظرہائے خفاش کم و کاست ۔ انجم و آں شمس نیز اندر خفاست
آنکھ سے چمگادڑوں کی بے گماں ۔ انجم اور سورج بھی ہیں بالکل نہاں

انجم آمد چوں مرید و شمس پیر ۔ شمس آمد در یقیں بدرِ منیر
ہیں مرید انجم تو ہے خورشید پیر ۔ بالیقیں ہے شمس ہی بدر منیر

[1] یہ اشارہ خلفائے عباسیہ کی طرف معلوم ہوتا ہے۔
[2] اہل رے۔

پوشیدہ ناموسوں کی برائی

اے ضیاء الحق حسام الدینؒ بیا ۔ اے صقالِ روح و سلطان الہدیٰ

اے ضیاء الحق حسام الدینؒ آ ۔ اے جلا سے روح! اے شاہِ ہدیٰ

مثنوی را مسرح و مشروح دہ ۔ صورتِ امثال او را روح دہ

مثنوی پر اک نظر کر لطف کی ۔ دے مثالوں کو تو اس کی روح بھی

تا حروفش جملہ عقل و جاں شوند ۔ سوئے خلدستانِ جاں پراں شوند

تا حروف اس کے ہوں سب عقل اور جاں ۔ جان کی جنت کو ہو جائیں رواں

ہم بسعیِ تو ز ارواح آمدند ۔ سوئے دامِ حرف مستحقر شدند

تو ہی لایا عالمِ ارواح سے ۔ دام میں الفاظ کے پنہاں ہوئے

باد عمرت در جہاں ہمچوں خضر ۔ جاں فزا و دستگیر و مستمر

پائے عمرِ خضر تو اے مستمر[1] ۔ جاں فزا و دستگیر ہر بشر

چوں خضرؑ و الیاسؑ مانی جاوداں ۔ تا زمیں گردد ز لطفت آسماں

مثلِ الیاس و خضر رہ جاوداں ۔ لطف سے تیرے زمیں ہو آسماں

گفتمے از لطفِ تو جزوے ز صد ۔ گر نبودے طمطراقِ چشمِ بد

مجھ میں تیرے لطف کا کرتا بیاں ۔ چشمِ بد میں گر نہ ہوتیں گرمیاں

لیک از چشمِ بدِ زہراب دم ۔ زخمہائے روح فرسا خوردہ ام

میں نے لیکن چشمِ بد کے زہر سے ۔ روح فرسا زخم کھائے ہیں بڑے

جز برمزِ ذکرِ حالِ دیگراں ۔ شرحِ حالت مے نیارم در بیاں

راس ہے اوروں کی مجھ کو داستاں ۔ حال تیرا کر نہیں سکتا بیاں

[1] یعنی ہمیشہ ہمیشہ ۔

این بہانہ ہم ز دستان دلیست | کہ ازو ہم پائے دل اندر گلیست
یہ بہانہ ہے فریب حُسن دل | جس سے دل میرا ہے خود ہی پا بہ گل

صد دل و جان عاشق صانع شدہ | چشم بد یا گوش بد مانع شدہ
سو دل و جاں عاشق صانع ہوئے | چشم بد اور گوش بد مانع ہوئے

خود بگیر بوطالب آن عم رسول | می‌نمودش شنعت عربان مہول
سنئے ابو طالب جو چچا مصطفیٰ کے | طعنے سے عربوں کے اُن کو خوف تھا

کہ چہ گویند مر عرب کز طفل خود | او بگردانید دین معتمد
کیا کہیں گے یہ کہ اپنے طفل کے | کہنے میں آکر پھرا ہے دین سے

منصب آبا و اجدا را بماند | در پئے احمد چنین بیرہ براند
منصب آبا و اجداد ترک اس نے کیا | پیچھے احمد کے یہ بے راہ چل دیا

آن رسول پاکباز مجتبیٰ | از پئے آن تا رہاند مر ورا
وہ رسول پاکباز و مجتبیٰ | آتش دوزخ سے کرنے کو رہا

گفتش اے عم یک شہادت[1] تو بگو | تا کنم با حق شفاعت بہر تو
پھر کہا اس نے شہادت دیجئے | تا شفاعت کا مجھے موقع ملے

گفت لیکن فاش گردد از سماع | کل سر جاوز الاثنین شاع
وہ یہ کہتے تھے کہ سن لیگا کوئی | منہ سے نکلی بات اوروں کو پہنچی

من بمانم در زبان این عرب | پیش ایشان خوار گردم زین سبب
دوں گواہی میں اگر عربی ہیں اب | سامنے اُن کے ہو ذلت کا سبب

لیک گر بودش لطف ما سبق | کے بدی این بد دلی با جذب حق
ہوتا گر لطف ازل اُن پہ کبھی | یوں نہ ہوتی جذب حق سے بددلی

[1] یعنی کلمۂ شہادت اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ پڑھ لیجئے۔

الغیاث اے تو غیاث المستغیث — زیں دو شاخہ اختیارات خبیث

تجھ سے ہے فریاد اے فریاد رس — ہیں دو شاخہ اختیارات نفس

من ز دستان و ز مکر دل چناں — مات گشتم کہ بماندم از نشاں

دل کے ہاتھوں اور حیلوں سے یہاں — مات ہوں ایسا نہیں میرا نشاں

من کہ باشم چرخ با صد کاروبار — زیں کمیں فریاد کرد از اختیار

میں تو کیا ہوں چرخ بھی با صد وقار — اس سے ہے فریاد کناں سے اختیار

کاے خداوند کریم بردبار — دہ امانم زیں دو شاخہ اختیار

اے خداوند کریم و بردبار — کر نہ مجھ میں دو شاخہ اختیار

جذب یک راہہ صراط المستقیم — بہ ز دو راہہ تردد اے کریم

سیدھا رستہ ہیں بنانا اے خدا — ہے تردد کے دوراہے سے بھلا

زیں دو رہ گرچہ ہمہ مقصد توئی — لیک خود جاں کندن آمد ایں دوئی

گو ہے دونوں راہ کا مقصد تو ہی — یہ دوئی لیکن ہے خود ہی جاں کنی

زیں دو رہ گرچہ بجز تو عزم نیست — لیک ہرگز رزم ہمچوں بزم نیست

دونوں رستوں کا تو ہی مقصد ہے ہاں — رزم لیکن بزم کی نسبت کہاں

در نبی بشنو بیانش از خدا — آیۂ اشفقن ان یحملنہا

سن یہ قرآں میں پیام کبریا — بار اٹھانے سے ڈرے ارض و سما

ایں تردد ہست در دل چوں وغا — کایں بود بہ یا کہ آں حالت مرا

یہ تردد دل میں ہے مثل وغا — حال یہ بہتر ہے یا وہ مرا

؎ قولہ تعالیٰ ۔ اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَیْنَ اَنْ یَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ۔ یعنی ہم نے اپنی ایک امانت آسمان و زمین اور پہاڑوں پر پیش کی پس سب نے اس کے اٹھانے سے انکار کر دیا اور ڈر گئے مگر انسان نے اس کو اٹھا لیا ۔ تحقیق وہ ظالم اور نادان ہے ۔

آسماں بار امانت نتوانست کشید — قرعۂ فال بنام من دیوانہ زدند

ور تردد مے زند بر ہمدگر | خوف و امید بہی در کر و فر
ہیں تردد میں یہ باہم حملہ ور | خوف پر امید، خوف امید پر

زیں تردد عاقبت حال خیر باد | اے خدا مر جان ما را کن تو شاد
ہو بخیر اس سے مرا انجام کار | روح میری شاد ہو اے کردگار

مناجات

اے کریم ذو الجلال مہرباں | دائم المعروف دارائے جہاں
اے کریم ذو الجلال و مہرباں | ہے تو ہی مشہور سلطانِ جہاں

یا کریم العفو حی لم یزل | یا کثیر الخیر شاہ بے بدل
اے کریم العفو زندہ لم یزل | نیکیوں والے خدائے بے بدل

اوّلم ایں جزر و مد از تو رسید | ورنہ ساکن بود ایں بحر اے مجید
اوّل اوّل جزر و مد تو نے دیا | ورنہ ساکن تھا یہ دریا اے خدا

ہم ازانجا کایں تردد دادیم | بے تردد کن مرا ہم از کرم
جس طرح تو نے تردد دے دیا | بے تردد کر کرم سے کبریا!

ابتلا مے کنی آہ الغیاث | اے ذکور از ابتلایت چوں اناث
امتحاں سے ہوں ترے نالہ کناں | مرد عورت ہو گئے تو امتحاں

تا بکے ایں ابتلا یا رب مکن | مذہبے ام بخش و دہ مذہب مکن
امتحاں کی اے خدا حد بھی کوئی! | ایک مذہب دے نہ کر دہ مذہبی

اشترے ام لاغر و ہم پشت ریش | ز اختیار ہمچو پالاں شکل نیش
اونٹ ہوں میں زخمی ہوں لاغر شتر | جس سے بھی ہے مرا پالاں بتر

ایں کژاوہ گہ شود ایں سو گراں | آں کژاوہ گہ شود آں سو کشاں
یہ کجاوہ ہے کبھی اس سو گراں | وہ کجاوہ اس طرف کو ہے کشاں

بشکن از من حبل ناہموار را ۔۔۔ تا ببینم روضۂ انوار را
بوجھ ناہموار یہ میرا ہٹا ۔۔۔ تا کہ میں دیکھوں چمن انوار کا

ہمچو آن اصحاب کہف از راہ جود ۔۔۔ می‌چرم زایقاظ نے بل ہم رقود[۱]
صورت اصحاب کہف اے رب ودود ۔۔۔ دیکھوں بیداری میں سوتے ہیں نہیں

خفتہ باشم بر یمین یا بر یسار ۔۔۔ بر نگردم جز چو گو بے اختیار
بائیں کروٹ سوؤں میں یا داہنی ۔۔۔ گیند کی صورت ہوں وقت بے بسی

ہم بتقلیب تو تا ذات الیمین ۔۔۔ یا سوئے ذات الشمال اے رب دین[۲]
سیدھی کروٹ سے بدلواتا تو ہی ۔۔۔ بائیں کروٹ پر پھر لے آتا تو ہی

صد ہزاران سال بودم در مطار ۔۔۔ ہمچو ذرات ہوا بے اختیار
میں اڑا لاکھوں برس تک باربار ۔۔۔ مثل ذرات ہوا بے اختیار

گر فراموشم شدست آن وقت و حال ۔۔۔ یادگارم ہست در خواب ارتحال
گو بھلا بیٹھا ہوں میں اپنا وہ حال ۔۔۔ یادگار خواب ہے اک ارتحال[۳]

می‌رہم زین چار میخ چار شاخ ۔۔۔ می‌جہم در مسرح جان زین مناخ
چھوڑتا ہوں چار عنصر کی حدیں ۔۔۔ کودتا ہوں مرغزار روح میں

شیر آن ایام ماضی ہائے خود ۔۔۔ می‌چشم از دایۂ خواب اے صمد
دودھ وہ تھا جو عہد ماضی میں پیا ۔۔۔ خواب کی دایہ سے ہوں پھر پی رہا

جملہ عالم ز اختیار و ہست خود ۔۔۔ می‌گریزد در سر سرمست خود
ساری دنیا اختیار ہست سے ۔۔۔ جاتی ہے مستی کی جانب بھاگ کے

۱؎ قولہ تعالیٰ تَحْسَبُھُمْ اَیْقَاظًا وَّھُمْ رُقُوْدٌ یعنی گمان کرے تو ان پر کہ وہ جاگتے ہیں۔ حالانکہ وہ سوئے ہیں
۲؎ قولہ تعالیٰ نُقَلِّبُھُمْ ذَاتَ الْیَمِیْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ، ہم ان کو سیدھی اور الٹی طرف بدل دیتے ہیں۔
۳؎ ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ لے جانا۔

تا دمی از ہوشیاری وارہند ‌ ‌ ننگ خمر و بنگ بر خود می نہند

تا وہ دم بھر ہوشیاری سے چھٹا ‌ ‌ ننگ بھنگ اپنے کبھی کا ہے شراب

جملہ دانستہ کہ این ہستی فخ است ‌ ‌ فکر و ذکر اختیاری دوزخ است

یا سمجھتے ہیں سب کہ یہ ہستی ہے دام ‌ ‌ اختیار و فکر کا دوزخ تمام

می گریزند از خودی در بیخودی ‌ ‌ یا بہ مستی یا بہ شغل اے مہتدی

ہے خودی سے دوڑ سوئے بیخودی ‌ ‌ شغل ہو کوئی کہ مستی ہو کوئی

نفس را زان نیستی وامی کشی ‌ ‌ زانکہ بے فرمان شد اندر بیہشی

نفس تیرا نیستی میں ہے اسیر ‌ ‌ بے ہُشی سے تھا وہ نافرماں پذیر

نیستی باید کہ او از حق بود ‌ ‌ تا کہ بیند اندران حسن احد

نیستی حق کی طرف سے ہے بھلی ‌ ‌ تا کہ دیکھے تو بہار اللہ کی

لیس للجن و لا للانس ان[۱] ‌ ‌ ینفذوا من حبس اقطار الزمن

جن ہیں یا انساں ہیں یہ طاقت نہیں ‌ ‌ حد عالم سے نکل جائے کہیں

لا نفوذ الا بسلطان الہدی ‌ ‌ من تجاویف السموات العلی

ہاں مدد سے گر وہ سلطان ہدا ‌ ‌ بھاگ نکلو چھوڑ کر جوف سما

لا ہدی الا بسلطان یقی ‌ ‌ من حراس الشہب روح المتقی

پھر ہدایت کون دے اس کے سوا ‌ ‌ ہے شہابوں سے نگہبان روح کا

ہیچ کس را تا نگردد او فنا ‌ ‌ نیست رہ در بارگاہ کبریا

کوئی بھی جب تک نہ ہو جائے فنا ‌ ‌ جا نہیں سکتا حضور کبریا

---

[۱] اس آیہ شریفہ کی طرف اشارہ ہے یا معشر الجن والانس ان استطعتم ان تنفذوا من اقطار السموات والارض یعنی اے جن و انسان کی جماعت! اگر تم کو استطاعت ہے کہ تم زمین و آسمان کے اطراف سے نکل جاؤ۔

هست معراج فلک این نیستی
عاشقان را مذهب و دین نیستی
ہے یہ معراج فلک سب نیستی
عاشقوں کا دین و مذہب نیستی

پوستین و چارق آمد از نیاز
در طریق عشق محراب ایاز
پوستین جوتا تھا از روئے نیاز
عشق سے مشرب میں محراب ایاز

گرچه او خود شاه را محبوب بود
ظاهر و باطن لطیف و خوب بود
گو کہ وہ خود شاہ کو محبوب تھا
ظاہر و باطن لطیف و خوب تھا

گشته بی کبر و ریا و کینه‌ای
حسن سلطان را رخش آئینه‌ای
چھوڑ کر وہ کینہ و کبر و ریا
حسن سلطان کا بنا تھا آئینہ

چونکه از هستی خود مفقود شد
منتهای کار او محمود شد
اپنی ہستی میں جو خود گم ہو گیا
انتہائے کار میں محمود تھا

زان قوی‌تر بود تمکین ایاز
کز خوف از کبر کردی احتراز
تھی قوی تر اس سے تمکین ایاز
کرتا تھا کبر و ریا سے احتراز

او مهذب گشته بود و آمده
کبر را و نفس را گردن زده
وہ مہذب ہو گیا تھا دیکھ لو
ترک کر کے کبر کو اور نفس کو

یا پی تعلیم می‌کرد آن حیل
یا برای حکمتی دور از علل
یا وہ حیلے از پئے تعلیم تھے
یا کوئی حکمت تھی دور [illegible]

یا که دید چارق آن شاه پسند
کز نسیم نیستی هستی است بند
یا پسند اس واسطے جوتا کیا
بس نسیم نیستی میں ہستی [illegible] تھا

تا گشاید دخمه کان بر هستی است
تا بیابد آن نسیم عیش و زیست
تا کہ کھولے نیستی کی قید کو
تا پئے سر اس کو عیش و زیست ہو

سلہ یعنی جوتا اور پوستین کے حیلے
سلہ جوتے اور پوستین رکھنے کی حکمت [illegible]

تا نہ بندد چشمہ را ایں مردگاں — تا بیابد بوئے عیش آں جہاں

تا نہ گور اُن مُردہ لوگوں پر ہو بند — عیش اس عالم کا آ جائے پسند

مُلک و مالِ اطلس ایں مرحلہ — ہست بر جانِ سبکرو سلسلہ

مُلک و مال اور یہ لباس اور یہ مزے — قید ہیں جانِ سبک سیر کے لئے

سلسلہ زریں بدید و غرّہ گشت — ماند در سوراخ چاہے جان دشت

دیکھ کر زنجیرِ زریں ہے غرّہ — روح کو وسعت سے کر رکھا ہے دُور

صورتش جنت بمعنی دوزخے — افعیِ پُر زہر و نقشِ گل رخے

ظاہری جنت، جہنم باطنی — سانپ زہریلا ہے صورت ہے بھلی

گرچہ مومن را سقر نبود ضرر — لیک ہم بہتر بود زانجا گذر

گو نہیں دوزخ سے مومن کو ضرر — ہے مگر اُس سے گذرنا خوب تر

گرچہ دوزخ دور دارد زو نکال — لیک جنت بہ ورا فی کل حال

گرچہ دوزخ سے نہیں کچھ اضطرار — ہے مگر جنت ہی اچھی خوشگوار

الحذر اے ناقصاں زیں گل رخے — کو بگاہِ صحبت آید دوزخے

ناقصو! اُن گل رخوں سے الحذر — وقتِ صحبت جو ہوں مانند سقر

الفرار اے غافلاں زیں گلشنے — کو حقیقت بدترست از گلخنے

بھاگو اس گلشن سے دور اے غافلو — بھاڑ سے بد تر حقیقت میں جو ہو

زینہار اے جاہلاں زیں گل شکر — کو بسوز آید دہاں را چوں شرر

جاہلو! اس گل شکر سے ہوشیار — جو کہ مُنہ کو دے جلا مثلِ شرار

چند گویم من ترا کاے ابلہیں — زہرِ قتال ست زاں دوری گزیں

تجھ سے میں کب تک کہوں یہ ابلہیں — زہرِ قاتل ہے۔ بچ اس سے بالیقیں

لیک تلخ آمد ترا گفتار من — خواب مے گیرد ترا زافسانہ من

تلخ لگتی ہیں تجھے باتیں مری — اور فسانے سے ہے آتی نیند بھی

خواجہ آخر یک زماں بیدار شو ۔۔۔ وز حیات خویش برخوردار شو

خواجہ آخر اک ذرا بیدار ہو ۔۔۔ زندگی سے اپنی برخوردار ہو

ہیں روش برگیر و ترکِ ریش کن ۔۔۔ وز فنا و نیستی کاوش کن

دین پہ چل کر کے ترکِ ریش تو ۔۔۔ کر فنا و نیستی کی جستجو

ایک غلام کا آقازادی سے عشق

خواجۂ را بود ہندو بندۂ ۔۔۔ پروریدہ کردہ او را زندۂ

ایک خواجہ کا تھا اک ہندو غلام ۔۔۔ پال کر اس کو کیا تھا شادکام

علم و آدابش تمام آموختہ ۔۔۔ در دلش شمعِ ہنر افروختہ

علم و آداب اس نے سیکھے سربسر ۔۔۔ روشن اس کے دل میں تھی شمعِ ہنر

پروریدہ از طفولیت بناز ۔۔۔ در کنارِ لطفش آں اکرام ساز

پالا تھا بچپن سے اس کو ناز سے ۔۔۔ گود میں راحت کی اس بامہر نے

بود ہم ایں خواجہ را یک دخترے ۔۔۔ سیم اندامے کشے خوش گوہرے

ایک لڑکی بھی تھی خواجہ کی حسین ۔۔۔ خوش خرام و سیم تن گوہر جبیں

چوں مراہق گشت دختر طالباں ۔۔۔ بذل میکردند کابینِ گراں

جب ہوئی بالغ تو طالب شوق سے ۔۔۔ مہر اس کو بیشتر دینے لگے

مے رسید از جانبِ ہر مہترے ۔۔۔ بہرِ دختر دمبدم خواہش گرے

آئے ہر مہتر کی جانب سے ہزار ۔۔۔ دمبدم اس مہ لقا کے خواستگار

گفت خواجہ مال را نبود ثبات ۔۔۔ روز آید شب رود اندر جہات

بولا خواجہ مال کو کب ہے بقا ۔۔۔ دن کو آئے رات کو جائے چلا

۱ یعنی محض ڈاڑھی بڑھا لینے سے کچھ فائدہ نہیں بلکہ روشِ اسلام پر چلنے سے فائدہ ہے۔

حسن صورت ہم ندارد اعتبار — کہ شود رخ زرد از یک تپ چہرہ یار

حسن صورت کا بھی کیا ہے اعتبار — تپ سے پڑتا ہے پیلا جو کہ تھا سرخ یار

سہل باشد نیز مہتر زادگی — کو بود غرہ بمال از سادگی

ہے یہ مہتر زادگی بھی سہل تر — سادہ لوحی سے ہے نخوت مال پر

اے بسا مہتر پسر کو شد شتر — شد ز فعل زشت خود ننگ پدر

ہیں بہت اپنے ہنر لقوں کے پسر — ہو پڑے فعلوں سے پاں ننگ پدر

پیشہ ہنر را نیز اگر چہ شد نفیس — کم پرستد ز تکبر ہم چو ابلیس

پیشہ ہنر ہر چند ہوتا ہے کمال — حال شیطان سا ہے گر عجب کی جا

علم بود ش چون نبود عشق دین — و ندید از آدم الا نقش طین

علم تھا اور تھا نہ عشق دین مگر — نقش خاکی آدم آیا سے نظر

گر چہ دانی وقت علم اے امیں — زانت نکشاید دو دیدہ عیب بیں

مشکلات علم ہر حق اے امیں — کب مگر کھلتی ہے چشم عیب بیں

اوفتد شبہ تیرہ ستارہ شیخ — از معرفت پدید از ریش و ملبش

ریش و دستار اس کو آئی ہے نظر — پر وہ چھپتا ہے وہ کی بیشی مگر

عارفا تو از معرفت فارغی — خود ندانی کہ تو باز غی

ہے معرفت سے تو اے عارف بری — نور روشن ذات سے ہے خود ہی تیری

کار تقوی دارد و دین و صلاح — کہ از و باشد بدو عالم فلاح

کام کا تقوی ہے یا دین و صلاح — جس سے ہے دین اور دنیا کی فلاح

گر و بکشا یاد وصل اختیار — کس بیار از قسم ہمہ شغل و تبار

کر لیا داماد اک آخر اختیار — تھا جو مخصوص خاندان و باوقار

پس بنان گفتند کہ او را مال نیست — خوشتری و حسن استقلال نیست

خود لکھی یہ بیں کہ وہ کنگال ہے — اس میں کب حسن اور استقلال ہے

گفت اینها تاج نہ بدہد و لیک ۔ بیند او سختہ ست بید و نیک

بولا خواجہ یہ ہیں سب باتحت دلیل ۔ ہے نہ دی ہیں بھی وہ سب کچھ نیک

چون لب بچہ نہ تیج و خنجر کشت فاش ۔ دستہاں و نشانی و قماش

گرم شوں سے عشق و خنجر ہو گیا ۔ سب نشانی اور چڑھاوا آ پہنچا

پس غلام خواجہ کاندر خانہ بود ۔ گشت بیمار و ضعیف و زار زود

پس جو تھا خواجہ کے گھر میں وہ غلام ۔ ہو گیا بیمار و غمگین زار تمام

ہمچو بیمار دقی او می گداخت ۔ علت او را طبیبی کم شناخت

مثل اک ٹی بی کے وہ گھلنے لگا ۔ چارہ گر علت سے کوئی نہ آشنا

عقل می گفتی کہ رنجش از رہ است ۔ دارویش در غم دل با طلاست

شخص انتی تھی سمجھ کہ اس کا دل ملول ۔ ہے دوا اس کی نہ تن کی غم دل میں مشغول

آن غلامک دم نزد از حال خویش ۔ کوچہ سے آمد و زور سینہ ریش

حال اپنا کچھ نہ کہتا تھا غلام ۔ گو کہ سینہ اس کا زخمی تھا تمام

گفت خاتون را شبی شوہر کہ تو ۔ بازپرس اندر خلا احوال او

بیوی سے اک رات شوہر نے کہا ۔ پوچھ خلوت میں تو اس کا حال جا

تو بجای مادری او را بود ۔ گر غم خود پیش تو پیدا کند

تو تو ہے ماں کی جگہ اس کے لئے ۔ تجھ سے آ کے شاید اپنا غم کہے

چونکہ خاتون کرد در گوش این کلام ۔ روز دیگر رفت نزد آن غلام

جب سنا بیوی نے شوہر کا کلام ۔ دوسرے دن وہ گئی پیش غلام

آن چنان کہ مادران مہربان ۔ نرم کردش تا در آمد در بیان

جیسے مشفق مادران مہرباں ۔ اس سے کی نرمی کہ کچھ کر دے بیاں

لہ یعنی خواجہ نے اپنی بیوی سے کہا ۔

ہم سرش را شانہ میکرد آں ستی — یاد و صد مہر و دلال و دوستی

اس کے سر میں اس نے کنگھا بھی کیا — سو طرح پیار اور محبت سے کہا

گفت امید من از تو ایں نبود — کہ دہی دختر بہ بیگانہ عنود

بولا تجھ سے یہ توقع تو نہ تھی — دے گی غیروں کو تو اپنی لاڈلی

خواجہ زادہ ماؤ ما خستہ جگر — حیف نبود کو رود جائے دگر

خواجہ زادی ہے وہ ہیں خستہ جگر — حیف ہے جائے اگر اوروں کے گھر

خواست آں خاتون ز خشمے کادش — کہ زند وز بام زیر اندازدش

اس نے چاہا - آیا جو غصہ اسے — مار کر کوٹھے سے نیچے پھینک دے

کو کہ باشد ہندوِ مادر غرے — کہ طمع دارد ز خواجہ دخترے

ہیں! یہ تخم زادہ اک ہندو غلام — لے ہوس سے دختر خواجہ کا نام

گفت صبر اولیٰ بود خود را گرفت — گفت با خواجہ کہ بشنو ایں شگفت

صبر کر کے وہ گئی خاموش ہو — اور کہا خواجہ سے، لو طرفہ سنو!

ایں چنیں گرائے خائن را ببیں — ما گماں بردہ کہ او باشد امیں

بس قدر خائن ہے یہ سفلہ غلام — ہم امیں سمجھے ہوئے تھے لا کلام

حال خود را ایں چنیں گفت او مرا — خواستم کز خشم بکشم مر ورا

حال اپنا اس نے کچھ ایسے کہا — چاہتی تھی میں اسے کر دوں فنا

خاتون کو خواجہ کا جواب

گفت خواجہ صبر کن او را مگو — کہ ازو نبرہم و بدہمش بشو

بولا خواجہ صبر کر اور کہہ بھی نہ دے — ہم چھڑا کر اس سے دے دیں گے تجھے

تا بمکر ایں از دلش بیروں کنم — تو تماشا کن کہ دفعش چوں کنم

بس کسی حیلے سے کر دوں گا نفور — دیکھ تو کس ڈھب سے کر دیتا ہوں دور

تو دلش خوش کن بگو میداں درست ۔۔ کہ حقیقت دختر ما آن تست

اُس کے خوش کرنے کو کہدے مان لے ۔۔ ہے مری دختر یہ تیرے ہی لئے

ما ندانستیم اے خوش مشتری ۔۔ چونکہ دانستیم تو اولیٰ تری

ہم سمجھتے تھے نہ تجھ کو مشتری ۔۔ اب جو سمجھے ہیں تو ہے اولیٰ تو ہی

آتش ما ہم دریں کانون ما ۔۔ لیلی آن ما و ہم مجنون ما

آگ اپنی اپنے چولہے میں رہی ۔۔ یعنی لیلےٰ بھی ہماری، قیس بھی

تا خیال و فکر خوش بروے زند ۔۔ فکرِ شیریں مرد را فربہ کند

جب خیال و فکر ایسا دل میں آئے ۔۔ فکرِ شیریں اسکو موٹا کر دکھائے

جانور فربہ شود لیک از علف ۔۔ آدمی فربہ ز عزت و شرف

جانور کی فربہی ہے گھاس سے ۔۔ آدمی موٹا ہو عزت سے وسے

آدمی فربہ شود از راہِ گوش ۔۔ جانور فربہ شود از حلق و نوش

کان کے رستے ہو موٹا آدمی ۔۔ جانور کھانے سے موٹے ہوں سبھی

گفت آن خاتون کزیں ننگِ مہیں ۔۔ خود زبانم مے نجنبد ایں چنیں

بولی عورت ۔ ہیں یہ باتیں شرمناک ۔۔ پھر زبان آئے کی کیا حرکت میں خاک

ایں چنیں ژاژی چہ خایم بہرِ او ۔۔ گو بمیر ایں خائن ابلیس خو

کیوں میں بیہودہ بکوں اُس کے لئے ۔۔ خائن و ابلیس مرتا ہے مرے

گفت خواجہ نے مترس و دم دہش ۔۔ تا رود علت ازو زیں لطفِ خوش

بولا خواجہ، تو نہ ڈر، دم اس کو دے ۔۔ تا مرض اس لطف سے جاتا رہے

ہیچ او را دلبرا ہر من نویس ۔۔ ہل کہ صحت یابد ایں بارِ رئیس

پھر سے تو نے ہے پھر اُس کا دیکھ حال ۔۔ پائے تا صحت یہ بیہودہ خیال

چوں بگفت آں خستہ را خاتون چنیں ۔۔ شد بپیچید از تبختر بر زمیں

جا کے عورت نے جو سمجھایا اُسے ۔۔ وہ نہ جامے میں سمایا جوش سے

فربہ و زفت آمد و سرخ و شگفت | چوں گل سرخ و ہزاراں شکر گفت
موٹا تازہ سرخ ہو کر کھل گیا | مثل گل کے اور شکر بہت ادا کیا

گہ گہے می‌گفت کاے خاتون من | کہ مبادا باشد ایں افسون و فن
وہ کبھی کہتا تھا اے بی بی سنو | یہ کہیں حیلہ نہ ہو یہ افسوں یا بہانہ

لیک خاتون چشم نے تفتیش کرد | ور پئے اینہم فارغ باش ما
لیکن عورت اس سے نہیں کھٹکی کہ ہم | ہیں ایسی تدبیر میں تو کر نہ فکر

خواجہ چوں دید ایں کہ سرخ و زفت گشت | رفت اندیشہ غلت و آمد بگشت
خواجہ نے دیکھا جو تازہ دم ہوگئے | اور سب دکھ درد اس کے مٹ گئے

اودہاش باشے بتزویر فسوس | تا فزوں شد نشاطش چوں خروس
دم دلاسوں سے کیا پھر شادماں | مثل مرغ اس میں پڑا دلیر مستیاں

خواجہ جمعیت بکرد و دعوتے | کہ ہمے سازم فرح را وصلتے
خواجہ نے پھر جمع لوگوں کو کیا | اب فرح کا عقد ہے تم جزا

تا جماعت مژدہ مے دادند گل | کاے فرح بادت مبارک اتصال
مژدہ لوگوں نے دیا ہو کر نہال | اے فرح تجھ کو مبارک ہو وصال

تا یقیں شد مر فرح را ایں سخن | علت از وے رفت کل از بیخ و بن
سمجھ فرح کو کچی یقیں سا ہو گیا | دکھ گیا سب آزار اچھا ہو گیا

بعد از اں اندر شب عشرت بہن | مہر دے بست حنا چوں زن
رات جب عشرت کی آئی کر کے فن | اونٹ کے مہندی لگا مثل زن

پیر نگارش کرد ساعد چوں عروس | تا کیاں بنمودش و دادش خروس
پھر دلہن کی طرح ہاتھوں کو رنگا | مرغی دکھلا کر اسے مرغا دیا

لے غلام کا نام ہے۔

گنگ امرد را بپوشانیدہ او	مقنعہ و چادر عروسانہ نکو
اک فوتی ہیکل تھا کہ جو نکہت میں نہاں	چادر اور کپڑے عروسانہ تھے ہاں
مانند ہندو با چناں گنگ درشت	شمع را ناگاہ خلوت در کشت
خادم اس مرد فوتی کے پاس تھا	شمع دی جلدی سے خلوت میں بجھا
وز بروں نشنید کس از دف زناں	ہندوک فریاد میکرد و فغاں
کون سنتا بج رہی تھیں تالیاں	کو رہا تھا وہ غلام آہ و فغاں
کرد پنہاں نعرۂ آں نعرہ زن	ضرب کف و دف و نعرہ مرد و زن
غل میں غائب تھی فغان نعرہ زن	سب بجاتے تالی اور دف مرد و زن
چوں بود پیش سگ انبانِ آرد	تا بروز آں ہندوک لت خورد
جیسے کتا چیرے تھیلا آرد کا	صبح تک اس نے جھنجھوڑا خوب سا
رسم ابا و آں فرج حمام رفت	روز آورد ند طاق و بوق زفت
اور فرج حمام کو رستا چلا	بھاری جوڑا صبح دم لایا گیا
کون دریدہ ہمچو دلق تونیاں	رفت در حمام بس رنجور جاں
کون گدڑی رہزنوں کی بن گئی	وہ گیا حمام۔ با صد بیکسی
پیش او بنشست خز چوں عروس	آمد از حمام در کردو فسوس
اور دلھن آ بیٹھی اس کے سامنے	آیا پھر خرگاہ[2] میں حمام سے
کہ مبادا او کند زو امتحاں	مادرش آنجا نشستہ پاسباں
وہ مبادا دن میں کر لے امتحاں	ماں بھی بیٹھی پاس بن کر پاسباں
وانگہاں بر ہر دو مشتش دیداو	ساعتے شد دید سوئے نظر کرد از عناد
کر کے نفرت اس کو پھر دی بد دعا	دیکھتا کچھ دیر تک اس کو رہا

[1] اٹھا۔

[2] حجلہ عروسی کو خرگاہ کہا ہے۔

گفت خود را کس بیابد اتصال | با چو تو ناخوش عروس بد خصال

ہو نہ سکتا ہے کوئی مانوس وصال | اے عروس ناگوار و بد خصال

روز زیبا چوں نکو یانِ تتر | کیر زشتت شب بتر از کیر خر

تو نتاری چونہ دن کو ہے مگر | رات کو ہے کیر تیرا ۔ کیر خر

ہر شخص اس غلام کی طرح ہے

ہمچنیں جملہ نعیم ایں جہاں | بس خوش است از دور پیش از امتحاں

ہیں یہ سب ایسی ہی لذاتِ جہاں | دور سے بہتر ہے اِن کا امتحاں

می نماید در نظر از دور آب | چوں روی نزدیک آں باشد سراب

دور سے دیکھو نظر آتا ہے آب | پاس جب جاؤ تو نکلے گا سراب

گندہ پیر است و از بس چاپلوس | خویش را جلوہ دہد چوں نو عروس

ہے یہ دُنیا اک پُرانی چاپلوس | جلوہ گر ہوتی ہے مانند عروس

ہاں مشو مغرور ایں گلگونہ اش | نیش نوش آلودہ او را مچش

اس کے گلگونہ پہ تو نازش نہ کر | نیش[1] نوش آلود ہے چکھنے سے ڈر

تا نیفتی چوں فرج اندر حرج | صبر کن کالصبر مفتاح الفرج

تا نہ تو مثلِ فرج ہو مبتلا | صبر کر ہے صبر حلِّ صد بلا

آشکارا داں نہ پنہاں دام او | خوش نماید ز اوّلت انعام او

جال ظاہر اس کا ہے پنہاں نہیں | اوّلاً لذّت ہے اس کی بہتر ولے

چوں بپیچی بہ دام اے ہوشیار | چند نالی در ندامت زار زار

اور جب تو جال میں پھنس جائے گا | پھر تو رو رو کے کبھی اور پچھتائے گا

[1] یعنی نیش پر نوش کا رنگ چڑھا ہوا ہے ؛

نام میری و وزیری و شهی ‌‌‌‌— نیست الا درد و مرگ جان دہی
ہے امیری و وزیری اور شہی ‌— درد ہے اور موت ہے یا جان دہی

بنده باش و بر زمین رو چون سمند — چون جنازه نے که بر گردن نهند
بندہ بن اور چل زمیں پر اسپ سان — چڑھ نہ سر کندھوں پر جنازہ جیسے تان

جمله را حمال خود خواهد کفور — بار بر مردم گشته چون اہل قبور
ہیں سوار اوروں پہ ناشکرے نفور — بار ہے مردم صورت اہل قبور

بر جنازه هر کرا بینی بخواب — فارس منصب بود عالی رکاب
جو جنازے پر ہو کوئی تجھ کو خواب — ہو سوار اس کو سمجھ عالی رکاب

زانکه آن تابوت بر خلق است بار — بار بر خلقان نهادند این کبار
کیونکہ وہ تابوت ہے خلقت پہ بار — بار ہیں خلقت پہ بنتے یہ کبار

بار خود بر کس منه بر خویش نه — سروری را کم طلب درویش به
بار اپنا جس طرح ہو خود اٹھا — خوب ہے درویشی سے سرداری ہے کیا

مرکب اعناق مردم را مپای — تا نیاید نقرست اندر دو پای
تو نہ ہو لوگوں کی گردن پر سوار — تا نہ پیدا درد ہو پاؤں میں یار

مرکبی را کآخرش تو ده دهی — که بشهری مانی و ویران دهی
ہر سواری کو ہے آخر چھوڑنا — شہر بن کر کیوں ہے ویرانہ بنا

ده دهش اکنون که چون شهرت نمود — تا نباید رخت در ویران گشود
چھوڑ اسے جو شہر آتا ہے نظر — تا نہ ویرانے میں ہو تیرا گذر

ده دهش اکنون که صد بستانت هست — تا نمانی عاجز و ویران پرست
چھوڑ اس کو باغ ہیں سینکڑوں — تا نہ تو ویران اور عاجز ہو رہوں

گفت پیغمبر که جنت از اله — گر همی خواهی ز کس چیزی مخواه
بولے سرور فکر جنت ہے اگر — تو کسی سے کچھ نہ مانگ اے بے خبر

چوں نخواہی من کفیلم مر ترا — جنت الماوا و دیدار خدا

میں ہوں ضامن، پھر تجھے ہو گا عطا — جنت الفردوس، دیدار خدا

آں صحابی زاں کفالت شد عیار — تا یکے روزے کہ گشتہ بد سوار

اک صحابی نے کیا جب امتحاں — تو سواری پر وہ نکلے ناگہاں

تازیانہ از کفش افتاد راست — خود فرود آمد ز کس چیزے نخواست

ہاتھ سے کوڑا جو اُن کے گر پڑا — خود ہی اُترے اور لیا اس کو اُٹھا

آنکہ از دادش نیاید ہیچ بد — داند او بے خواہشی خود میدہد

جو یہ جانے یہ نہیں داد و عطا — بے طلب دیتا ہے وہ ہے جانتا

ور بامر حق بخواہی ہم رواست — آں چناں خواہش طریق انبیاست

امر حق سے مانگنا بھی ہے روا — ایسی خواہش ہے طریق انبیا

بد نماند چوں اشارت کرد دوست — کفر ایماں شد چو کفر از بہر اوست

بد کہاں؟ جب ہوں اشارت دوست کے — کفر ایماں ہے جو ہو اس کے لئے

ہر بدی کہ امر او پیش آورد — آں ز نیکی‌ہائے عالم بگذرد

جو بدی ہو حکم سے اس کے عیاں — پست ہیں اس سے جہاں کی نیکیاں

زاں صدف گر خستہ گردد نیز پوست — دہ مدہ کہ صد ہزاراں در دروست

اُس صدف سے ہو جو خستہ جسم بھی — [illegible] مت - اس میں ہیں موتی لاکھوں ہی

ایں سخن پایاں ندارد باز گرد — سوئے شاہ و ہم مزاج باز گرد

اس سخن کی حد نہیں، پھر لوٹ جا — سوئے سلطان[1] و مزاج بے بقا

باز رو در کاں چو زر دہ دہی — تا رہد دستان تو از دہ دہی

زر خالص کی طرح مل کان سے — تا تجھے نقصوں سے چھٹکارا ملے

۱؎ سلطان مراد روح ہے اور بدل جانے والا مزاج "نفس" کو کہا ہے۔

صورت بد را چو در دل رہ دہند | از ندامت آخرش ہم وا دہند

صورت بد کو جو دل میں راہ دیں | ترک پھر اس کو ندامت سے کریں

دزد را چوں قطع دستی شد بدید | ذوق دزدی را چو زن وہ میدہد

ہاتھ کٹنے کا جو کہ ہو چور کو | ذوق سے چوری کے کیوں تائب نہ ہو

دیدہ وہ دادن از دست جزیل | وہ یادون نیں بریدہ دست بیل

ہاتھ سے دیتے ہوئے دیکھا وہ لے | اب کٹے ہاتھوں سے دنیا دیکھ لے

ہمچنین قلاب توفی دلو شد | وقت تلخی عیش را وہ میدہند

بس یہ تھی خوبی دعا باز اور بڑھے | وقت تلخی عیش کے تارک ہوئے

توبہ سے آرند ہم پروانہ وار | باز نسیان میکشد شاں سوئے کار

توبہ کو کرتے ہیں وہ پروانہ وار | بھول کر کرتے ہیں پھر کام اختیار

ہمچو پروانہ ز دوری آں نار را | نور دیدہ بستہ آں سو یار را

دور سے پروانوں نے دیکھی جو نار | نور جانا اور ہوئے اس پر نثار

چوں بیامد سوخت پرش اگر بخت | باز چوں طفلاں فتادو مے ریخت

جب گرے اور پر جلے بھاگے ہیں | پھر گرے طفلانہ رو رو کر جلیں

بار دیگر بر گمان و طمع سود | خویش را اندر لہیب شمع زود

حرص اور لالچ میں پڑ کر بے گماں | شمع کے شعلوں پہ گرتے ہیں وہاں

بار دیگر سوخت ہمچو آں بجست | باز کردش حرص دل ناسی و مست

لوٹ جاتے ہیں جو پھر جلتے ہیں ہم | مد کیا پھر کرو ہے مستا و بے خبر

آں زماں کز سوختن وا مے جہد | ہمچو ہندو شمع را وہ میدہد

جلنے لگتے پھر جو بچتا ہے وہ خام | پھر زلا ہے شمع کو جیسا غلام

کاے رخت تاباں چو شمع دلفروز | وے فریبت کاذب و مغرور سوز

تیرا رخ ہے شمع سا روشن دلفروز | فریب کاذب اور ہے زور سوز

بازْ از یادش برود توبہ و اَنین | کانْ مُوهِنُ کَیْدِ الکافرینْ[1]

نالہ و توبہ کو پھر سے بھولتا | کیدِ کافر سست کرتا ہے خدا

کُلَّمَا اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ[2] کی تفسیر

کُلَّمَا هُمْ اَوْقَدُوْا نَارًا لِوَغٰی | اَطْفَاهَا اللّٰهُ نَارَهُمْ حَتّٰی انْطَفَا

آگ جب روشن لڑائی کی ہوئی | تو اُسے حق نے بجھایا - بجھ گئی

عزم کردہ کہ دلا اینجا بایست | گشتہ ناسی عزم زانکش عزم نیست

عزم کرتے ہیں نہ رُک اے دل یہاں | بھولتے ہیں - عزمِ صادق ہے کہاں

چوں نبودش تخمِ صدقے کاشتہ | حق براں نسیاں بگماشتہ

راستی کا بیج جب بویا نہ تھا | حق نے اُن پر بھول کو غالب کیا

گرچہ بر آتش زنہ دل میزند | آں ستارہ اش کفِ حق میکشد

دل تو ہے لوٹا ہوا چقماق پر | وہ بجھائے آگ کو اُس کی مگر

ایک خواجہ اور ایک چور

رفت وقتے شب بخانہ پاک رگ | از رہِ پنہاں درآمد چوں گرگ

چور اک شب کو کسی کے گھر گیا | راہ پوشیدہ سے جیسے بھیڑیا

آسماں پر مجھ کو کھینچا خواب سے　　ساتھ اس کے بڑھ گئے رتبے مرے

گفتم ایں ماخولیا بود و محال　　ہیچ گردد مستحیلے وصف حال
میں نے اس کو خبط جانا اور محال　　کیا کبھی ہوتا ہے ناممکن کبھی حال؟

چوں ترا دیدم بدیدم خویش را　　آفریں آں آئینہ خوش کیش را
آپ کو دیکھا تو خود آیا نظر　　آفریں آئینۂ خوش کیش پر

چوں ترا دیدم محالم حال شد　　جان من مستغرق اجلال شد
حال تجھ کو دیکھ کر ٹھہرا محال　　ہو گیا مستغرق جاہ و جلال

چوں ترا دیدم من اے روح البلاد — شہر ایں خورشید از چشمم فتاد
آپ کو دیکھا جو اے شہروں کی جاں — گر گیا سورج نظر سے بے گماں

گشت عالی ہمت از تو چشم من — جز بخواری ننگرم اندر زمن
آپ سے آنکھوں کی ہمت بڑھ گئی — ذلت و خواری ہے دنیا میں بھری

نور جستم خود بدیدم نورِ نور — حور جستم خود بدیدم رشک حور
نور ڈھونڈا اور دیکھا نورِ نور — حور کو ڈھونڈا تو پایا رشک حور

یوسفے جستم لطیف و سیم تن — یوسفستانے بدیدم در تو من
ڈھونڈا اک یوسف لطیف و سیم بر — یوسفستاں آپ کو دیکھا مگر

در پے جنت بدم در جستجو — جنتے بنمود از ہر جزو تو
جستجوئے خلد میں تھا میں پڑا — آپ کا ہر جزو جنت بن گیا

ہست ایں نسبت بمن مدح و ثنا — ہست ایں نسبت بتو قدح و ہجا
میری نسبت سے یہ ہے مدح و ثنا — آپ کی نسبت سے ہجو بر ملا

ہمچو آں مرد چوپان سلیم — مر خدا را پیش موسےٰ کلیم
قدح جیسے تھا گڈریا کر رہا — اُس خدا کی پیش موسیٰ با صفا

کہ بجویم اشپشت شیرت دہم — چارقت وا دوزم و پیشت نہم
ہیں جوئیں دیکھوں تری اور دودھ دوں — سامنے جوتا ترا سی کر رکھوں

قدح او راحق بمدحے برگرفت — گر تو ہم رحمت کنی نبود شگفت
ہجو اُس کی مدح سمجھا کبریا — آپ بھی رحمت کریں تو ہے بجا

رحم فرما بر قصور فہمہا — اے ورائے فہمہا و وہمہا
رحم اے آقا قصورِ فہم پر — تُو تو فہم و وہم سے ہے دور تر

ایہا العشاق اقبال جدید — از جہان کہنہ نو دور رسید
اے کہاں عشاق اقبال جدید — ہے جہانِ کہنہ میں دورِ سعید

این جہاں کو چارۂ بیچارہ جوست | صد ہزاراں نادرہ عالم دروست

چارۂ بے چارگاں ہے جو جہاں | ہیں نوادر اس میں اب جلوہ کناں

ابشروا یا قوم اذ جاء الفرج | افرحوا یا قوم قد زال الحرج

مژدہ ہو اے قوم فرحت آ گئی | جشن منا اے قوم اب سختی گئی

آفتابے رفت در کازہ ہلال | در تقاضا کہ ارحنا یا بلالؓ

آفتاب آیا سوئے بیت ہلال | یہ تقاضا ہے کہ راحت[1] دے بلالؓ

زیر لب مے گفتے از بیم عدو | کوری او بر منارہ رو بگو

خوف سے دیتا تھا زیر لب اذاں | چڑھ کے اب مینار پر دے بے گماں

مے دمد در گوش ہر غمگیں بشیر | خیز اے مدبر رہ اقبال گیر

ہے بشارت، از پئے ہر غمزدہ | بد نصیب، اقبال کا لے راستہ

اے دریں حبس و دریں گندہ پیش | ہیں کہ تا کس نشنود رستی خمش

چھوڑ کر یہ قید اور یہ گندگی | چپ نکل جاتا نہ واقف ہو کوئی

چوں کنی خامش کنوں اے یار من | کز بن ہر مو برآمد طبل زن

لیکن اب خاموش تو کیونکر رہے | ہر بن مو سے ہیں نقارے بجے

آں چناں کر شد عدو در شک خود | کو بدیں چندیں دہل را بانگ کو

اس قدر بہرا ہے دشمن بالیقیں | ڈھول کی آواز بھی سنتا نہیں

مے زند بر روش ریحاں کہ طیست | او ز کوری گوید ایں آسیب چیست

پھول تازہ تو ہے اس پر پھینکتا | کہتا ہے اندھا یہ آئی کیا بلا

مے شکنجد نور و دستم مے کشد | کور حیراں کز چہ دردم مے کشد

ہاتھ میرا نور کھینچے ہے بتا | کور حیراں ہے کہ ہے یہ درد کیا

[1] مراد یہ ہے کہ اذاں دے کر راحت پہنچا۔

این کشاکش چیست بر دست ستم — خفتہ‌ام بگذار تا خوابے کنم

کیا کشاکش ہے یہ میرے جسم پر — سو رہا ہوں سونے دے حیراں نہ کر

آنکہ در خوابش ہمے جوئی ویست — چشم بکشا کاں بہی نیکو پیست

خواب میں ڈھونڈتا تھا جس کو ہے یہی — کھول آنکھیں دیکھ صورت چاند سی

زاں بلاہا بر عزیزاں بیش بود — کاں تجمش یار با خوباں نمود

عاشقوں پر یوں بلائیں ہیں سوا — یار گل رویوں پہ سب شیدا ہو گیا

لاغ با خوباں کند در ہر دمے — نیز کوراں را بشوراند گہے

چھیڑ معشوقوں سے کرکے ہر گھڑی — ڈالتا ہے شورشیں اندھوں میں کبھی

خویش را یکدم بدیں کوراں دہد — تا غریو از کوئے کوراں بر جہد

کرتا ہے اُن کے حوالے آپ کو — تا کہ ان اندھوں میں پیدا شور ہو

بلال اور اس کے شوق ایمان کا قصہ

چوں شنیدی بعضے از قصۂ بلال — بشنو اکنوں قصۂ ضعف ہلال

سن چکا تو کچھ حکایات بلال — سن ذرا اب قصۂ ضعف ہلال

از بلال او بیش بود اندر روش — خوئے بد را پیش کردہ بد کنش

یہ روش میں ابھی اُن سے بڑھ گئے — خوئے بد کھو دی سب اپنی ذات سے

نے چو تو پس رو کہ ہر دم پست ترے — سوئے سنگے میروی از گوہرے

نہ ایسے تو ہے جیسا پست تر — سنگ پر مائل ہے گوہر چھوڑ کر

ہمچناں کاں خواجہ را مہماں رسید — خواجہ از ایام سالش بر پرسید

جیسے اک خواجہ کا تھا اک میہماں — پوچھا خواجہ نے ہے کیا عمر اے جواں

؎ ان اشعار میں اندھے سے مراد "مجازی عشق" ہے ؎

گفت عمرت چند سال است اے پسر	باز گوے در مدزد و بر شمر
کے برس کی عمر ہے اب اے پسر	صاف کہہ کوئی فریب اس میں نہ کر
گفت ہجدہ ہفدہ نے شانزدہ	اے برادر خواندہ یا کہ پانزدہ
پہلے اٹھارہ کہا پھر سترہ	پھر کہا سولہ، بالآخر پندرہ
گفت واپس واپس اے خیرہ سرت	باز میرو تا بکس مادرت
بولا خواجہ لوٹ جا اے خیرہ سر	کس مادر تک یونہی جا لوٹ کر
آں یکے اسپے طلب کرد از امیر	گفت رو آں اسپ اشہب را بگیر
مانگا اک گھوڑا کسی نے ایک سے	بولا جا وہ سبزہ[1] گھوڑا کھول لے
گفت آں را من نخواہم گفت چوں	گفت او واپس رو است و بس حروں
بولا وہ لوں گا نہیں، پوچھا یہ کیا!	بولا وہ پس رو ہے اور سرکش بڑا
سخت پس پس میرود او سوئے بن	گفت دمش را بسوئے خانہ کن
ڈالتا ہے جانب پس اپنے سم	بولا خواجہ گھر کی جانب کر دے دم
دم ایں استور نفست شہوت ست	زاں سبب پس پس رود آں خود پرست
دم ہے شہوت نفس کی پہچان لے	اس کے پیچھے پڑ لیے اس لئے
شہوت او را کہ دم آمد ز بن	اے مبدل شہوت عقبیش کن
اس کی شہوت کو جو دم ہے اے فلاں	گر دہ تاک سے بدل دے بے گماں
چوں ببندی شہوتش را از رغیف[2]	سر کند آں شہوت از عقل شریف
روکے گا تکیا سے شہوت کو اگر	عقل میں پیدا ہو گی وہ شہوت جلوہ گر
ہمچو شاخے کہ ببری از درخت	سر کند قوت ز شاخ اے نیکبخت
جس طرح جب شاخ کاٹیں پیڑ کی	شاخ میں پیدا ہو اک قوت نئی

ا؎ سبزہ - ابلق

۲؎ کم کھانے سے مراد ہے

چونکہ کردی دمِ او را آن طرف	گر رود واپس رود تا مکتنف
دم جو کردی اُس طرف لے خوش نگاہ	اب وہ لوٹے گا سوئے جائے پناہ
چند اسپان را ہم پیش رو	سے بسے روئے حرونی را گرو
ہیں مبارک پیشرو اسپان رام	جو نہ سرکش ہیں نہ پس رو لاکلام
گرم رو چون جسمِ موسیٰ کلیم	تا بہ بحرینش چو پیشانئے کلیم
تیز رو ہیں صورتِ جسمِ کلیمؑ	مجمع البحرین تھا اُمید کلیمؑ[1]
ہست ہفصد سالہ راہِ آن حقب	کہ بکرد او عزم در سیران حقب
ہفت صد سالہ تھا رستہ بحر کا	جب ارادہ سیر کا اُس نے کیا
ہمت سیرِ تنش چون این بود	سیرِ جانش تا بہ علیین بود
جب ہو سیرِ تن کی ہمت اس قدر	سیرِ جاں کیوں ہو نہ علیین[2] پر
شہسواران در سباقت تاختند	خربطان در پایگاہ انداختند
لے گئے سبقت جو گذرے شہسوار	تھے جو بیٹھے گندگی میں ہیں نزار
آن چنانکہ کاروانے در رسید	در دہے آمد درے را باز دید
جیسے اک قصبے میں پہنچا قافلا	دیکھا اُس نے اک گھر کا دروازہ کھلا
آن یکی گفتا درین سرمائے سخت	چند روز اینجا بنہید از پئے رخت
ایسے جاڑے میں کہاں سردی میں جائیں	آؤ کچھ دن تک یہیں بستر جمائیں

[1] یعنی حضرت موسیٰؑ جب حضرت خضرؑ کی ملاقات کے لیے مجمع البحرین کی طرف چلے تو گو اس کی مسافت سات سو برس کی راہ تھی مگر شوق و محبت کی وجہ سے ایک کھیل سے زیادہ نہ تھی۔ کما قال اللہ تعالیٰ وقال موسیٰ لفتٰہ لا ابرح حتّٰی ابلغ مجمع البحرین او امضی حقبا۔ یعنی حضرت موسیٰؑ نے اپنے شاگرد سے کہا کہ میں ہمیشہ اس کی طلب میں رہوں گا۔ چاہے کتنے ہی سال گذر جائیں۔

[2] بہشت کے اعلیٰ ترین درجے۔

بانگ آمد نے بند از بروں | وانگہانے اندر آ تو اندروں
آئی اک آواز سامان چھوڑ کر | اندر آ آنے کی خواہش ہے اگر

ہم بروں افگن ہر آنچہ افگندی ست | در ہیا با آنکہ ایں مجلس سنی ست
پھینک دے باہر جو کچھ ہے پھینکنا | ہے یہ اک محفل بزرگ و پُر ضیا

بد بلال استاد و دل جاں روشنے | سائس و بندہ امیر مومنے
تھا بلال رض استاد روشن دل تمام | ایک مومن کا تھا سائیس اور غلام

سائسی کردے و در آخر آں غلام | لیک سلطان سلاطین بندہ نام
اصطبل میں گو وہ اک سائیس تھا | شاہوں کا تھا شاہ، بندہ نام کا

سائس اسپان و نفس خویش ہم | از خراوال کس نشدہ در پیش ہم
نفس کا سائیس تھا، گھوڑوں کا بھی | پھیر لوگوں کی نہ آئیں کے در پہ تھی

آں امیر از حال بندہ بے خبر | کہ نبودش جز بلیسا نہ نظر
حال سے اس کے تھا خواجہ بے خبر | بلکہ ابلیسانہ تھی اس کی نظر

آب و گل میدید و در وے گنج نے | پنج و شش میدید و اصل پنج نے
آب و گل دیکھا نہ دیکھا گنج زر | پنج و شش میں اصل سے تھا بیخبر

رنگ طیں میدید و در وے دیں نہاں | ہر پیمبر ایں چنیں بد در جہاں
ظاہرا مٹی تھی اور دیں تھا چھپا | ہر پیمبر دہر میں ایسا ہی تھا

آں ستارہ دید و بپوشیدے مرغ نے | پر ستارہ شاہباز پر رفتہ
دیکھا ستارہ نہ مرغ آیا نظر | مرغ بھی کیسا کہ تھا عالی گہر

وانکہ میدید مرغ پر زنے | لیک موئے بر زبان مرغ نے
دیکھتا تھا مرغ پر بن دوسرا | بال لیکن مرغ کے منہ پر نہ تھا

آنکہ او ینظر بنور اللہ بود | ہم ز مرغ و ہم ز موئے آگہ بود
ہو جو کوئی ناظر نور خدا | دیکھے بال اور مرغ دونوں برملا

گفت آخر چشم سوئے موئے نہ	تا ببینی مو نہ بکشا پد گرہ
مرغ و مو دونوں پہ رکھ اپنی نظر	کیا گرہ وا ہو، نہ دیکھے بال اگر
آں یکے گل و پایش در وحل	واں دگر دل دید بہر علم و عمل
دیکھی اس نے پیچ میں نقشیں گل	اس نے دیکھا علم سے لبریز دل
تن منارہ علم و طاعت ہمچو مرغ	خواہ سی صد مرغ گیر و یا دو مرغ
تن منارہ علم و طاعت مرغ جاں	تین سو لے مرغ یا دو، جانِ جاں
مرد اوسط مرغ بین ست او و بس	غیر مرغے مے نبیند پیش و پس
مردِ اوسط ہیں وہی ہے جہاں سے	جو نہ دیکھے ما سوا اک مرغ کے
موئے آں نوریست پنہاں آن مرغ	کہ بدو پایندہ باشد جان مرغ
بال کیا ہے، نورِ پنہاں مرغ کا	جس سے جانِ مرغ کو ہے اک بقا
مرغ کاں مو نیست در منقار او	ہیچ عاریت نباشد کار او
مرغ جو رکھتا ہے موئے عنبریں	عاریت کاموں میں اس کے کچھ نہیں
علم او از جان او جوشد مدام	پیش او نے عاریت باشد نہ وام
ذات سے اس کی ہے جوشش علم بھی	عاریت کی ہے نہ حاجت قرض کی

بلال رضؓ کی بیماری اور آنحضرتؐ کی بیمار پرسی

از قضا رنجور شد روئے بلال	مصطفیٰ را وحی شد غماز حال
ہو گیا بیمار اک دن وہ بلالؓ	مصطفیٰ پر وحی نے کھولا یہ حال
بد ز رنجوریش خواجہ بے خبر	کہ برو بد کساد و بے خطر
خواجہ تھا اس کے مرض سے بے خبر	کیونکہ وہ ناقدرداں تھا سربسر

ے تین سو مرغ سے مراد کثرتِ علم ہے اور دو مرغ یعنی قرآن وحدیث جو اصل
علوم ہیں ۱۲

خفتہ شد روز اندر آخر محسنے ‖ ہیچ کس از حال او آگاہ نے
سوتا تھا اصطبل میں نو روز سے ‖ لوگ اس کے حال سے واقف نہ تھے
آنکہ کس بود و شہنشاہ و کساں ‖ عقل چوں صد قلزمش ہر جا رواں
مصطفیٰ تھے بادشاہ بیکساں ‖ مثل صد قلزم تھی عقل ان کی رواں
وحیش آمد رحیم حق غمخوار شد ‖ کہ فلاں مشتاق تو بیمار شد
وحی لائی رحمت رب جلیل ‖ وہ جو ہے مشتاق تیرا ہے علیل
مصطفیٰ بہر بلال باشرف ‖ رفت از بہر عیادت آں طرف
مصطفیٰ بہر بلال باشرف ‖ پہنچے کرنے کو عیادت اس طرف
در پئے خورشید وحی آں مہ رواں ‖ واں صحابہ در پئش چوں اختراں
چاند بہر وحی کے پیچھے چلا ‖ مثل انجم اس کے پیچھے اصفیا
ماہ می‌گوید کہ اصحابی نجوم ‖ للسری قدوہ و للطاغی رجوم
تارے ہیں اصحاب - ہے ارشاد ہاں ‖ رہبر شب رو - رجوم سرکشاں
میر را گفتند کاں سلطاں رسید ‖ او ز شادی بیدل و جاں برجہید
آمد سلطاں کی خواجہ کو خبر ‖ جب ملی - خوش ہو گیا وہ سربسر
برگمان آں ز شادی زد دو دست ‖ کاں شہنشہ بہر آں میر آمدہ است
اس خوشی سے تھا بجاتا تالیاں ‖ میرے پاس آئے ہیں سلطان جہاں
چوں فرود آمد ز غرفہ آں امیر ‖ جاں ہمے افشاند پامزد بشیر
آیا کوٹھے سے اتر کر وہ امیر ‖ جاں چھڑکی، بہر پا مزد بشیر

لہ اصحاب کبار رضی اللہ عنہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اَصحابی کالنجوم بایّہم اقتدیتم اہتدیتم - یعنی میرے اصحاب ستاروں کی مانند ہیں جس کی پیروی کرو گے ہدایت پاؤ گے ۔ سہ رات کو چلنے والا سہ اٹھا بہکانے والے ۔ ٭ خبر مقدم ۔

پس زمیں بوس و سلام آورد او ‖ کرد رخ را از طرب چوں ورد او

پھر زمیں بوسی، کہا اس نے سلام ‖ منہ خوشی سے مثلِ گل تھا لالہ فام

گفت بسم اللہ مشرف کن وطن ‖ تا کہ فردوسے شود ایں انجمن

بولا بسم اللہ! حاضر ہے وطن ‖ غیرتِ فردوس ہو یہ انجمن

تا فزاید قصرِ من بر آسماں ‖ تا کہ دیدم قطبِ دوران زماں

گھر یہ رشتے میں ہو رشکِ آسماں ‖ سامنے ہے قطبِ دوران و زماں

گفتش از بہرِ عتاب آں محترم ‖ من برائے دیدنِ تو نامدم

بولے غصے سے اسے سلطانِ دیں ‖ تجھ سے ملنے میں یہاں آیا نہیں

گفت روحم بہرِ تو خود روح چیست ‖ ہاں بفرما کیں تجشّم بہرِ کیست

بولا میری روح حضرتؐ پر فدا ‖ اور بتائیے باعثِ تکلیف کیا؟

تا شوم من خاکِ پائے آں کسے ‖ کہ بباغِ لطف نشتش مغرسے

تاکہ خاکِ پا بنوں اس شخص کی ‖ ہے عنایت آپ کی جس پر ہوئی

چوں چنیں گفت او و نخوت ہا براند ‖ مصطفٰیؐ ترکِ عتاب او و بخواند

جب وہ عاجز ہو کے یوں کہنے لگا ‖ ہو گیا کم شد عتابِ مصطفٰےؐ

پس بگفتش کاں ہلالِ عرش کو ‖ ہمچو مہتاب از تواضع فرش کو

وہ ہلالِ عرش، پوچھا، ہے کہاں؟ ‖ چاندنی کی طرح پامالِ جہاں

آں شہے در بندگی پنہاں شدہ ‖ بہرِ جاسوسی بدنیا آمدہ

ہے جو بندہ میں چھپا وہ بادشا ‖ بہرِ جاسوسی جو ہے آیا ہوا

تو مگو کاں بندہ و آخر چی ماست ‖ ایں بداں کہ گنج در ویرانہاست

یہ نہ کہہ وہ ہے طویلہ کا غلام ‖ گنج ویرانے میں ہے وہ لاکلام

اے عجب چونست از سقم آں ہلال ‖ کہ ہزاراں بدر ہستش پائمال

کیا ہے بیماری سے اب حالِ ہلالؓ ‖ ہیں ہزاروں چاند جس کے پائمال

گفت از رنجش مرا آگاہ نیست ۔ لیک بس روزے چند بر درگاہ نیست

بولا خواجہ رنج سے ہوں بے خبر ۔ وہ کئی دن سے نہیں آیا ادھر

صحبت او با ستور و اشتر است ۔ سائس است و منزل او آخر است

اس کی صحبت میں پالی اشتر اور خر ۔ ہے وہ سائیس اور طویلے میں ہے گھر

رفت پیغمبر ﷺ برغبت بہر او ۔ اندر آخر آمد اندر جستجو

مصطفیٰ ﷺ رغبت سے ملنے کو گئے ۔ آ گئے تا اصطبل اس کو ڈھونڈنے

بود آخر مظلم و زشت و پلید ۔ این ہمہ برخاست چون بویش رسید

وہ ملوث تھا نجاست سے بھرا ۔ پہنچے جب سید تو بالکل پاک تھا

بوئے پیغمبر ببرد آن شیر نر ۔ ہمچنانکہ بوئے یوسف را پدر

سونگھی بوئے شاہ اس محبوب نے ۔ جس طرح یوسف کی بو یعقوب نے

موجب ایمان نباشد معجزات ۔ بوئے جنسیت کند جذب صفات

موجب ایماں نہیں کچھ معجزات ۔ بوئے جنسیت سے ہے جذب صفات

معجزات از بہر قہر دشمن است ۔ بوئے جنسیت سوئے دل بردن است

معجزے ہیں قہر دشمن کے لئے ۔ بوئے جنسی دلبری کے واسطے

قہر گردد دشمن اما دوست نے ۔ دوست کے گردد ببستہ گردنے

دشمنی مقہور نازاں دوستی ۔ باندھنا ہے کو نہ گردن دوست کی

اندر آمد او ز خواب از بوئے او ۔ گفت سرگین دان درون زین گونہ بو

آئی بوئے شاہ جب نکلا خواب سے ۔ بولا خوشبو ایسی تھانہ تو نہ دے

از میان پائے استوران بدید ۔ دامن پاک رسول بے ندید

پھر دل سے گئے وہ یہاں آیا نظر ۔ دامن پاک رسول بحر و بر

ف یہاں سے مولانا علیہ الرحمۃ کے اقوال ہیں ۔

پس ز رنج آخر آمد غزغزان ۔۔۔ روئے بر پایش نہاد آں پہلوان

پس گھسٹتا لوٹتا آیا اُدھر ۔۔۔ رکھ دیا پائے نبی پر اپنا سر

پس پیمبر روئے بر رویش نہاد ۔۔۔ بر سر و بر چشم درویش بوسہ داد

اُس کے منہ پر منہ پیمبر نے رکھا ۔۔۔ آنکھ سر اور چہرے پر بوسہ دیا

گفت یارا تو چہ پنہاں گوہری ۔۔۔ اے غریب عرش چونی خوشتری

بولے کیوں اے دوست اے گوہر چھپے ۔۔۔ حال کیا ہے اے مسافر عرش کے؟

گفت چوں باشد خود آں شوریدہ خواب ۔۔۔ کہ درآید در دہانش آفتاب

عرض کی ہیں تو ہوں وہ شوریدہ خواب ۔۔۔ جس کے منہ میں گھس گیا ہو آفتاب

چوں بود آں تشنۂ کو گل خورد ۔۔۔ آب از سر بنہدش خوش مے برد

کیا کرے وہ تشنہ لب کیچڑ جو کھائے ۔۔۔ پانی اس کو سر پہ رکھ کر لے ہی جائے

حضرت عیسیٰؑ کا پانی پہ چلنا اور ارشاد آنحضرتؐ

ہمچو عیسیٰ بر سرش گیرد فرات[1] ۔۔۔ کایمنے از غرقہ در آب حیات

جیسے عیسیٰؑ کو اٹھاتا تھا فرات ۔۔۔ غرق کر سکتا نہیں آب حیات

گفت احمدؐ[2] گر یقینش افزوں بُدے ۔۔۔ خود ہوایش مرکب و ہامون شدے

قول یہ ہے۔ گر یقیں ہوتا سوا ۔۔۔ خود سواری اُن کی بن جاتی ہوا

ہمچو من کہ بر ہوا راکب شدم ۔۔۔ در شب معراج مستصحب شدم

جیسے میں ہو کر ہم آغوش ہوا ۔۔۔ صحبتِ حق میں شب معراج تھا

گفت[3] چوں باشد سگے کورے پلید ۔۔۔ جست او از خواب و خود را شیر دید

بولا وہ ناپاک کتا کیا کرے ۔۔۔ خود کو دیکھے شیر اٹھ کر خواب سے

[1] فرات ایک مشہور دریا کا نام ہے۔ [2] آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قول ہے۔

[3] یہ گفتگو حضرت بلالؓ کی ہے۔

سنے چناں شیرے کہ کس تیرش زند ۔۔ بل ز بیمش تیغ و پیکاں بشکند

شیر وہ ہو تیر سے مارا نہ جائے ۔۔ بلکہ اس کے ڈر سے پیکاں تھرتھرائے

کور بر اشکم رود تا ہیچو مار ۔۔ چشم با بکشادہ در باغ و بہار

پیٹ کے بل کور سپنے مثل مار ۔۔ جب کھلیں آنکھیں ملے باغ و بہار

چوں بود آں چوں کہ از چونی رہد ۔۔ در حیاتستان بیچونی رسد

اس کو دیکھو جو کرے ترک مثال ۔۔ عالم بے چوں میں ہو فرخندہ حال

گشت چونی بخش اندر لامکاں ۔۔ گرد خوانش جملہ شیراں چوں سگاں

جب ہوا بے چونی کا قاسم لامکاں ۔۔ شیر کتوں کی طرح سے گرد خواں

او ز بے چونی دہد شاں استخواں ۔۔ در جنابت تن زن ایں سورہ مخواں

اس نے بے چونی سے ہڈی ان کو دی ۔۔ پڑھ نہ یہ سورت، نجس ہے تو ابھی

تا ز چونی غسل ناری تو تمام ۔۔ ہیں بریں مصحف منہ کف اے غلام

غسل جب تک ہو نہ چونی سے ترا ۔۔ ہاتھ اس مصحف پہ رکھنا ہے برا

گر پلیدم ور نظیفم اے شہاں ۔۔ ایں نخوانم پس چہ خوانم در جہاں

پاک یا ناپاک میں تیرا ہی ہوں ۔۔ کیا پڑھوں آخر نہ گر اس کو پڑھوں

تو مرا گوئی کہ از بہر ثواب ۔۔ غسل ناکردہ مرو در حوض آب

تو یہ کہتا ہے کہ از بہر ثواب ۔۔ جا نہ قبل غسل سوئے حوض آب

ہر کہ اندر حوض ناید پاک نیست ۔۔ وز برون حوض غیر خاک نیست

جو نہ آئے حوض میں ہو پاک کیا ۔۔ اور باہر ہے سراسر خاک کیا

گر نباشد آبہا را ایں کرم ۔۔ کہ پذیرد مر خبیث را او بہم

ہو نہ پانی میں جو یہ شان کرم ۔۔ کیوں لیا کیا نجاست کو نوازتے یا بہم

سلہ چونی۔ بے چونی کی ضد ہے جس طرح چگونگی ہے چگونگی کی مقابل مثال اور عالم

وائے بر مشتاق و بر امید او	حسرتا بر حسرت جاوید او
حیف ہو مشتاق کی امید پر	حسرت اس کی حسرت جاوید پر
آب دارد صد کرم صد احترام	کہ پلیدان را پذیرد والسّلام
حرمت و بخشش سے پانی ہیں مگر	ہے پلیدوں پر نوازش بیشتر
اے ضیاء الحق حسام الدین کہ نور	پاسبان تست از شر الطیور
اے ضیاء الحق ہے تیرا نور ہاں	طائروں کے شر سے تیرا پاسباں
پاسبان تست نور و ارتقاش	اے تو خورشید مستر از خفاش
ہے نور کا نور و بلندی پاسباں	تو ہے چمگادڑ سے خورشید نہاں
چیست پردہ پیش روئے آفتاب	جز فروغ و شعشع و تیزی تاب
کونسا پردہ ہے پیش آفتاب	ہے فقط پیش نظر تیزی و تاب
حجب ایں خورشید ہم نور وے است	بے نصیبان وے خفاش ست و شب
نورِ رب پردہ ہے اس خورشید کا	بے نصیب اس سے ہیں اندھے۔ بے ضیا
ہر دو چوں در بعد و پردہ ماندہ اند	یا سیہ رویان فسردہ ماندہ اند
دونوں دوری سے باہم پردے ہیں پڑے	گل شہوں کے ساتھ ہیں کٹھ پتلی سے اکڑے
چوں نوشتی بعضے از قصۂ ہلال	داستان بدر آر اندر مقال
لکھا کچھ قصہ ہلال زار کا	داستان بدر بھی اب کچھ سنا
آں ہلال و بدر دارند اتحاد	از دوئی دور اند و از نقص و فساد
ہے ہلال و بدر میں اک اتحاد	دور رکھتا ہے انہیں نقص و فساد
آں ہلال از نقص در باطن بری است	آں بظاہر نقص تدریج آوری است
نقص سے ہے پاک باطن میں ہلال	ہے بظاہر نقص تدریج و کمال

لہ بدفالی اور شومی سے مراد ہے۔ جیسا کہ اکثر لوگ بعض پرندوں کی پرواز اور بعض کی آواز مبارک جانتے ہیں۔۔ اور ان سے اچھے اور برے شگون لیا کرتے ہیں +

درس گوید شب بشب تدریج را   در تانی بر دہد تفریج را

شب کو دیتا ہے سبق تدریج کا   ہے تامل ہی کا پھل فرحت فزا

در تانی گوید اے عجول خام   پایہ پایہ بر تواں رفتن بہ بام

کہتا ہے اے جلد باز اب غور کر   چڑھتے ہیں ایک ایک سیڑھی بام پر

دیگ را تدریج و استادانہ جوش   کار ناید قلیہ دیوانہ جوش

دیگ میں آتا ہے آہستہ دانہ جوش   اور ہے قلیہ کا کستا تھانہ جوش

حق نہ قادر بود بر خلق فلک   در یکے لحظہ بکن بے ہیچ شک

کیا نہ تھا قادر خداوند جہاں   کرتا لحظہ میں بنانے آسماں؟

پس چرا شش روز آں را بر کشید   کل یوم الف عام اے مستفید

کیوں کیا چھ روز میں پھر آشکار   وہ بھی اک دن میں برس کتنے اک ہزار؟

خلقت آدم چرا چل صبح بود   اندر آں گل اندک اندک می‌فزود

خلقت آدم میں کیوں چلہ لگا   تھوڑی تھوڑی مٹی بڑھتا رہا؟

بدیں سحر تا آں سحر سال ہزار   تا بہ آخر یافت ایں صورت قرار

صبح سے تا صبح کتنے سال اک ہزار   پایا یوں آخر کو صورت نے قرار

خلقت طفل از چہ اندر نہ مہ است   زانکہ تدریج از سنتہائے شہ است

بچہ کیوں پیدا ہوا نو ماہ میں؟   ہے تامل سنت اللہ میں

نے چو تو اے خام کانوں تاختی   طفلے خود را تو شیخے ساختی

ورنہ کیا تیری طرح اے خامکار   بن گیا بچپن میں شیخ نامدار

بر دویدی چوں کدو فوق ہمہ   کو ترا پائے جہاد و ملحمہ

تو کدو کی طرح سب سے بڑھ گیا   تجھ میں کیا دم ہے جہاد و جنگ کا

تکیہ کردی بر درختان و جدار   بر شدی اے قرعک اہم قرع دار

تکیہ سے دیوار اور پیڑوں پہ تو   چڑھ گیا اے سمجھے مانند کدو

اول ارشد سر کشت سرو سہی | لیک آخر گشت بے مغز و تہی
گو کہ سر لب تھا ترا سرو سہی | پھر رہا آخر کو بے مغز و تہی

رنگ سبزت زرد شد اے ترنج زرد | زانکہ از گلگونہ بود اصلی نبود
سبز رنگ آخر ترا زرد آگیا | کیونکہ وہ اصلی نہ تھا غازہ ترا

نوّے سال کی بڑھیا

بود پیرے نود سالہ کلاں | پر تشنج روئے و رنگش زعفراں
بوڑھی اک عورت تھی نوّے سال کی | جھریاں منہ پر تھیں، رنگت زرد تھی

چوں سر سفرہ رخ او تو بتو | لیک در وے بود مادہ عشق شو
جیسے دسترخوان تھا منہ سمٹا ہوا | عشق شوہر اس کو تھا لیکن بڑا

ریخت دنداں ہاش و مو چوں شیر شد | قد کماں و ہر حسش تغییر شد
مو سپید اور دانت تھے ٹوٹے ہوئے | قد کماں، ہوش و حواس اس کے گئے

عشق شوی و شہوت و حرصش تمام | صید خواہ و پارہ پارہ گشتہ دام
حرص و شہوت کا عشق شوہر بار بار | جال بوسیدہ مگر شوق شکار

مرغ بے ہنگام و راہ بیرہی | آتشے پُر دور دیگ و پایہ تہی
کج روی سے مرغ بے ہنگام تھی | آگ زیر دیگ خالی تھی بھری

عاشق میداں و اسپ و پائے نہ | عاشق زخمہ و لب و سرنائے نہ
اسپ و میداں کی ہوس اور پاؤں لنگ | نے نوازی کی تھی دُھن بے ساز و چنگ

حرص در پیری جہوداں را مباد | اے شقی کش خدا ایں حرص داد
دے نہ حرص ایسی بڑھاپے میں خدا | حرص جس نے کی - شقی وہ ہو گیا

ریخت دنداں ہائے سگ چوں پیر شد | ترک مردم کرد و سرگیں گیر شد
ٹوٹے جب دنداں سگ بڈھا ہوا | آدمی کو چھوڑ، سرگیں پر گرا

ایں سگان شصت سالہ را نگر	ہر دمے دندان سگشان تیزتر
ساٹھ سالہ ہیں یہ وہ کتے مگر	دانت ان کے ہو رہے ہیں تیز تر
پیر سگ را ریخت پشم از پستیہا	ایں سگان پیر اطلس پوش بیں
بڈھے کتوں کے تو جھڑ جاتے ہیں بال	پہنے ہیں یہ کتے اطلس اور شال
عشقشان و حرصشان در فرج و زر	دمبدم چوں نسل سگ بیں بیشتر
فرج و زر کی حرص ہے اور عشق انہیں	نسل سگ کی طرح ہیں افراط میں
ایں چنیں عمرے کہ مایہ دوزخ ست	مر قصابان غضب را مسلخ ست
مایہ دوزخ ہے ایسی عمر بھی	مذبح قہر الہی ہے یہی
چوں بگویندش کہ عمرے تو دراز	میشود دل خوش دہانش از خندہ باز
جب کہے کوئی کہ عمر دو حسب مراد	باچھیں کھل جاتی ہیں ہو جاتے ہیں شاد
ایں چنیں نفریں دعا پندارد او	چشم نگشاید سرے برنارد او
ایسی لعنت کو دعا کہتے ہیں وہ	بند آنکھوں کو کئے رہتے ہیں وہ
گر بدیدے یکسر موے از معاد	اوش گفتے کایں چنیں عمرت مباد
دیکھتے واقف جو ذرا انجام سے	کہتے ایسی عمر تو تجھ کو ملے

خواجہ گیلان اور ایک بھکمنگا

گفت یک روزے بخواجہ گیلیے	نان برسم نیز گرداز زنبیلیے
خواجہ گیلانی سے اک دن یوں کہا	ایک بھکمنگے نے جھگڑالو جو تھا
نان نخواہ یا بدہ مرا تا ان وہ مرا	تا بگویم مر ترا ایں یک دعا
نان نہ دو یا روٹی جا سے سے دو جانا	تا کہ میں بھی تجھ کو دے دوں اک دعا

لیکن خدا کے فرشتے اور دشمن ایسی ہی عمر میں ان لوگوں کی عذاب و قہر سے کھا ہی جاتے ہیں۔

چون ستد زو نان بگفت ای مستعان　　خوش بخانش بان خود بازش رسان

روٹی اس سے لی جب دی یہ دعا　　اس کو گھر تک اس کے پہنچا اے خدا

گفت اگر آنست خان کہ دیدہ ام　　حق ترا آنجا رساند اے دژم

بولا خواجہ میں نے دیکھا ہے جو گھر　　ہے اگر وہ ہی تو جائے تو ادھر

ہر محدث را خسان بد دل کنند　　حرفش ار عالی بود نازل کنند

کرتے ہیں بد دل سخن گو کو کمیں　　پست کر دیتے ہیں قول بہتر ہیں

زانکہ قدر مستمع آید نبا　　بر قد خواجہ برد درزی قبا

سننے والے کے مطابق ہو سخن　　ناپتا ہے قد پہ درزی پیرہن

چونکہ مجلس بے چنین پیغارہ نیست　　از حدیث پست نازان چارہ نیست

طعن سے خالی نہیں مجلس کوئی　　اس لئے باتیں بھی یاں اچھی بری

داستان ہیں این سخن را از گرو　　سوئے دستان عجوزہ باز رو

رہن باتوں کو چھوڑا اے ذی شرف　　یعنی چل چل بڑھیا کے قصے کی طرف

بڑھیا کا قصہ

چون مسن گشت و درین رہ نیست مرد　　تو بنہ نامش عجوزہ سال خورد

جب مسن ہو مرد ایسے میداں کا نہ ہو　　تو کہو نانا اُس کو بڑھیا تم کہو

نے مراورا رأس مال و مایہ　　نے پذیرائے قبول پایہ

اب نہ اس کے پاس دولت ہے نہ مال　　اور ہے اب تو قبولیت محال

نے دہندہ نے پذیرندہ خوشی　　نے درو معنی نے وے معنی کشی

اب نہ خوش ہے اور نہ خوش کرتا ہے وہ　　اُس میں معنی کیا کہ بے معنی ہے وہ

لہ یہ اقوال مولانا علیہ الرحمۃ کے ہیں۔ لہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ "کلموا الناس علی قدر عقولہم" یعنی لوگوں سے اُن کی عقل کے مطابق باتیں کرو۔

نے زباں نے گوش نے عقل و بصر ۔۔۔ نے ہُش و نے بیہشی و نے فکر

اب زباں ہے اور نہ عقل و امتیاز ۔۔۔ ہوش ہے اور بے ہشی سے بے نیاز

نے نیاز و نے جالبِ ہر ناز ۔۔۔ توتوِ ریشش گندہ مانندِ پیاز

اب جمال اس میں نہ ہے ناز و نیاز ۔۔۔ ہیں پراگندہ تہیں مثلِ پیاز

نے رہے بریدہ و نے پائے راہ ۔۔۔ نے تپش آں قحبہ را نے سوز و آہ

پاؤں ہی باقی نہیں کیا سطے ہو راہ ۔۔۔ سوز قحبہ میں نہ گرمی ہے نہ آہ

نے تعصب نے ندامت مر ورا ۔۔۔ نے بدل عزمِ سلامت مر ورا

اب تعصب یا ندامت کچھ نہیں ۔۔۔ قلب میں عزمِ سلامت کچھ نہیں

صاحب خانہ اور سائل

سائلے آمد بسوئے خانۂ ۔۔۔ خشک نانے خواست یا تر نانۂ

سائل آیا گھر کے اک دروازے پر ۔۔۔ اور کہا دے نان سوکھی ہو کہ تر

گفت صاحب خانہ ناں اینجا کجاست ۔۔۔ خیرہ ای کیں نہ دکانِ نانواست

بولا گھر والا یہاں روٹی کہاں ۔۔۔ کیا ہے یہ بھی نان بائی کی دکاں؟

گفت آخر پارۂ پیہم بیاب ۔۔۔ گفت اینجا نیست دکانِ قصاب

پھر کہا چربی کا اک ٹکڑا سہی ۔۔۔ بولا یہ دکاں نہیں قصاب کی

گفت مشتے آرد دہ اے کدخدا ۔۔۔ گفت پنداری کہ ہست این آسیا

پھر کہا اک مٹھی آٹا ہی سہی ۔۔۔ بولا کیا چکی نظر آتی ہے تجھے؟

گفت بارے آب دہ از کرمہ ۔۔۔ گفت نے نیست جو یا شمرہ

پھر کہا پانی پلا دے مشک سے ۔۔۔ بولا نہر اس جا نہیں - جا راہ لے

ہر چہ او درخواست از نان و سبوس ۔۔۔ چربک میگفت و میکرد فسوس

روٹی یا بھوسی جو مانگی کچھ نہ دی ۔۔۔ مسخرہ کرتا رہا بولی دل لگی

آں گدا در رفت و دامن در کشید	واندراں خانہ بجست و خواست رید
وہ گدا دامن اٹھا کر گھس گیا	گھر میں یا خانہ کو بیٹھا ایک جا
گفتہ ہمی ہی گفت من نیز اے زنم	تا دریں ویرانہ خود فارغ کنم
بولا گھر والا یہ کیا۔ بولا ٹھہر	فارغ اس ویرانہ میں ہولوں اگر
خود دریں جا نیست وجہ زیستن	در چنیں خانہ بباید ریستن
زندگی کے جب یہاں ساماں نہیں	کیوں نہ پاخانہ کروں میں بالیقیں
چوں نہ بازی کہ گیری تو شکار	دست آموز شکار شہریار
جب نہیں تو باز جو پکڑے شکار	اور ہو زیب دست شہریار
نیستی طاؤس با صد نقش و بند	کہ بنقشت چشمہا روشن کنند
جب نہیں تو مور پر جس کے سجے	تا ہو روشن آنکھ تیرے نقش سے
ہم نہ طوطی کہ چوں قندت دہند	گوش سوئے نطق شیرینت نہند
جب نہیں طوطی کہ تجھ کو قند دیں	اور تیرے نغمۂ شیریں سنیں
ہم نہ بلبل کہ عاشق وار زار	خوش بنالی در چمن یا لالہ زار
جب نہیں بلبل کہ مثل عاشقاں	لالہ زار و باغ میں ہو نوحہ خواں
ہم نہ ہدہد کہ پیکیہا کنی	نے چو لکلک کہ وطن بالا کنی
جب نہیں ہدہد کہ لے جائے پیام	اور نہ لکلک تا ہو پیڑوں پہ قیام
در زمستاں سوئے ہندستاں روی	در بہاراں سوئے ترکستاں شوی
جب پڑے جاڑے تو ہندستان جائے	جب بہار آئے تو ترکستان آئے
در چہ بازاری و بہر چیست تو	تو چہ مرغی و ترا با چہ خورند
پھر بتا کس کھیت کی مولی ہے تو	کھائیں کس کے ساتھ تجھ کو شعلہ خو
زیں دکاں با کیسہ ہا بیروں آ	تا دکان فضل اللہ اشتری
اے دکاں تو تیز زباں سے باہر آ	جانب دکان اللہ اشتری

کالۂ کہ ہیچ خلقش ننگرید — از خلاقت آں کریم آں را خرید

پوچھتا جس کو نہیں کوئی ندیم — ہے خریدار اس کا وہ ربّ کریم

ہیچ قلبے پیش او مردود نیست — زانکہ قصدش از خریدن سود نیست

دل نہیں مردود کوئی بہر جود — ہے خریداری مگر بے قصد سود

سود او در بیع آں یار نکو — کوش نیکو خلق و ہم نیکوش خو

ہے خریداری میں اس کی سود خلق — نیک ہے خوش خلق ہے معبود خلق

ہیچ دست افضال او آتش مشو — سوئے داستان عجوزہ باز رو

ختم نہ کر اس کا کرم ہے بیکراں — پھر عجوزہ کی بیاں کر داستاں

بڑھیا کا چہرے کو آراستہ کرنا

باز گردم سوئے قصہ عجوز — زانکہ پایانے ندارد ایں ہنوز

پھر بیاں کرتا ہوں میں بڑھیا کا حال — کیونکہ ہیں یہ بھید بے پایاں کمال

بود در ہمسایہ اش سور عجیب — گروہ بودند اے عجب او را طلب

اس کے ہمسائے میں اک شادی ہوئی — اور بڑھیا بھی وہاں نوتی گئی

چوں عروسی خواست رفت آں نحیف — پیش رو آئینہ بگرفت آں حریف

الغرض شادی میں جانے کے لئے — آئینہ بڑھیا نے رکھا سامنے

موئے ابرو پاک میکرد آں عجوز — تا بیاراید رخ و رخسار و پوز

بال ابرو کے لئے بڑھیا نے صاف — تا سنوارے چہرہ بالاف و گزاف

چند گلگونہ بمالید از بطر — سفرۂ رویش نشد پوشیدہ تر

تازے گلگونہ کتنا ہی ملا — لیک چہرے پر تھیں شکنیں جابجا

عشرہائے مصحف از جا می برید — می بچسپانید بر رو آں پلید

کاٹ کر قرآں کی دس آیتیں — اس نے چپکا لیں ہر اک رخسار پر

تاکہ صفرۂ روئے او پنہاں شود تا نگین حلقۂ خوباں شود
تاکہ شکنیں منہ کی ہو جائیں نہاں حلقۂ خوباں میں ہو نگینہ سی عیاں

عشرہا بر روئے ہر جا مے نہاد چونکہ بر بست چادر مے فتاد
آیتیں منہ پر وہ چپکاتی تھی جب اوڑھتی چادر تو گر پڑتی تھیں سب

باز او آں عشرہا با آں خدو مے بچسپانید بر اطراف رو
لب لگا کر پھر وہ چپکاتی انہیں چہرے کے چاروں کی اطراف میں

باز چادر راست کردے ازگمیں عشرہا افتادے اندرو بر زمیں
اوڑھتی چادر جو پھر وہ لیے ہوتے آیتیں گرتیں تھیں منہ سے چھوٹ کر

چوں بسے بیکوشد و آں مے فتاد گفت صد لعنت بر آں ابلیس باد
جو سب کئے لاکھوں، گریں پھر بھی مگر بولی اس سو لعنتیں ابلیس پر

شد مصور در زماں ابلیس زود گفت اے قحبہ قدید بے ورود
آ گیا ابلیس فوراً سامنے اور کہا اس قحبہ سوکھی ڈھانچ سے

من ہمہ عمر ایں نیندیشیدہ ام نے ز چوں تو قحبہ ایں دیدہ ام
عمر بھر میں نے نہ ایسی فکر کی تجھ سی قحبہ بھی نہ دیکھی تھی کبھی

تخم نادر در فضیحت کاشتی در جہاں تو مصحفے نگذاشتی
بیج بویا ہے فضیحت کا نیا تجھ سے مصحف کو نہ باقی بچا

صد بلیسی تو خمیس اندر خمیس ترک من گو اے عجوز دردلیس
لاکھ شیطانوں کی ہے شیطان تو چھوڑ مجھ کو اے پرانی زشت رو

چند دزدی عشر از ام الکتاب تا شود رویت ملوّن ہمچو سیب
آیتیں چپکائے گی یوں تا کجا تاکہ مثل سیب ہو چہرہ ترا

چند دزدی حرف مردان خدا تا فروشی و ستانی مرحبا
باتیں مردان خدا کی تا کجا تو چرا کر مول لے گا مرحبا

رنگ بربسته ترا گلگوں نکرد
رنگ بدلے پر نہ گلگوں ہو سکا

شاخ بربسته فن عرجوں نکرد
شاخ باندھی پر نہ قد سیدھا ہوا

عاقبت چوں چادر مرگت رسد
موت کی چادر سے پکڑا انجام کار

از رخت ایں عشرہا اندر فتند
اٹھیں رخ سے گریں گی بار بار

چونکہ آید نفخ خیزان رحیل
کوچ ہوگا جس وقت آئیگا وہاں

گم شود آں پس فسون قال و قیل
بھول جائیگا یہ ساری قیل و قال

عالم خاموشی آید پیش بیست
اک خموشی روک دے گی بس رہیں

وائے آنکہ در درون تسبیح نیست
حیف اس پر جس کو تسبیح اس کا نہیں

صیقلی کن یک دو روزی سینہ را
صاف کر لے ایک دو دن سینے کو

دفتر خود ساز آں آئینہ را
پھر بنا لے دفتر اس آئینے کو

کہ ز سایہ یوسف صاحبقراں
یوسف صاحبقراں کے سائے سے

شد زلیخائے عجوز از نو جواں
پھر زلیخا کے جواں تھے ولولے

بشود مبدل بخورشید تموز
گرمی کے سورج سے جاتا ہے بدل

آں مزاج بارد برد العجوز
ہو اگر ٹھنڈا مزاج اسے بے دخل

بشود مبدل ز سوز مریمی
سوز مریم سے بدل جاتی ہے حال

شاخ سبز خشک نخل خرمی
شاخ کی سرسبز ہو کر خشکیاں

اے عجوزہ چند کوشی با قضا
لڑے بڑھیا قضا سے جنگجو

نقد جو اکنوں رہا کن ما مضی
حالت موجودہ پر شائق رہو تو

چوں رخت را نیست در خوبی امید
خوبصورت اب نہ ہوگا منہ ترا

خواہ گلگونہ نہ و خواہی مدید
مل سیاہی یا کہ گلگونہ لگا

ایک بیمار کی حکایت

آں یکے رنجور شد نزدِ طبیب ۔ گفت نبضم را نگہدار اے لبیب
پاس چارہ گر کے بیمار اک گیا ۔ دیکھ میری نبض یہ اُس سے کہا

تا ز نبض آگہ شوی بر حالِ دل ۔ کہ رگِ دست است با دل متصل
نبض سے معلوم ہوتا حالِ دل ۔ ہاتھ کی اک رگ ہے دل سے متصل

چونکہ دل غیب است خواہی زو مثال ۔ زاں بجو کہ با دلستش اتصال
جب دل پوشیدہ ہے چاہے مثال ۔ متصل جو رگ ہو اُس پہ ہاتھ ڈال

باد پنہاں ست از چشم اے امیں ۔ در غبار و جنبشِ برگش ببیں
ہے ہوا پنہاں مگر ہے بے گماں ۔ وہ غبار اور اپنی حرکت سے عیاں

کز یمین ست آں وزاں یا از شمال ۔ جنبشِ برگت بگوید وصفِ حال
داہنے سے یا بائیں سے ہے اس کی چال ۔ پتوں کی جنبش سے کھلتا ہے یہ حال

مستیِ دل را نمے دانی کہ کو ۔ وصفِ آں از نرگسِ خمار جو
مستیِ دل گر نہ ہو اظہار میں ۔ ڈھونڈ اس کو نرگسِ خمار میں

چوں ز ذاتِ حق بعیدی وصفِ ذات ۔ باز دانی از رسول و معجزات
ذاتِ حق سے دور ہے تو وصفِ ذات ۔ تجھ سے کہہ دیں گے رسول اور معجزات

معجزاتے و کراماتے خفی ۔ بر زند بر دل ز پیرانِ صفی[1]
معجزات اور کچھ کراماتیں خفی ۔ ڈالتے ہیں دل میں پیرانِ صفی

کاندروں شاں صد قیامت نقد ہست ۔ کمترین آنکہ شود ہمسایہ مست
ان کے دل میں حشر کے ہیں بندوبست ۔ سب سے کم یہ ہے کہ ہو ہمسایہ مست

[1] یعنی صاف باطن۔

پس جلیس اللہ گشت آں نیکبخت — کو بپہلوئے سعیدے برد رخت

بیشک وہ بندہ خدا کا ہے جلیس — اُن کے پہلو میں جو ہے اُنکا انیس

معجزہ کاں بر جمادی کرد اثر — یا عصا یا بحر یا شق القمر

معجزہ، پیغمبر پہ جس کا تھا اثر — یا عصا[۱] یا بحر یا شق القمر

گر اثر بر جاں زند بے واسطہ — متصل گردد بہ پنہاں رابطہ

گر اثر بے واسطہ جاں پر کرے — متصل[۲] ہو جائے ربط خاص سے

بر جمادات آں اثرہا عاریہ است — آں پے روح خوش متواریہ است

پتھروں پر وہ اثر ہے عارضی — ہے برائے روح جو خود سے چھپی

تا ازاں جامد اثر گیرد ضمیر — حبذا ناں بے ہیولائے خمیر

[۳] تاکہ پتھر سے اثر لے ضمیر — خوب ہے وہ ناں جو ہو بے خمیر

حبذا خوان مسیحی بے کمی — حبذا بے باغ میوہ مریمی

خوان عیسیٰ خوب ہے، جو ہو نہ کم — میوہ بے گلشن ہو مریم کو بہم

برزند از جان کامل معجزات — بر ضمیر جان طالب چوں حیات

روح کامل سے نکل کر معجزات — روح طالب سے ملیں مثل حیات

معجزہ بحرست ناقص مرغ خاک — مرغ خاکی سفت در یم شد ہلاک

معجزہ دریا ہے ناقص مرغ خاک — مرغ خاکی ہوگا دریا سے ہلاک

مرغ آبی زو شود ایمن از ہلاک — ماہیاں از مرگ بے دریاست خاک

مرغ آبی ہو نہیں سکتا ہلاک — مچھلیوں کی موت ہے دریا سے خاک

---

۱ یعنی عصائے حضرت موسیٰ عم کا سانپ بن جانا یا بحر نیل کا حضرت موسیٰ کے لئے خشک ہو جانا یا حضور سرور کائنات صلعم کے اشارۂ انگشت سے چاند کا دو نیم ہو جانا وغیرہ۔

۲ یعنی اللہ تعالیٰ سے ملا دے۔ ۳ یعنی بے واسطہ۔

معجز بخشش جان ہر مُردۂ	پاک قدرت بخشش جان ہمدمے
معجزے نا مُردوں کو بخشیں جاں	ہمدموں کو بخشنے ہیں قدرتیں
چون بنا بی این سعادت را ضمیر	پس ز ظاہر ہر دم استدلال گیر
پس سعادت سے ہو کر خالی ضمیر	لے تُو ظاہر سے دلیل اے دلپذیر
کہ اثرہا بر مشاعر ظاہرست	وان اثرہا از مؤثر مخبرست
ہیں اثر طاری عبادت گاہ پر	اور مؤثر کے ہیں مخبر یہ اثر
ہست پنہان معنی ہر داوری	ہمچو سحر و صنعت آن سامری
معنی کچھ ہر داوری میں ہیں نہاں	جیسے سحرِ سامری کی داستاں
چون نظر در فکرۂ آثارش کنی	گرچہ پنہانست اظہارش کنی
غور گر ہو شَے اور آثار ہیں	جو ہے پنہاں۔ آئے وہ اظہار میں
قوتے کان در درونش مضمرست	چون بفعل آید گواہ و مظہرست
قلب میں اُس کے جو قوت ہے نہاں	ہے گواہی فعل جب ہو وہ عیاں
چون بآثار این ہمہ پیدا شدہ ست	چون نشد ظاہر بآثار ایزدست
جیسے یہ سب آثار سے پیدا ہوا	ہاں نہ ظاہر ہو سکا صرف اک خدا
این سبب ہا و اثرہا مغز و پوست	چون بجوئی سربسر آثار اوست
یہ سبب اور یہ اثر ہیں مغز و پوست	ڈھونڈ لیجئے تو یہ سب ہیں آثار دوست
دوست گیری چیزہا را از اثر	پس چرا ز آثار بخشش بے خبر
تُو اثر سے چیزیں کرتا ہے پسند	خالق آثار سے پھر کیوں ہے بند؟

۱ خدائی۔ یا خدائی دعوے۔

۲ جب موسیٰ علیہ السلام کوہ طور پہ تشریف لے گئے۔ تو سامری جادوگر نے ایک سونے کا بچھڑا بنایا اور اس کے منہ میں حضرت جبرئیل کے پاؤں کی خاک ڈال دی تو وہ بولنے لگا۔ ظاہر ہے کہ یہ اثر خاک پائے جبرئیل کا تھا۔ اور اس اثر سے مؤثر کا پتہ لگتا تھا۔

از خیالے دوست گیری خلق را　　چوں نگیری شاہ غرب و شرق را
دوست ہے مخلوق۱ ازراہِ خیال　　کیوں نہیں پھر دوستیِ ذوالجلال

ایں سخن پایاں ندارد اے قباد　　حرص مارا اندریں پایاں مباد
یہ ہے بے پایاں سخن سن اے حبیب　　حرص کو اس میں نہ ہو پایاں نصیب

بازگردو قصۂ رنجور خواں　　با طبیب آگہ اسرار داں
پھر وہی قصہ سنا بیمار کا　　اور اس چارہ گر اسرار کا

بیمار کا باقی قصہ

نبض او بگرفت و آگہ شد ز حال　　کہ امیدِ صحتِ او بد محال
نبض دیکھی حال سے واقف ہوا　　یعنی بچنا مشکل و دشوار تھا

گفت ہر چیت دل بخواہد آں بکن　　تا رود از جسمت آں رنج کہن
بولا جو کچھ دل ترا چاہے وہ کر　　تا کہ علت جسم سے جائے گذر

ہر چہ خواہد خاطر تو وامگیر　　تا نگردد صبر و پرہیزت زحیر
کر وہی باتیں جو تیرے دل میں آئیں　　صبر اور پرہیز پیچش بن نہ جائیں

صبر و پرہیز ایں مرض را داں زیاں　　ہر چہ خواہد دل در آرش درمیاں
صبر اور پرہیز سے نقصانِ جاں　　دل جو چاہے کر وہی تو بے گماں

ایں چنیں رنجور را گفت اے عمو　　حق تعالیٰ اعملوا ما شئتموا
ایسے بیماروں کے حق میں ہو بہو　　قولِ حق ہے اعملوا ما شئتموا

گفت رو ہیں خیر بادت جانِ عم　　من تماشائے لبِ جو میروم
بولا اچھا — خیر باد اے جانِ عم　　سیر کو ندی کی اب جاتے ہیں ہم

۱ قولہ تعالیٰ — اعملوا ما شئتم انہ بما تعملون بصیر حٰم سجدہ یعنی جو کچھ تم چاہو کرو۔ خدا تمہارے کام دیکھنے والا ہے۔

بر مراد دل همی زد تا شتاب — تا کہ صحت را بیابد فتح باب
دل کی خواہش پر رواں تھا وہ شتاب — تا کہ ہو صحت پر اپنی فتح یاب

بر لب جو صوفیئے بنشستہ بود — دست و روی شست پاکی می‌فزود
صوفی اک ندی پہ تھا بیٹھا ہوا — ہاتھ منہ اپنا وہاں تھا دھو رہا

از قفایش دید چون تخم سیلیے — کرد او را آرزوے سیلیے
پیچھے سے اس شخص نے دیکھا اُسے — دل نے یہ چاہا کہ اک دھپ مارئے

بر قفائے صوفی آں حیرت پرست — راست میکرد از برائے صفع دست
صوفی کے پیچھے وہ آکر شوق سے — تولتا تھا ہاتھ دھپ کے واسطے

کار زور اگر نر آید تا رود — نے طبیبم گفت کاں علت شود
کیونکہ گر پوری نہ ہوتی یہ غرض — چارہ گر کہتا ہے دُکھ دیگا مرض

سیلیش اندر برم در معرکہ — زانکہ لا تلقوا بایدی تہلکہ
پھر یہ سوچا بھیڑ میں دونگا جما — حق نے لا تلقوا بایدیکم کہا[1]

تہلکہ است ایں صبر پیش آ اے فلاں — خوش بکوبش تن مزن چوں کاہلاں
بولا دل ہے تہلکہ صبر اے فلاں — خوب مار اور رُک نہ مثل کاہلاں

چوں روش یک سیلیی آمد طراق — گفت صوفی ہے ہے اے قواد عاق
زور سے آخر دیا ہی دھپ جما — صوفی چلایا کہ بیہودے یہ کیا!

خواست صوفی تا دو سہ مشتش زند — سبلت و ریشش یکایک برکند
چاہا صوفی نے کہ ڈو ایک تین دے — مونچھ اور ڈاڑھی سب اس کی نوچ لے

[1] اُسے خیال آیا کہ خدا کا حکم ہے ولا تلقوا بایدیکم الی التہلکہ یعنی اپنے ہاتھ ہلاکت میں نہ ڈالو۔ اگر میں اس وقت اس کے دھپا ماروں گا۔ تو یہ سر پھوڑ دیگا اور اگر بھیڑ میں ماروں گا تو اسے خبر نہ ہوگی ۔

لیک او را خستہ و رنجور دید ‌‌ پس ضعیف و زار و زرد و عور دید

اُس نے دیکھا جس گھڑی بیمار اُسے ‌‌ درد کا مارا نحیف و زار اُسے

باز اندیشید او ضعف ورا ‌‌ گفت اگر مشتش زنم گردد فنا

ضعف کا اس کے اُسے آیا خیال ‌‌ بولا دوں اک دھپ تو جینا ہو محال

رنج دق او را بسے آوردہ مار ‌‌ دیدہ او را سخت رنجور و نزار

دق نے اس کو خود ہی مُردہ ہے کیا ‌‌ یہ ہے خود بیمار ۔ آزار آشنا

خلق رنجور دق و بیچارہ اند ‌‌ وز خداع دیو سیلی بارہ اند

لوگ ہیں آزارِ دق میں مبتلا ‌‌ مگر شیطاں سے طمانچہ آشنا

جملہ در ایذائے بیجرماں حریص ‌‌ در قفائے یکدگر جویاں قصیص

بے گناہوں کے ستانے پر تلے ‌‌ ایک کے پیچھے پڑے ہیں دوسرے

اے زنندہ بیگناہاں را قفا ‌‌ در قفائے خود نمے بینی چرا

بے گناہوں کے ہو پیچھے کیوں پڑے ‌‌ اپنے پیچھے کیوں نہیں ہو دیکھتے

اے ہوا را طب خود پنداشتہ ‌‌ بر ضعیفاں صفع را بگماشتہ

تو ہوس کو اپنا سمجھا ہے طبیب ‌‌ مارتا ہے بے گنہ کو بدنصیب

بر تو خندد آنکہ گفتت کیں دواست ‌‌ اوست کادم را بگندم رہنماست

ہنس رہا ہے جس نے دی ہے یہ دوا[1] ‌‌ جس نے آدم ؑ کو دیا گیہوں کھلا

کہ بخور ایں دانہ را اے مستعیں ‌‌ بہر دارو تا تکونا خالدین

طالب امداد! لے یہ دانہ کھا ‌‌ خلد میں دائم ہے رہنے کی دوا

اوش لغزانید و زد او را قفا ‌‌ آں قفا وا گشت و شد او را جزا

اُس نے لغزش آگے پر پیچھے سے دی ‌‌ اور پھر اس کی سزا اس کو ملی

[1] یعنی شیطان نے تجھے یہ دوا بتائی ہے ۔ اور وہی تجھ پر ہنس رہا ہے ۔

اوش لغزانید سخت اندر زلق — لیک پشت و دستگیرش بود حق
اُس نے لغزش دی کہ کر ڈالے تباہ — لطفِ خدا ان کی مگر پشت و پناہ

کوہ بود آدم اگر پُر مار شد — کانِ تریاقست و بے اضرار شد
کوہ تھے آدمؑ اگر پُر مار تھے — کان تھے تریاق کی بے ڈر رہے

تو کہ تریاقے نداری ذرۂ — از خلاصی خود چرا مے غرۂ
جب نہیں تریاق تیرے پاس ہی — کیوں ہے آزادی پہ غرہ اے اخی

آں خلیلانہ توکل گو ترا — واں کرامت چوں کلیمؑ از کجا
وہ خلیلانہ توکل ہے کہاں — ہے کلیمانہؑ کرامت بے نشاں

تا نبرد تیغت اسمٰعیلؑ را — تا کنی شہراہ قعر نیل را
تا نہ کاٹے تیغ اسمٰعیلؑ کو — یا کرے شہراہ بحر نیل کو

گر سعیدی از منارہ اوفتید — بادش اندر جامہ افتاد و رہید
گر پڑے مینار سے گر نیک ذات — تو ہوا کپڑوں میں بھر کر دے نجات

چوں یقینت نیست آں بادِ حسن — تو چرا برباد دادی خویشتن
جب یقیں تجھ کو نہیں اُس باد پر — خود کو کیوں برباد کرتا ہے پسر!

زیں منارہ صد ہزاراں ہمچو عاد — درفتادند و سر و تن باد داد
اِس منارے سے بہت مانندِ عاد — گر پڑے اور مٹ گئے سب نامراد

سرنگوں افتادگاں زیرِ منار — در نگر تو صد ہزار اندر ہزار
گرنے والے سرنگوں مینار سے — سیکڑوں ہیں اور ہزاروں دیکھ لے

تو رسن بازی نمیدانی یقیں — شکر پاہا گو و می رو بر زمیں
جب رسن بازی سے ہے ناآشنا — چل زمیں پر شکر ادا کر پاؤں کا

پر مساز از کاغذ و از کہ مپر — کاندریں سودا بسے بشکست سر
اُڑ نہ کُہ سے باندھ کر کاغذ کے پر — اس ہوس نے کھوئے ہیں افراد سر

اگرچه آن صوفی پر آتش شد ز خشم | لیک هم بر عاقبت انداخت چشم

تھا وہ صوفی آگ غصے سے مگر | عاقبت پر بھی رہی اس کی نظر

اول صف بر کسے ماند بکام | کو نگیرد دانه بیند بند دام

سب سے پہلے ہو وہی فائز مرام | جو نہ دیکھے دانہ دیکھے بند دام

حبذا دو چشم پایان بین راد | که نگهدارند تن را از فساد

اچھی وہ آنکھیں جو ہیں انجام بیں | رکھتی ہیں جھگڑوں سے جو محفوظ دیں

آنکه پایان دید احمد بود کو | دید دوزخ را هم اینجا تو بتو

سنئے محمدؐ ناظر انجام کار | تہہ بہ تہ دوزخ کو دیکھا آشکار

دید عرش و کرسی و جنات را | بر درید او پردهٔ غفلات را

عرش و کرسی اور جن دیکھے فنا | پردۂ غفلت اٹھا کر رکھ دیا

گر همے خواهی سلامت از ضرر | چشم ز اول بند و پایان را نگر

ہونا چاہے گر ضرر سے رستگار | ابتدا کو چھوڑ، دیکھ انجام کار

تا عدمها را ببینی جمله هست | هستها را بنگری محبوس و پست

تا عدم تجھ کو نظر آجائے ہست | ہستیاں آئیں نظر محبوس و پست

این ببین باری که هر کش عقل هست | روز و شب در جستجوی نیست هست

عقل کی جس کو ملی ہیں نعمتیں | رات دن ہے جستجوئے نیست میں

در گدائی طالب چیزے که نیست | بر دکانها طالب سودے که نیست

جو گدا درویش ہیں چاہے جو نیست | سود کا طالب دکاں پہ سود نیست

در مزارع طالب غلّه که نیست | در مغارس طالب نخلے که نیست

کھیت میں حاصل کی دھن حاصل ہے نیست | باغ میں پیڑوں کی دھن غافل ہے نیست

در مدارس طالب علمے که نیست | در صوامع طالب حلمے که نیست

علم کا طالب ہے تو اور علم نیست | حلم کا عاشق ہے تو اور حلم نیست

ہستہا را سوئے ایں افگندہ اند ۔ نیستہا را طالبند و بندہ اند

ہستیوں کو لوگ پیچھے ڈال کر ۔ نیستی کی ہیں طلب میں بیشتر

زانکہ کان و مخزنِ صنعِ خدا ۔ نیست غیر نیستی در انجلا

کیونکہ مخزن صنعت اللہ کے ۔ نیستی ہی میں ہیں چمکتے ہاں پڑے

پیش ازیں ایں سر بگفتستیم ازیں ۔ ایں و آں را تو یکے بیں و مبیں

اس سے پہلے بھی کہے ہیں ہم نے راز ۔ دونوں کو تو ایک جان اسے جانِ ناز

گفتہ شد کہ ہر صناعت گر کہ رُست ۔ در صناعت جایگاہ نیست جست

یہ کہا تھا جو بھی صنعت گر ہوا ۔ جستجو میں نیست موقع کی رہا

جست بنّا موضعے ناساختہ ۔ گشت ویراں سقفہا انداختہ

ڈھونڈھیں ویراں منزلیں معمار نے ۔ کچھ چھتیں افتادہ گھر ٹوٹے ہوئے

جست سقا کوزۂ کش آب نیست ۔ واں درو گر خانۂ کش باب نیست

چاہتا سقا کوزہ بے آب اگر ۔ ڈھونڈتے نجار بے چوکھٹ کا گھر

وقت پیدا نار در عدم ہیں جملہ شاں ۔ وز عدم آنگہ گریزاں جملہ شاں

ہیں عدم میں سب لئے ہنگام شکار ۔ پھر عدم سے سب وہ کرتے ہیں فرار

چوں امیدت لاست[1] زو پرہیز چیست ۔ با انیس خویشتن استیز چیست

تیری حسرت لا ہے پھر پرہیز کیا ۔ دوست سے اپنے ہے لڑنا ناروا

چوں انیس طبع تو آں نیستی ست ۔ از فنا نیست ایں پرہیز چیست

جب انیس طبع ٹھہری نیستی ۔ پھر فنا سے کیوں ہے پرہیز اے اخی

گر انیس لا ئہ اسے جان پسر ۔ در کمین لا چرائی منتظر

نیستی کا گر نہیں ہے غمگسار ۔ کیوں ہے پھر یہ نیستی کا انتظار

[1] یعنی نیستی ؎

زانچه داری جمله دل بر کندۂ ۔۔۔ شست دل در بحر لا افگندۂ

اپنے دل سے سب کو تو ٹالے ہوئے ۔۔۔ بحر لا میں شست ہے ڈالے ہوئے

پس گریزت چیست زیں بحر مراد ۔۔۔ کو بشستت صد ہزاراں صید داد

کیوں تو اس دریا سے کرتا ہے فرار ۔۔۔ شست کو جس نے دیئے ہیں سو شکار

از چہ نام برگ کردستی تو مرگ ۔۔۔ جادوئی دان کو نمودت مرگ برگ

نام رکھتا برگ کا کیوں تو نے مرگ ۔۔۔ شعبدہ سے ہے نظر میں مرگ برگ[1]

ہر دو چشمت بست صنع صنعتش ۔۔۔ تا کہ جاں را در چہ آمد رغبتش

دونوں آنکھیں بند صنعت سے ہوئیں ۔۔۔ اور ہوئیں رغبت کنوئیں کی جاں نشیں

در خیال او ذکر کردگار ۔۔۔ جملہ صحرا فوق چہ زہریست مار

مکر حق سے ہے خیال اُس کا خراب ۔۔۔ جز کنوئیں کے دشت ہے سب پُر عذاب

لاجرم چہ را بنا بے ساختہ است ۔۔۔ تا کہ مرگ او را بچاہ انداختہ است

بس کنوئیں کو جانتا ہے وہ پناہ ۔۔۔ موت آخر اس سے جھنکوائی ہے چاہ

آنچہ گفتم از غلطہائش اے عزیز ۔۔۔ ہمچنیں بشنیدم از عطارہ[2] نیز

غلطیاں اُس کی بتائیں جو تجھے ۔۔۔ ایسی ہی میں نے سنیں عطارؒ سے

رحمۃ اللہ علیہ گفتہ است ۔۔۔ ذکر شہ محمود غازی سفتہ است

رحمتیں اللہ کی اُن پر سدا ۔۔۔ ذکر یوں محمود غازیؒ کا کیا

سلطان محمود اور ایک ہندو غلام

کز غزائے ہند پیش آں ہمام ۔۔۔ در غنیمت اوفتادش یک غلام

جنگ ہندستان کی جب کی تمام ۔۔۔ لوٹ میں ایک اُن کے ہاتھ آیا غلام

[1] یعنی سازوسامان ۔

[2] حضرت خواجہ شیخ فریدالدین عطار رحمۃ اللہ علیہ کی طرف اشارہ ہے ۔

پس خلیفہ اش کرد و بر کرسی نشاند
بر سپہ بگزیدش و فرزند خواند
دی اُسے کرسی، خلیفہ کر دیا
کر دیا سردار اور بیٹا کہا

طول و عرض وصفِ قصہ تو بتو
در کلام آں بزرگِ دیں بجو
پورا قصہ اور مفصل داستاں
ہے کلام پاک میں اُن کے بیاں

حاصل آں کودک بریں تختِ نضار
شستہ پہلوئے قباد شہریار
مختصر یہ ہے کہ وہ اُس تخت پر
پہلوئے سلطاں میں بیٹھا بے خطر

گریہ میکرد اشک میراند بسوز
گفت شاہ او را کہ اے پیروز روز
اشک اس لڑکے کے جاری تھے مگر
شاہ نے پوچھا کہ اے فرخندہ فر

از چہ گریی دولتت شد ناگوار
فوقِ افلاکی قرینِ شہریار
کیوں ہے نالاں، کیا ہے دولت ناگوار
ہے فلک رتبہ، قریبِ شہریار

تو بریں تخت و وزیران و سپاہ
پیشِ تخت صف زدہ چوں مہر و ماہ
تخت پر تو اور سردار و سپاہ
سامنے تیرے ہیں مثل مہر و ماہ

گفت کودک گریہ ام زانست زار
کہ مرا مادر در آں شہر و دیار
بولا لڑکا - ہے یہ زاری اس لئے
جب وطن میں تھا تو میری ماں مجھے

از توام تہدید کردی ہر زماں
بینمت در دستِ محمود ارسلاں
یوں ڈراتی تھی کہ میں دیکھوں تجھے
تیرا ایک دن ہاتھ میں محمود کے

پس پدر مر مادرم را در جواب
جنگ کردے کایں چہ خشم ست و عتاب
باپ میرا ماں کو پھر دیتا جواب
اور لڑتا - کیوں ہے یہ چشم عتاب

مے نیابی ہیچ نفرینِ دگر
زیں چنیں نفریں مہلک سہل تر
اور کیا کوئی نہیں ہے کوسنا
ہو جو اس لعنت سے کم اے بے حیا

سخت بیرحمی و بس سنگیں دلی
کہ بصد شمشیر او را قاتلی
سخت بے رحم اور سنگیں دل ہے تو
سینکڑوں کی تلوار سے قاتل ہے تو

من ز گفتِ هر دو حیران گشته‌ام ۔ در دل افتاده مرا بیم و غمے

گفتگو سے دونوں کی حیراں کھڑا ہوں ۔ خوف سے غمگین اور لرزاں کھڑا ہوں

تا چه دو رخ دوست محمود اے عجب ۔ که مقتل گشتست در ویل و کرب

کون یہ محمود ہے دو رخ شعار ۔ جس کا نام آتے ہی ہوتا ہوں نزار

من همے لرزیدمے از بیم تو ۔ غافل از اکرام و از تعظیم تو

خوف سے میں آپ کے کھڑا کانپتا ۔ قابلِ عظمت نہ سمجھا نام آپ کا

مادرم کو تا ببیند این زمان ۔ مر مرا بر تخت اے شاہِ جہاں

اب کہاں اماں کہ جو دیکھے مجھے ۔ تخت پر بیٹھا ہوا پاس آپ کے

یا پدر کو تا مرا بیند چنیں ۔ خوش نشسته پہلوے سلطانِ دیں

اب کہاں ابا کہ دیکھیں بالیقیں ۔ وہ مجھے ہم پہلوئے سلطانِ دیں

فقر آں محمودِ تست اے بے سنت ۔ طبع از وے دائماً بے ترساندت

فقر وہ محمود ہے اسے بے گشاد ۔ جس سے ڈرتا ہے ہمیشہ نامراد

گر بدانی رحمِ ایں محمود راد ۔ خوش بگوئی عاقبت محمود باد

تو جو دیکھے رحمتِ محمود کو ۔ دے دعائیں عاقبت محمود ہو

فقر آں محمودِ تست اے بیم دل ۔ کم شنو زیں مادرِ طبعِ مضل

فقر وہ محمود ہے نادان جان ۔ طبع ہے گمراہ بات اُس کی نہ مان

چوں شکارِ فقر گردی تو یقیں ۔ همچو کودک اشک بارے یوم دیں

فقر کے ہوگا تجھے جس دم شکار ۔ مثل اُس لڑکے کے ہوگا اشکبار

گرچه اندر پرورش تن مادرست ۔ لیک از صد دشمنت دشمن ترست

گرچہ مادر سا پالنے تن کو ہے یہ ۔ سیکڑوں میں ایک ہی دشمن ہے یہ

تن چو شد بیمار دارو جوت کرد ۔ ور قوی شد مر ترا طاغوت کرد

جب ہوا بیمار تو ڈھونڈی دوا ۔ جب قوی تھا تجھ کو شیطاں کر دیا

چوں رہاں ایں تن بے حیف را	از شتا را نشاید و سے صیف را
تو زیرہ جان اس تن بیکار کو	گرمی و سردی کے جو لائق نہ ہو
یار بد نیکوست بہر صبر را	کہ کشاید صبر کردن صدر را
یار بد اچھا ہے خوشی صبر کو	صبر کرنا کھولتا ہے صدر سینہ کو
صبر مہ با شب منور داردش	صبر گل با خار از فرداردش
صبر سے مہ شب کو جلوہ یار ہے	صبر سے گل ہم نشین خار ہے
صبر شیر اندر میان فرث و خون	کرد او را ناعش ابن اللبون
صبر ہی سے دودھ گوبر خوں میں یار	پرورش کرتا ہے طفل شیر خوار
صبر جملہ انبیا با منکراں	کردشاں خاص حق و صاحب قراں
منکروں سے صبر کرکے انبیاء	ہو گئے خاصان حق نام خدا
ہر کرا بینی یکے جامہ درست	دانکہ او آں را بکسب صبر جست
جس کسی کے پاس دیکھے جامہ چست	صبر ہی سے وہ ہوا ہوگا درست
ہر کرا دیدی برہنہ بے نوا	ہست بر بے صبری او آں گوا
اور جسے دیکھے برہنہ بے نوا	بس سمجھ لے وہ نہیں صبر آشنا
ہر کہ مستوحش بود بر غصہ جاں	کردہ باشد با دغائی اقتراں
غصہ کی وحشت ہو جس کی جان پہ	پر دغا سے وہ ملا ہوگا مگر
صبر اگر کردے زالف آں بیوفا	از فراق او نخوردے ایں قفا
بے وفا کے ملنے سے کرتا جو صبر	یوں جدائی کا نہ ہوتا اس کی جبر
خوئے با حق ساختی چوں انجبیں	با لبن کہ لا احب الآفلین
حق سے رل جاتا جو مثل انگبیں	اور کہتا لا احب الآفلین

سلہ سپید ؛

سلہ یعنی میں فنا ہو جانے والوں کو پسند نہیں کرتا ؛

لاجرم تنہا نمانی ہمچناں	کآں کشی ماندہ براہ از کاروال
تو کبھی یوں تنہا نہ رہتا چاہ میں	آگ جیسے قافلے کی راہ میں
چوں زبےصبری قرینت غیر شد	در فراقش پر زغم وے بے خیر شد
ہو گئے جب بے صبر غیروں سے ملی	ہجر نے غم کی مصیبت اس کو دی
صحبتت چوں ہست زر دہی	پیش خائن چوں امانت مے نہی
ہے زر خالص کی جب صحبت تجھے	پاس خائن کے امانت کیوں رکھے
خوئے با او کن کامانت ہائے تو	ایمن آید از افول واز عتو
اس کا خوگر ہو امانت جو تری	نیست ہونے سے بچا لے واقعی
خوئے با او کن کہ خو را آفرید	خوہائے انبیا را پرورید
اس کا خوگر ہو جو ہے خو آفریں	انبیا کی عادتیں جس سے پکیں
برہ بدہی رمہ باز ستد	پرورندہ ہر صفت خود رب بود
برہ اس کو دے وہ گلہ دے تجھے	ہے وہی رب ہر صفت اس سے ہے
برہ پیش گرگ امانت مے نہی	گرگ و یوسف را مفرما ہمرہی
بھیڑئیے کو برہ تو ہے سونپتا	گرگ و یوسف کا بھلا ہو ساتھ کیا
گرگ اگر با تو نماید روبہی	ہیں مکن باور کہ ناید زو بہی
بھیڑیا گر تجھ سے مکاری کرے	تو یقیں تجھ کو نہ کرنا چاہیئے
جاہل ار با تو نماید ہمدلی	عاقبت زخمت زند از جاہلی
اگر اک جاہل دکھائے ہمدمی	آخر اس سے ہو گی زحمت واقعی
او دو آلت دارد و خنثیٰ بود	فعل ہر دو بے گماں پیدا شود
اس کے دو آلت ہیں اور خنثیٰ ہے وہ	کام دونوں بالیقیں دیتا ہے وہ
مرد گر را از زناں پنہاں کند	تاکہ خود را خواہر ایشاں کند
عورتوں سے وہ چھپاتا ہے ذکر	کہ بنا لے ان کو بہنیں خیرہ سر

شُتلہ از مرداں بجفت پنہاں کند	تا کہ خود را او پریشاں کند
شُتلہ کو مردوں سے پیٹ میں چھپاتا	تا کہ بھائی اُن کا بن جائے ذرا
گفت یزداں زاں کسی مکتوم او	شُتلہ سازیم در خرطوم او
اور خدا کہتا ہے، ہم سے مکر کیا	شتلہ اُس کی سونڈ میں دیں گے بنا
تا کہ بینا یان ما زیں دو دلال	در نیفتند از فن او در جوال
دو دلیلیں تا کہ بینا دیکھ کر	مکر سے ہو جائیں اُس کے بے خطر
حاصل آں کز ہر ذکر ناید نری	ہیں ز جاہل ترس اگر دانشوری
ہر ذکر میں ہے کہاں مردانگی	بھاگ جاہل سے یہ ہے دانشوری
دوستی جاہل شیریں سخن	کم شنو کاں ہست چوں سم کہن
جاہل شیریں سخن کی دوستی	ہے پُرانا زہر بچ اُس سے انی
جان مادر چشم روشن گویدت	جز غم و حسرت از و فرزند پدت
ماں کہے آنکھوں کی ٹھنڈک کو روشنی	ما سوائے غم نہیں حاصل کوئی
مر پدر را گوید آں مادر جہار	کز مکتب بچہ ام شد بس نزار
باپ سے کہتی ہے ماں یوں آشکار	بچہ مکتب میں ہوا ہے سیرا نزار
از زن دیگر اگر آوردیش	بر وے ایں جور و جفا کم کردیش
سوت سے میری یہ ہوتا ہے اگر	تو بھی ظلم اُس پہ نہ کر تو اُس قدر
از جز از تو گر بُدے ایں بچہ ام	ایں فشار آں زن گفتے نیز ہم
ہوتا باپ اس کا بجز کوئی دوسرا	اُس کی شدت بھی نہ یوں رکھتی روا
ہیں بجہ زیں مادر و تیبائے او	سیلی بابا بہ از حلوائے او
الٹی ماں کے رستہ سے کر تو فرار	بہتر اُس کے نعم سے ہے بابا کی مار

سلہ فرج عورتہا

هست مادر نفس و بابا عقل راد — اول تنگی و آخر بس کشاد

نفس ماں اور عقل ہے باپ اے فتا — ابتدا تنگی ، کشائش انتہا

اے دہندہ عقل ہا فریاد رس — تا نخواہی تا نخواہد ہیچ کس

تجھ سے ہے فریاد اے خالق مری — تو نہ چاہے تو نہ چاہے گا کوئی

ہم طلب از تست و ہم آں نیکوئی — ما کئیم اول توئی آخر توئی

ہے طلب تجھ سے تجھی سے نیکوئی — ہم ہیں کیا اول تو ہی آخر تو ہی

ہم تو گوئی و ہم تو بشنو ہم تو باش — ما ہمہ لاشیم با چندیں تراش

تو ہی کہتا اور سنتا ہے بہم — ہے تو ہی موجود اور لاشے ہیں ہم

زیں طوالت رغبت افزا در سجود — کاہلی و جبر مفرست و خمود

اس طرح سجدوں کی رغبت کو بڑھا — کاہلی جبر مردگی لے کر نہ جا

جبر باشد پر و بال کاملاں — جبر ہم زندان و بند کاہلاں

جبر پر ہے مرد کامل کے لئے — جبر ہی زنداں ہے کاہل کے لئے

ہمچو آب نیل داں ایں جبر را — آب مومن را و خوں مر گبر را

مثل آب نیل جان اس جبر کو — پانی ہے مومن کو خوں ہے گبر کو

بال بازاں را سوئے سلطاں برد — بال زاغاں را بگورستاں برد

باز کو پر سوئے سلطاں لے گئے — پر سے قبرستاں کو کوے لے گئے

باز گرد اکنوں تو در شرح عدم — کو چو پازہرست و پندارش سم

لوٹ جا پھر جانب شرح عدم — زہر کی دافع ہے مت جان اس کو سم

ہمچو ہندو بچہ ہاں اے خواجہ تاش — رو ز محمود عدم ترساں مباش

ہندو بچہ کی طرح اے بے خبر — جا نہ محمود عدم سے خوف کر

از وجودے ترس کاکنوں در وئی — آں خیالت لاشے و تو لاشئی

ڈر وجود اپنے سے اے فرخندہ فال — تو ہے لاشے اور لاشے یہ خیال[1]

[1] یعنی یہ خیال بھی لاشے ہے کہ تیرا وجود ہی کوئی شئے ہے ۔

لاشئے بر لاشئے عاشق شدہ است ۔ ہیچ نے مر ہیچ نے را رہ زدہ است

شیفتہ لاشئے پہ لاشئے ہے یہاں ۔ ہے فنا رہزن فنا کی بے گماں

لیس للماضین ہم الموت کی تفسیر[ل]

راست فرمود آں سپہدار بشر ۔ کہ ہر آنکو کرد از دنیا گذر

سچ ہے ارشاد شہ جن و بشر ۔ جن کا اس دنیا سے ہوتا ہے سفر

چوں بدید او فنای ایں خیالاتیاں ۔ گشت نامعقول او بر او عیاں

درمیاں سے جب یہ ہٹتے ہیں خیال ۔ امر نا معقول کا کھلتا ہے حال

نیستش درد و دریغ و غبن موت ۔ بلکہ ہستش صد دریغ از بہر فوت

موت کا اُن کو نہیں ہوتا ہے غم ۔ فوت ہونے کا وہ کرتے ہیں الم

لیس للماضین ہم الموت گفت ۔ لیکشاں با حسرت فوتند جفت

جانے والوں کو نہیں غم موت کا ۔ فوت کی حسرت مگر ہے غم فزا

کہ چرا قبلہ نکردم مرگ را ۔ مخزن ہر دولت و ہر برگ را

موت کو قبلہ نہ کیوں اپنا کیا ۔ تھی جو مخزن دولت اور ساماں کا

قبلہ کردم من ہمہ عمر از حول ۔ آں خیالاتے کہ گم شد در اجل

عمر بھر قبلہ وہ بیتی سے کیا ۔ اُن خیالوں کو جو تھے زہر فنا[ل2]

حسرت آں مردگاں از موت نیست ۔ زانست کاندر نقشہا کردیم ایست

موت کا غم کیا یہ غم ہے ان کا مدام ۔ کیوں کیا نقش اور صورت میں قیام

[ل] حدیث شریف۔ لیس للماضین ہم الموت وانما لہم حسرت الفوت
یعنی گزرے ہوئے لوگوں کو موت کا غم نہیں بلکہ اعمال و کسب حال کے فوت ہو جانے کی حسرت ہے۔

[ل2] یعنی اجل کے حق میں زہر قاتل تھے۔

ماندیدیم آنکہ این نقش است و کف ۔۔۔ کف ز دریا جنبد و یابد علف[1]
یہ نہ دیکھا ہم نے ہاں یہ نقش و کف ۔۔۔ کف ہلے دریا سے اور پائے علف[1]

چونکہ بحر افگند کفہا را ببر ۔۔۔ رو بگورستان و کفہا را نگر
جبکہ دریا جھاگ اپنے دے نکال ۔۔۔ دیکھ قبرستان میں جا کر اُن کا حال

پس بگو کو جنبش و جولان تان ۔۔۔ بحر افگندست در بحران[2] تان
اب کہاں وہ جنبش اور ہیجان ہیں ۔۔۔ بحر نے ڈالا انہیں بحران[2] میں

تا بگویندت بلب نے بل بحال ۔۔۔ کہ ز دریا کن نہ از ما این سوال
چیست امعان چشم را کردن رواں	چوں ز تن جاں رست گویندش رواں ۲
کیا ہے امعان؟ آنکھ کو کرنا رواں ع	تن سے چھٹ کر روح ہوتی ہے رواں
آں حکیمے کہ جاں از بند تن	باز رست و شد رواں اندر چمن
ایک وہ جو روح تن سے چھوٹ کر	باغ جنت میں رواں ہوا بسر
یا رواں شد خود بسوے ہاویہ	ہمچو موش از زاویہ در زاویہ
ایک وہ جو سوئے دوزخ ہو فنا	جیسے چوہا بل سے ہو اس بل میں جا
دو لقب ۳ او بریں ہر دو نہاد	بہر فرق اے آفریں بر جانش باد
دو لقب جس نے ان دونوں کو دئے	فرق کرنے کے لئے۔ شاباش اسے

۱ وہ طبقہ جو دنیا کو خیالِ محض سمجھتا ہے ۔

۲ پہلے مصرع میں رواں کے معنی تیز اور دوسرے میں روح ہیں ۔

نجاتِ مومنین میں حضرت ہودؑ کا معجزہ

در بیان آنکہ بر فرماں رود	گر گلے را خار خواہد آں شود
ہے بیاں جو حکم کا پابند ہو	خار چاہے تو بنا دے پھول کو
ہودؑ گرد مومناں خطے کشید	تاز باد آں قوم او رسیجے نالید
ہودؑ نے خط کھینچا گردِ مومناں	حاصل اُن سب کو ہوا سے تھی اماں
باد طوفاں بود و کشتی علی	ہست زیں طوفانؑ ایں کشتی بسا
تھی ہوا طوفان اور کشتی ایسے	کشتی اور طوفان ہیں ایسے مزید
مومناں از دست باد ضائرہ	جملہ بنشستند اندر دائرہ
بیٹھے جو مومن۔ وہ ہوا کے خوف سے	دائرے میں آئے اور بیٹھے رہے
باد طوفاں بود و کشتی لطف ہو	بس چنیں طوفاں و کشتی ارداو
لطفِ حق کشتی ہوا طوفاں نشاں	ایسے ہیں طوفاں بہت اور کشتیاں
پادشاہی را خدا کشتی کند	تا بحرص خویش بر صفہا زند
بادشہ کو جب خدا کشتی بنائے	ملک کی خواہش ہیں وہ شکر لڑائے
قصد شاہ آں نے کہ خلق ایمن شود	قصدش آنکہ ملک گردد بیگزند
ہے سکونِ خلق کب مقصودِ شاہ	قصد۔ یہ ہے ملک کچھ پائے پناہ
آں خراسی میدود قصدش خلاص	تا بیابد از خشب یکدم مناص
دوڑتا ہے خر کہ مل جائے نجات	لکڑیوں کی ضرب سے پائے نجات
قصد او آں نے کہ آبی بر کشد	یا کہ کنجد را بداں روغن کند
قصد اس کا کب ہے پانی کھینچنا	یا تلوں سے تیل کو کرنا جدا
گاو بشتابد ز بیم زخم سخت	نے برائے بردن گردوں و رخت
دوڑتا ہے بیل ڈر سے چوٹ کے	اور نہ گاڑی کھینچنے کے واسطے

ایک حق داد این چنین خوف و وجع | تا مصالح حاصل آید در تبع
حق نے خوف درد کی بخشی صفت | تھی اطاعت جو قرین مصلحت

اینچنین ہر کاسبی اندر دکاں | بہر خود کوشد نہ اصلاح جہاں
صرف اپنے ہی لئے ہے سعیٔ عام | ان کو اصلاحِ جہاں سے کیا ہے کام

ہر یکے بر درد جوید مرہمے | در تبع قائم شدہ زاں عالمے
سب ہیں اپنے درد پر مرہم نہاں | پیروی سے ہے یونہی قائم جہاں

حق ستونِ ایں جہاں از ترس ساخت | ہر یکے از ترسِ جاں در کار تاخت
خوف پر رکھی ہے بنیادِ جہاں | خوفِ جاں سے کام میں سب ہیں یہاں

حمد ایزد را کہ ترسے اینچنیں | کرد او معمار و اصلاح زمیں
شکر خالق ڈر کو جس نے بے تعب | کر دیا اصلاحِ عالم کا سبب

ایں ہمہ ترسندہ اند از نیک و بد | ہیچ ترسندہ نترسد ز خود
نیک و بد سے سب کو ڈر ہے بالیقیں | کوئی اپنی ذات سے ڈرتا نہیں

پس حقیقت بر ہمہ حاکم کسیست | کہ قریبست او اگر محسوس نیست
پس حقیقت میں وہ حاکم ہے عجیب | جو نہیں محسوس۔ لیکن ہے قریب

ہست او اندر کمیں اے بوالہوس | تا نگردی فارغ از نقب اے عسس
وہ ہے تیری گھات میں آٹھوں پہر | رات کو تو ہو نہ جائے بے خبر

ہست او محسوس اندر مکمنے | لیک محسوس حسِ ایں خانہ نے
وہ ہے محسوس اور پردے میں نہاں | حس میں اس گھر کی نہیں لیکن عیاں

آں حسے کہ حق بداں حس ظاہرست | نیست حسِ ایں جہاں آں دیگرست
ہے وہ اک حس جس سے نمایاں بالیقیں | اور ہے وہ اس جہاں کی حس نہیں

حسِ حیواں گر بدیدے آں صور | بایزیدِ وقت بودے گاو و خر
حسِ حیواں دیکھتی اس کو اگر | بایزیدِ وقت ہوتے گاو و خر

آنکہ تن را مظہر ہر روح کرد	وانکہ کشتی را براق نوح کرد
جس نے تن کو روح کا مظہر کیا	اور براق نوح کشتی دی بنا
گر نخواہد عین کشتی را بجو	او کند طوفان تو اے نور جو
وہ اگر چاہے تو کشتی کو کرے	عین طوفاں نہر ہیں تیرے لئے
ہر دمے طوفان و کشتی اے مقل	با غم و شادیت کرد او متصل
ہر گھڑی طوفان و کشتی اے مقل	ہیں غم و شادی ہیں تجھ سے متصل
گر نہ بینی کشتی و دریا بہ پیش	لرزہا بیں در ہمہ اجزائے خویش
کشتی و دریا نہ دیکھے تو اگر	لرزش اعضا پر اپنی غور کر
چون نہ بیند اصل ترسش را عیون	ترس را از خیال گو نہ گوں
جب نمود خوف اصلی ہو محال	خوف کا باعث ہوں گونا گوں خیال
مشت بر اعمی زند یک جلف مست	کور پندارد لگد زن اشتر است
گھونسہ اک اندھے کو مارے بدصفات	اندھا سمجھے ماردی شتر نے لات
زانکہ آں دم بانگ اشترے شنید	کور را آئینہ گوش آمد نہ دید
کیونکہ وہ شتر کی سنتا تھا صدا	آنکھ کیا ہیں کان اُس کے آشنا
باز گوید کور نے ایں سنگ بود	یا مگر از قبۂ پُر طنگ بود
پھر کہے اندھا نہیں یہ سنگ تھا	یا وہاں قبۂ پرطنگ[1] تھا
ایں نبود و آں نبود	آنکہ او ترس آفرید اینہا نبود
یہ نہ شتر اور نہ سنگ و راز تھا	تھا کرشمہ خوف کے خلاق کا
ترس و لرزہ باشد از غیرے یقیں	ہیچ کس از خود نترسد اے حزیں
خوف و لرزہ غیر سے ہے بالیقیں	کوئی اپنے سے مگر ڈرتا نہیں

[1] پرطنگ کے معنی بعض شارحین نے آواز لکھے ہیں۔ لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پرطنگ کوئی خاص مقام ہے طلسمی اور یہ اسرار اور یہاں یقیناً کسی ایسے ہی مقام سے کنایہ کیا گیا ہے۔

آں حکیمک وہم خواند ترس را | فہم کژ کردہ است او ایں درس را
گر حکیم اس خوف کو کہتا ہے وہم | تو ضرور اُلجھی ہوئی ہے اُس کی فہم

ہیچ وہمے بے حقیقت کے بود | ہیچ قلبے بے صحیحے کے رود
بے حقیقت وہم کیسے ہو سکے | بے کھرے کے کس طرح کھوٹا چلے

کے دروغے قیمت آرد بے ز راست | در دو عالم ہر دروغ از راست خاست
جھوٹ بے سچ کے جو کیونکر روا تھا | جھوٹ سچائی سے ہے پیدا ہُوا

راست را دید او رواجے و فروغ | بر امید او رواں کرد او دروغ
سچ کی نرو تیج و ترقی دیکھ کر | جھوٹ چل نکلا اسی امید پر

اے دروغے کہ ز صدقت ایں نواست | شکر نعمت کن مکن انکار راست
صدق سے جب جھوٹ ہے سرشار صدق | شکر نعمت کر، نہ کر انکار صدق

از مفلسف گویم و سودائے او | یا ز کشتیہا و دریاہائے او
فلسفی اور اس کے سودا سے کہوں | کشتیوں اور اس کے دریا سے کہوں

بل ز کشتیہاش کاں پند دلست | گویم از کل جزو در کل داخلست
کشتیوں کو ہیں شاؤں اُس کی ٹھیک | کل کی باتیں، جزو ہے کل میں شریک

ہر ولی را نوح کشتیباں شناس | صحبت ایں خلق را طوفاں شناس
ہر ولی کو نوح کشتی باں سمجھ | صحبت مخلوق کو طوفاں سمجھ

کم گریز از شیر و اژدرہائے نر | ز آشنایان و ز خویشاں کن حذر
اژدہوں اور شیر سے اتنا نہ ڈر | اپنوں سے اور دوستوں سے کر حذر

در تلاقی روزگارت مے برند | یادشاں روزگارت مے چرند
اُن کا ملنا ہے ہلاکت وقت کی | اُن کی یادیں عمر کھوتی ہیں تری

چوں خر تشنہ خیال ہر یکے | از قف تن فکر را شربت مکے
ہے خیال اُن کا بس اک پیاسا گدھا | تازگی کو فکر کی ہے چوستا

آتشف کردست جبال آں شات | شبنمے کہ داری از نہر الحیات

جذب کرتا ہے جبال اُن کا پسر | زندگی کی تازہ شبنم سر بسر

پس نشان نشف آب اندر غصون | آں بود کہ مے بجنبد در رکون

جذب جب ہوتا ہے پانی شاخ کا | شاخ جھک پڑتی ہے اکثر بر ملا

عضو ہر شاخے تر و تازہ بود | مے کشی ہر سو کشیدہ میشود

جب رگیں ہوتی ہیں تازہ شاخ کی | جس طرف کھینچو اُدھر کھنچ جائے گی

گر سبد خواہی توانی کرد نش | ہم توانی کرد چنبر گردنش

اب اگر چاہے اُسے ڈلیا بنا | چاہے کر لے گول اُس کو اے فتا

چوں شد آں نا شف ز نشف بیخ خود | نا ملا نسوی کہ امرش میکشد

جذب کی جب تو نہیں پانی رہیں | اب جدھر کھینچو اُدھر کھنچتی نہیں

پس بخواں قاموا کسالیٰ از نبی | چوں نیابد شاخ از بیخش طبی

پس تو پڑھ قاموا کسالیٰ اے اخی | شاخ جب جڑ سے نہ پائے تازگی

آتشین ست ایں سخن کوتہ کنم | بر فقیر و گنج و احوالش زنم

گرم یہ باتیں ہیں ان کو چھوڑ دوں | گنج اور درویش کا قصہ کہوں

آتشے دیدی کہ سوزد او نہال | آتش جاں بیں کز و سوزد خیال

آگ دیکھی جس سے جلتے ہیں نہال | آتش جاں دیکھ جو پھونکے خیال

ز آتش عشق ست سوز ایں جان و دل | نیست انوار زو آں جان و دل

سوز جان و دل ہے آتش عشق کی | ہے اسی سے جان و دل میں روشنی

لہ سورہ نساء میں اللہ تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے وَاِذَا قَامُوا اِلَی الصَّلٰوۃِ قَامُوا کُسَالٰی ... یعنی منافقین جب نماز کے لئے کھڑے ہوتے ہیں تو بڑی الکساہٹ کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں ۔

نے خیال و نے حقیقت را اماں ۔ زاں چنیں آتش کہ شعلہ زد ز جاں

دے نہ تخییل و حقیقت کو اماں ۔ روح سے جو آگ ہو جو شعلہ فشاں

خصم ہر شیر آمد و ہر روبہ او ۔ کُلُّ شَیءٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَهٗ

شیر ہو یا لومڑی ۔ سب کچھ چلے ۔ فانی ہے ہر شے ۔ بجز اس ذات کے

در وجوہ وجہ او رو خرج شو ۔ چوں الف در بسم در رو درج شو

رنگ و صورت میں اسی کی ڈوب جا ۔ بسم[۱] میں مثلِ الف ہو جا فنا

آں الف در بسم پنہاں کردہ ایست ۔ ہست او در بسم و اندر بسم نیست

بسم میں پنہاں الف ہے با یقیں ۔ بسم میں موجود ہے بھی اور نہیں

ہمچنیں جملہ حروف گشتہ مات ۔ وقت حذف حرف از بہر صلات

حذف جتنے حرف اس وجہ سے ہوگئے ۔ حذف تھا یہ وصل ہی کے واسطے

او صلہ ست و بے و سین زو وصل یافت ۔ وصل بے و سین الف را بر نتافت

وہ صلہ ہے ۔ اور وہ اصل بے و سیں ۔ تھی الف کی اس میں گنجائش نہیں

چونکہ حرفے بر نتابد ایں وصال ۔ واجب آمد گر کنم کوتہ مقال

جب نہیں اک حرف کو تابِ وصال ۔ لازم آیا مختصر کر دوں مقال

چوں یکے حرفے فراق سین و بیست ۔ خامشی اینجا مہم تر واجبی ست

حرف اک ہے وجہ ہجر سین و بے ۔ ہے خموشی ہی یہاں لازم مجھے

چوں الف از خود فنا شد مکتنف ۔ بے و سین بے او ہمی گویند الف

جب الف نے کر دیا خود کو فنا ۔ بے و سین بے اس کے دیتے ہیں صدا

ما رمیت اذ رمیت از وی بست ۔ ہمچنیں قال اللہ از صمتش بجست

ما رمیت اذ رمیت سے بھی ۔ ضمن میں ہے اس کے قال اللہ بھی

۱؎ یعنی "بسم اللہ" اصل میں باسم اللہ تھا ۔ الف ایسا وصل ہوا کہ نہ پڑھا جاتا ہے نہ لکھا جاتا ہے ؎

تا بود دارو ندارد او عمل | چونکہ فانی شد کند دفع علل
ہے دوا جب تک نہیں اس میں عمل | صرف ہو جائے تو ہو دفع علل

گر شود بیشہ قلم دریا مدید | مثنوی را نیست پایانے پدید
گر سیاہی بحر ہو، جنگل قلم | ہو نہ پایان مثنوی کا بیش و کم

چار چوب خشت زن تا خاک ہست | مید ہد تقطیع شعرش نیز دست
خاک جب تک ہے عناصر میں ملی | شعر کی تقطیع کرتی ہے وہی

چوں نماند بیشہا سر در کشند | بیشہا از عین دریا سر کشند
ہوں اگر جنگل عدم میں مستتر | عین دریا سے ہوں جنگل جلوہ گر

چوں نماند خاک و بودش جف کند | خاک سازد بحر او چوں کف کند
عنصروں میں خشک اگر ہو جائے خاک | جھاگ دریا کے بنیں بنائے خاک

بہر ایں گفت آں خداوند فرج | حدثوا عن بحرنا اذ لا حرج
اس لئے ہے قول شاہ داد و دہن | اپنے دریا میں ذرا تنگی نہیں

باز گرد از بحر و رو در خشک نہ | ہم ز لعبت گو کہ کودک راست بہ
لوٹ اب دریا سے پھر خشکی میں آ | کھیل ہی بچے سمجھتے ہیں بھلا

تا ز لعبت اندک اندک در صبا | جانش گردد با ہم عقل آشنا
رفتہ رفتہ کھیل بچپن کے بھی | روح کو بخشیں گے دولت عقل کی

عقل ازاں بازی ہمے یابد صبی | گرچہ با غفلت در ظاہر ابی
عقل بچے کھیل سے ہیں سیکھتے | گو بظاہر ہیں وہ منکر عقل کے

کودک دیوانہ بازی کے کند
طفل دیوانہ کہاں بازی کرے

جزو باید تا کہ کل را طے کند
چاہیئے جزو ۔ تا پتہ کل کا لگے

خزانہ طلب کرنے والا فقیر

تک خیال آں فقیرم بے ریا	عاجز آورد از بپا و از ریا
ہے مجھے فکر فقیر بے نوا	جو صدائیں دیتے دیتے تھک گیا
بانگ او تو نشنوی من بشنوم	زانکہ در اسرار ہمراز وے ام
میں صدا سنتا ہوں تو سنتا نہیں	اُس کا میں ہمراز ہوں ایسا یقیں
طالب گنجش مبیں خود گنج اوست	دوست کے باشد بمعنی غیر دوست
گنج خود ہے گنج کا طالب ہو گیا	آشنا ملتا نہیں نا آشنا
سجدہ خود را میکند ہر لحظہ او	سجدہ پیش آئینہ است از بہر رو
سجدہ کرتا ہے وہ خود کو مو بمو	سجدہ پیش آئینہ ہے بہر رو
گر بدیدے ز آئینہ او یک بشیز	نے خیال او نماندے ہیچ چیز
آئینہ کا کچھ بھی کھل جاتا جو حال	پھر کسی شے کا نہ رہتا یک خیال
ہم خیالاتش ہم او فانی شدے	دانش او محو نادانی شدے
وہ بھی فانی ہوتا اُس کی فکر بھی	عقل ہوتی محو نادانی ابھی
دانشے دیگر ز نادانی ما	سر برآوردے عیاں کانی انا
ہوتی نادانی سے دانائی عیاں	اور کہتی میں ہوں دانش بیگماں
اسجدوا لآدم ندا آمد ہمے	کار بیدار خویش بیدارش دمے
سجدہ آدم کو کرو آئی ندا	چھوڑ دو طاعت اور اسے دیکھو ذرا
احولی از چشم ایشاں دور کرد	تا زمیں شد عین چرخ لاجورد
پردے آنکھوں سے اُٹھے جب باہمیں	آسمان لاجوردی تھی زمیں
لا الہ گفت و الا اللہ گفت	گشت الا اللہ وحدت شگفت
لا الہ کہہ کے الا اللہ کہا	راز الا اللہ میں وحدت کا کھلا

آن حبیب و آن خلیل با رشد | وقت آن آمد کہ گوشش واکشد
وہ حبیب اور وہ خلیل با صفا | ہے پکڑ کے کان ہم کو کھینچنا

سوئے چشمہ کہ دہان زینہا بشوی | ناپچہ پوشیدیم از خلقان گوا
جانب چشمہ کہ دھو لے منہ یہاں | کر نہ میرے راز خلقت پر عیاں

ور بگوئی خود نگردد آشکار | تو بقصد گفتن گردی جرم دار
گر کریگا تو نہ ہوں گے آشکار | کہہ لینے کا ہوگا تو تقصیر وار

ایک من ہم نک پریشان می‌تنم | قائل این سامع این نک منم
ہیں پریشان میری باتیں کیا کروں | کہہ رہا ہوں خود ہی سنتا خود ہی ہوں

صورت درویش تو نقش گنج کو | رنج کیشند این گروه اندر رنج کو
صورت درویش کیا اور گنج کیا | ہے یہ طبقہ رنج کیش اور رنج کیا

چشمہ راحت بر ایشان شد حرام | می‌خورند از زہر قاتل جام جام
راحت و آرام ہے ان پر حرام | زہر قاتل کے پیا کرتے ہیں جام

خاکہا پر کردہ دامن می‌کشند | تا کنند این چشمہ ہا را خشک بند
خاک سے بھرتے ہیں دامن یہ بھلا | تاکہ دیں راحت کے چشموں کو سکھا

کے شود این چشمۂ دریا مدد | منطمس زین مشت خاک نیک و بد
چشمۂ دریا مدد کیونکر بھرے | نیک و بد کی ایک مٹھی خاک سے

لیک گوید با شما من بستہ‌ام | بے شما من تا ابد پیوستہ‌ام
کہہ رہا ہے تم سے وابستہ ہوں میں | تا ابد تنہا بھی پیوستہ ہوں میں

قوم معکوس اند اندر مشتہا | خاک خوار و آب را کردہ رہا
خواہشیں لوگوں کی الٹی ہیں بسر | خاک کو کھاتے ہیں پانی چھوڑ کر

ضد طبع انبیا دارند خلق | اژدہا را اشتہا دارند خلق
ہے طبیعت ان کی ضد انبیاء | ان کی تکیہ کی جگہ ہے اژدہا

چشم بند خلق چوں دانستۂ ۔۔۔ ہیچ دانی کز چہ دیدہ بستۂ

اس نظر بندی سے واقف ہے اگر ۔۔۔ جانتا ہے کس سے پھیری ہے نظر

ہرچہ بکشادی بدل آں دیدہا ۔۔۔ یک بیک بنشیں لبدل واں آں ترا

اور کس پر آنکھ ہے کھولے ہوئے ۔۔۔ تا کہاں پلٹے گا تو پائے ہوئے

لیک خورشید عنایت تافتہ است ۔۔۔ آئساں را از کرم دریافتہ است

ہے مگر خورشید رحمت ضو فشاں ۔۔۔ نا امیدوں پر کرم سے مہرباں

نرد بس نادر ز رحمت باختہ ۔۔۔ عین کفراں را انابت ساختہ

کھیل یہ رحمت نے کھیلے ہیں عجیب ۔۔۔ یعنی عین کفر ہے تو یہ نصیب

ہم ازیں بدبختی خلق آں جواد ۔۔۔ منفجر کردہ دو صد چشمہ وداد

پھر اسی بدبخت خلقت کے لئے ۔۔۔ دوستی کے چشمے جاری کر دیئے

غنچہ را از خار سرمایہ دہد ۔۔۔ مہرہ را از مار پیرایہ دہد

خار سے غنچے کا سرمایہ بھرا ۔۔۔ سانپ سے مہرے کو پیرایہ دیا

از سواد شب بروں آرد نہار ۔۔۔ وز کف معسر برویاند یسار

رات سے دن کی نکالے روشنی ۔۔۔ تنگدستی کو فراخی دے وہی

آرد سازد ریگ را بہر خلیل ۔۔۔ کوہ با داؤدؑ سازد ہم رسیل

کردے آٹا ریت کو بہر خلیل ۔۔۔ ہم لب داؤدؑ ہو کوہ جلیل

کوہ با وحشت دراں ابر ظلم ۔۔۔ برکشادہ بانگ چنگ زیر و بم

باوجود وحشت و ظلمت بہم ۔۔۔ کوہ ہیں بجتا تھا ساز زیر و بم[1]

[1] معمول تھا کہ جب حضرت داؤدؑ نغمۂ زبور سے ترنم فرماتے تھے۔ تو تمام چرند پرند وحشت و رمیدگی چھوڑ کر انہیں گھیر لیتے تھے۔ اور خاموشی کے ساتھ ان کی آواز سنا کرتے تھے۔ نیز کوہ و جبل سے بھی وہی آواز نکلتی تھی اور سننے والے آہ و فغاں میں مبتلا ہو جاتے تھے ۔

خیز از داؤد از خلقاں نفیر ۔ ترک آں کردی عوض از ما بگیر

ست تھے داؤد خلقت نالہ زن ۔ ترک کر راحت عوض سے لے سخن

خزانہ طلب کرنے والے کی توبہ

گفت آں درویش کاے دانائے راز ۔ از پے ایں گنج کردم یاوہ تاز

بولا وہ درویش اے رب العقول ۔ کی خزانے کے لئے کوشش فضول

دیو حرص و آز مستعجل تگی ۔ نے تأنی جست و نے آہستگی

تھی یہ سب جلدی ہوا و حرص کی ۔ تھا تأمل ہی نہ تھی آہستگی

من ز دیگے لقمۂ ناں دوختم ۔ کف سیہ کردم دہاں را سوختم

دیگ سے لقمہ نہ اک مجھ کو ملا ۔ ہاتھ کالے ہو گئے منہ جل گیا

خود نگفتم چوں دریں ناموقنم ۔ زاں گرہ زن ایں گرہ را حل کنم

بے یقین تھا میں نہ کیوں میں نے کہا ۔ خود گرہ زن یہ گرہ سلجھائیگا

قول حق را ہم ز حق تفسیر جو ۔ ہین مگو ژاژ از گماں اے یاوہ گو

حق سے لے تفسیر قول حق جو ہو ۔ چل نہ تو اپنے گماں پر یاوہ گو

آں گرہ کو زد ہم او بگشایدش ۔ مہرہ کو انداخت او برپایدش

دی گرہ جس نے وہی سلجھائیگا ۔ جس نے مہرہ ڈالا بازی پائیگا

گرچہ آسانت نمود ایں ساں سخن ۔ کے بود آساں رموز من لدن

تو نے گو سمجھا تھا آساں یہ سخن ۔ کب ہے لیکن سہل رمز من لدن

گفت یا رب توبہ کردم زیں شتاب ۔ چوں تو در بستی تو کن ہم فتح باب

بولا یا رب توبہ اس تعجیل سے ۔ بند در تو نے کئے خود کھولدے

سلہ [illegible] لدنی ۔ خدا کا علم ؛

بر سر حرفہ شدم بار دگر	ور دعا کردن بارم ہم بے ہنر
کوششیں پھر میں نے کیں بار دگر	تھا دعا کرنے میں بھی، میں بے ہنر
کو ہنر کو من کجا دل مستوی	اینہمہ از عکس تست اینہم توئی
میں کہاں، کیسا ہنر، کیا جستجو	سب یہ تیرے عکس ہیں، ہے تو ہی تو
ہر نفسے تا ہیرو فرہنگم بخواب	ہمچو کشتی غرقہ میگردم در آب
رات دن ہوں کوششوں کے خواب میں	مثل کشتی غرق ہوں میں آب میں
خود نہ من میمانم و نے آں ہنر	تن چو مرداری فتادہ بے خبر
میں ہی رہتا ہوں۔ نہ وہ میرا ہنر	تن پڑا رہتا ہے مُردہ بے خبر
تا سحر جملہ شب آں شاہ علا	خود ہمیگو یہ الست و خود بلا
صبح تک شب بھر شہِ ارض و سما	خود ہی کہتا ہے الست اور خود بلیٰ
کو بلی گو جملہ را سیلاب برد	یا نہنگے کرد کل را خرد مرد
کہنے والے سب بلی کے بہہ گئے	کل نگرمچھ کے منہ میں جا کے رہ گئے
صبح دم چوں تیغ گوہر بار خود	از نیام ظلمت خود برکشد
صبح دم جب تیغ کو وہ کھینچ لے	ظلمت اور تاریکیوں کے میان سے
آفتاب شرق شب را طے کند	آں نہنگ آں خوردہا را قے کند
آفتاب صبح شب کو طے کرے	وہ نگر کھایا ہوا سب قے کرے
رستہ چوں یونس ز خوف آں نہنگ	منتشر گردیم اندر بو و رنگ
جب نہ یونسؑ کو رہا خوف نہنگ	ہو گیا پھر انتشار بو و رنگ
خلق چوں یونس مسبح آمدند	کاندریں ظلمات پر راحت شدند
مثل یونسؑ خلق تھی تسبیح خواں	تھی پڑی ظلمت میں راحت سے نہاں

؎ نگرمچھ ۔

هر یکی گویان بهنگام سحر | چون ز بطن حوت شب آید بدر
ہر کوئی وقت سحرگاہی کہے | جب وہ چھوٹے حوت شب کے بطن سے

کای کریمی کاندران لیل وحش | گنج رحمت بنهی و چندین چشش
اے کریم اس رات میں وحشی جو تھی | رحمتیں کیں تو نے مستی سے بھری

چشم تیز و گوش باز و تن سبک | از شب آنچون نهنگ ذوالحبک
تیز آنکھیں تن سبک اور صاف کان | دی نہنگ شب سے ہم کو یوں امان

از مقامات وحش روزین سپس | هیچ نگریزیم ما با چون تو کس
اب تو وحشت کی جگہ ہو گئی ہی | چھوڑ کر تجھ کو نہ بھاگیں گے کبھی

موسی آن را نار دید و نور بود | زنگی دیدیم شب را حور بود
نار موسیٰ جس کو سمجھے۔ تھا وہ نور | زنگی شب ہم نے جانا تھی وہ حور

ما نمیخواهیم غیر از دیده | دیدهٔ تیزی کشتی بگزیدهٔ
اب نہیں خواہش سوا اس آنکھ کے | برگزیدہ تیز ہیں کہیے جسے

بعد ازین ما دیده خواهیم از تو بس | تا نپوشد بحر را خاشاک و خس
آنکھ کے طالب ہیں اب تو تجھ سے بس | تا نہ دریا کو چھپالے خاک و خس

ساحران را چشم چون رست از عمی | کف زنان بودند بی دست و پا
ساحروں کو جب بصارت کی عطا | تھے بجاتے تالیاں بے دست و پا

چشم بند خلق جز اسباب نیست | هر که لرزد بر سبب زاصحاب نیست
ہے نظر بندی یہاں اسباب سے | جو سبب دیکھے نہیں اصحاب سے

۱۔ پچھلی لہ یعنی اے کریم رات کی وحشت میں تو نے ہم پر اپنی رحمتیں کیں اور ہمیں بےخبر و مست رکھا۔
۲۔ یہ ساحران فرعون کی طرف اشارہ ہے کہ جب انہوں نے إِنَّا إِلَىٰ رَبِّنَا مُنقَلِبُونَ کہا یعنی یہ کہا کہ ہم اب اپنے رب کی طرف لوٹتے ہیں تو فرعون نے انکے ہاتھ پاؤں کٹوا ڈالے مگر انہیں اس کی کچھ پروا نہ ہوئی۔ ۳۔ یعنی وہ صاحب دل نہیں۔

یک حق اصحاب نااصحاب را ‌ ‌ در کشاد و برد تا صدر سرا
ہر کس و ناکس کو وہ مولا مگر ‌ ‌ لے گیا ہے صدر تک در کھول کر

ہا گفش نامستحق و مستحق ‌ ‌ معتقان رحمتند از بند رق
مستحق نامستحق سب شاد ہیں ‌ ‌ بندگی کی قید سے آزاد ہیں

در عدم ما مستحقاں کے بدیم ‌ ‌ کہ بریں جان بریں دانش زدیم
ہم عدم میں اس کے کب حقدار تھے ‌ ‌ ہم کو ایسی جان اور دانش ملے

در عدم مارا چہ استحقاق بود ‌ ‌ تا چنیں عقلے و جانے رو نمود
تھا عدم میں ہم کو استحقاق کیا ‌ ‌ تا یہ عقل و جاں ہمیں دیتا خدا

اے بکردہ یار ہر اغیار را ‌ ‌ لے بداده خلعت گل خار را
ایک تو نے دوست غیروں کو کیا ‌ ‌ خلعت گل خار کو ہے دے دیا

خاک مارا ثانیا پالیز[ل] کن ‌ ‌ ہیچ بے را بار دیگر چیز کن
پھر ہماری خاک کو پالیز کر ‌ ‌ ہے جواب ناچیز اُس کو چیز کر

این دعا تو امر کردی ز ابتدا ‌ ‌ ورنہ خاکی را چہ زہرہ این ندا
حکم تو نے خود دعا کا ہے دیا ‌ ‌ ورنہ یہ خاکی کرے گا کیا ندا

چوں دعا مان امر کردی اے عجاب ‌ ‌ این دعائے خویش را کن مستجاب
خود دیا حکم دعا اے مستطاب ‌ ‌ اب دعا کر اپنی خود ہی مستجاب

شب شکستہ کشتی فہم و حواس ‌ ‌ نے امیدے ماندہ نے خوف و نہ پاس
شب نے توڑی کشتی فہم و حواس ‌ ‌ ڈر رہا باقی نہ امید و ہراس

بردہ در دریائے حیرت ایزدم ‌ ‌ تا زچہ فن پر کند بفرستدم
بحر حیرت میں جو ڈالا ہے مجھے ‌ ‌ اب سکھاتا ہے وہ کیا فن دیکھیے

ل کشت زار یعنی ہرا بھرا ؎

آں یکے را کردہ پر نور و جلال ۔ ویں دگر را کردہ پر وہم و خیال
ایک کو کرتا ہے پُر نور و جلال ۔ دوسرے کو تختۂ وہم و خیال

گر بخویشم ہیچ رائے و فن بدی ۔ رائے و تدبیرم بحکم من بدی
اسکے اور فن پر جو ہوتا اختیار ۔ ہوتا قبضے میں مرے انجام کار

شب نرفتے ہوش بے فرمان من ۔ زیر دام من بدے مرغان من
بے اجازت رات کو جاتا نہ ہوش ۔ مرغ زیر دام ہوتے بے خروش

بودمے آگہ ز منزلہائے جاں ۔ وقت خواب و بیہشی و امتحاں
منزلیں سب جان کی ہوتیں عیاں ۔ خواب و بے ہوشی میں وقت امتحاں

چوں کفم زیں حل و عقد ایں تہیست ۔ اے عجب ایں معجبی من ز چیست
جب میں حل و عقد سے ہوں بے نصیب ۔ پھر تعجب ہے یہ ہوں ایسا کیا عجیب

دیدہ را نادیدہ خود انگاشتم ۔ باز زنبیل دعا برداشتم
سمجھا نادیدہ اُسے جو دیدہ تھا ۔ پھر اٹھا لی میں نے زنبیل دعا

چوں الف چیزے ندارم اے کریم ۔ جز دلے دلتنگ تر از چشم میم
جوں الف یا رب نہیں میرے پاس کیا ۔ صرف اک دل تنگ چشم میم[1] سا

ایں الف ویں میم اُمّ[2] بود ماست ۔ میم اُم تنگست الف زاں نر گداست
یہ الف یہ میم اُمّ بود تھا ۔ میم ایسا تنگ، الف ایسا گدا

ایں الف چیزے ندارد غافلیست ۔ میم دلتنگ آں زماں عاقلیست
ہے الف ناچیز ۔ وہ جو غافلی ۔ میم ہے دل تنگ ۔ وہ ہے عاقلی

در زمان بیہشی خود ہیچ من ۔ در زمان ہوش پیچاپیچ من
بے ہشی کے وقت میں خود ہیچ ہوں ۔ ہوش آیا ہے تو پیچا پیچ ہوں

لہ یعنی جیسے میم کا سرا چھوٹا سا ہوتا ہے ؁

ٹہ ماں ؁

ہیچ دیگر بر چنیں ہیچے منہ ‏ نام دولت بر چنیں ہیچے منہ
اور پیچیدہ نہ کر اس ہیچ کو ‏ طعنۂ دولت نہ دے اس ہیچ کو

خود ندارم ہیچ بہ سازد مرا ‏ چوں زدوہم وارستایں صد غنا
ہیچ ہیں ہوں تو وہ کر دے گا بھلا ‏ دہم دارائی ہیں سکو ہوں مبتلا

ور ندارم ہم تو دارائیم کن ‏ رنج دیدم رحمت افزائیم کن
ہوں بھکاری ہیں اگر دارائی کر ‏ ہوں میں غمگیں، رحم کر اے دادگر

ہم در آب دیدہ عریاں بیستم ‏ بر در تو چونکہ دیدہ بیستم
آنسوؤں میں اپنے عریاں ہوں کھڑا ‏ تیرے در پر، کیونکہ ہوں انجان سا

زآب دیدہ بندہ بے دیدہ را ‏ سبزہ بخش و نبات زیں چرا
آب دیدہ سے تو اس نادیدہ کو ‏ کر عطا سرسبزیاں، برہم نہ ہو

ور نماند آب آبم دہ زعین ‏ ہمچو عینین نبی ہطالتین
گر نہ ہو پانی، عطا کر آب عین ‏ مثل عینین نبی ہطالتین[لہ]

او چو آب دیدہ جست از جود حق ‏ با چناں جلال و اقبال و ورق
جب وہ مانگیں آب چشم اللہ سے ‏ باوجود اس عظمت و اقبال کے

چوں نباشم زاشک خوں باریک ریس ‏ من تہی دست قضا و کاسہ لیس
کیوں نہ شغل اشکباری میں کروں ‏ ہوں تہیدست اور پھر محتاج ہوں

چوں چناں چشم اشک را مفتوں بود ‏ اشک من باید کہ صد جیحون بود
ایسی آنکھیں جب ہوں مفتوں گریہ کی ‏ چاہئے جیحون بنیں آنکھیں مری

لہ حضرت جبرئیل نے جناب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر دی کہ اگر کوئی محزون اپنی امت کے لئے روئے تو خدا اس امت کو بخش دیتا ہے۔ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ وہ محزون میں ہوں اور میری امت مرحوم ہے پھر آپ نے زیادتی رحمت کی طلب کی اور فرمایا اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ عَیْنَیْنِ ھَطَّالَتَیْنِ۔ اے اللہ مجھے ابر کی طرح برسنے والی دو آنکھیں عطا کر۔

قطرہ زاں پیش صد جیحون بہست	کہ بداں یک قطرہ جن و انس رست
اُن کا اک قطرہ سمندر سے بڑا	جس نے جن و انس کو پیدا کیا
چونکہ باراں جست آں روضہ بہشت	چوں نجوید آب شورہ خاک زشت
کی تھی جنت نے بھی بارش کی طلب	کیوں نہ ڈھونڈتا ہے میری خاکِ پُرلغب
اے اخی دست از دعا کردن مدار	با اجابت یا رد او ترا چہ کار
تو دعا کرتا ہی رہ اے دل ملول	تجھ کو اس سے کیا وہ رد ہو یا قبول
ناں کہ سد و مانع ایں آب بود	دست ازاں ناں مے بباید شست زود
اشکباری سے اگر مانع ہو ناں	ایسی روٹی سے تو دھو ہاتھ اے جواں
خویش را موزون و چست و سختہ کن	ز آب دیدہ نان خود را پختہ کن
چُست و موزوں اپنی ہستی کو بنا	اپنی روٹی آبِ دیدہ سے پکا

فقیر کی مشکل حل ہو جانا

اندریں بود او کہ الہام آمدش	کشف شد ایں مشکلات از ایزدش
تھا وہ اس دھن میں ہوا الہام اسے	کھولیں اُس کی مشکلیں اللہ نے
گفت گفتم بر کماں تیرے بنہ	کے بگفتم من کہ اندر کش تو زہ
یہ کہا تھا رکھ کماں میں تیر تو	کب کہا تھا کھینچ چلہ جلد جو!
مے بگفتم کایں کماں را سخت کش	در کماں نہ گفتمت نے پر کنش
کب کہا تھا کھینچ سختی سے کماں	تیر رکھنے کا دیا تھا حکم ہاں
از فضولی تو کماں افراشتی	صنعت قواسی بر داشتی
تو نے ناحق لی کماں اپنی اٹھا	اور یہ تیر انداز بیاں کرنے لگا
ترک ایں سختہ کمانی رو بگو	در کماں نہ تیر و پریدن مجو
کھینچنا سختی سے اس کو ترک کر	[illegible]

چوں بقصد تیر آنجا ے طلب	زو بگیزار و بزاری جو تو ہب
گر پڑے جب کر تلاش مدعا	زور چھوڑ اور یہ زر کو زاری کرکے پا
آنچہ حقست اقرب از حبل الورید	تو فگندی تیر فکرت را بعید
شاہ رگ سے ہے قریب اللہ تو	تو نے پھینکا دور تیر فکر کو
اے کمان و تیرہا برساختہ	صید نزدیک و تو دور انداختہ
تھا کمان و تیر پر تجھ کو غرور	صید تھا نزدیک، پھینکا تیر دور
ہرکہ او دورست دور از روئے او	کانہ باید قوت بازوئے او
دور رہتا ہے جو اُس سے زعم میں	آزماتا ہے وہ اُس کی قوتیں
ہرکہ دور اندازتر او دورتر	وز چنیں گنجست او مہجورتر
جو ہے دور انداز تر ہے دُورتر	ان خزانوں سے وہ ہے مہجورتر
فلسفی خود را از اندیشہ بکشت	گو بدو کورا سوئے گنج ست پشت
فلسفی ہے کیوں اسیر مرگ و رنج	اُس سے کہہ اندھے ترے پیچھے ہے گنج
گو بدو چنداں کہ افزوں میدود	از مراد دل جدا تر مے شود
اس سے کہہ جتنا ہے آگے بھاگتا	دُور ہے اتنا ہی مقصد سے پڑا
جاہدوا فینا بگفت آں شہریار	جاہدوا عنا نگفت اے بیقرار
جاہدوا فینا[1] ہے ارشاد رسول	جاہدوا عنا[2] نہیں اسے بوالفضول
ہمچو کنعاں کو ز ننگ نوح رفت	بر فراز قلعہ آں کوہ رفت
خاندان نوح سے کنعاں چھٹا	جب وہ چوٹی پر پہاڑ کی چڑھا
ہر چہ افزوں تر ہمے جست او مناص	سوئے کہ میشد جدا تر از خلاص
جس قدر اوپر وہ چڑھتا جاتا تھا	ہوتا جاتا تھا خلاصی سے جدا

[1] یعنی ہم سے مل کر کوشش کرو۔

[2] یعنی ہم سے الگ ہو کر کوشش کرو۔

ہمچو ایں درویش بہر گنج و کاں ۔۔۔ ہر صباحے سخت تر جستے کماں

جیسے یہ درویش بہر گنج و کان ۔۔۔ کھینچتا تھا روز سختی سے کمان

ہر کمانے کو گرفتے سخت تر ۔۔۔ بودی از گنج و نشاں بدبخت تر

کھینچتا تھا وہ کماں کو جس قدر ۔۔۔ دور ہو جاتا تھا اتنا گنج زر

ایں مثل اندر زمانہ جانی ست ۔۔۔ جان نادانان برنج ارزانی ست

یہ مثل سچ ہے جہاں میں پیش و کم ۔۔۔ بیوقوفوں کے لئے سستا ہے غم

زانکہ نادان از نشست تنگ اوستاد ۔۔۔ لاجرم رفت و دکان نو کشاد

کیونکہ ان کو عار ہے استاد سے ۔۔۔ اور نئی دکان وہ ہیں کھولتے

آں دکاں بالائے استادان کار ۔۔۔ گندہ و پر کژدم است و پر ز مار

پر دکان وہ غیر استادانِ کار ۔۔۔ سانپ بچھو سے بھری ہے بیشمار

زود ویران کن دکان و باز گرد ۔۔۔ سوئے سبزہ و گلستان آبخورد

بند کر دے یہ دکان اور لوٹ تو ۔۔۔ سوئے سبزہ سمت باغ آبجو

نے چو کنعان کو ز کبر و ناشناخت ۔۔۔ از کہ عاصم سفینہ فوز ساخت

بن نہ کنعاں کر لیا جس نے وہاں ۔۔۔ کوہ عاصم پر سفینہ کا گماں

علم تیر اندازیش آمد حجیب ۔۔۔ واں مراد او بدہ حاضر بجیب

تیر اندازی تھی پردہ پر نہاد ۔۔۔ ورنہ اس کی جیب ہی میں تھی مراد

اے بسا علم و ذکاوات و فطن ۔۔۔ گشتہ رہرو را چو غول راہزن

اے پسر اکثر یہ ہوش و علم و فن ۔۔۔ راہرو کے ہو گئے ہیں راہزن

بیشتر اصحاب جنت ابلہند ۔۔۔ تا ز شر فیلسوفی مے رہند

اکثر[1] اہل خلد ابلہ ہیں فقط ۔۔۔ تا ہوں شر فیلسوفی سے رہا

[1] حدیث شریف میں آیا ہے کہ اھل الجنۃ البلہ ؛

خویش را عریاں کن از جملہ فضول ‌ ‌ ترک خود کن تا کند رحمت نزول

ترک کر دے سب جو باتیں ہیں فضول ‌ ‌ کر خودی کو ترک، رحمت ہو نزول

زیرکی ضد شکست و نیاز ‌ ‌ زیرکی بگذار و باگولی بساز

ضد شکست و عجز کی ہے زیرکی ‌ ‌ زیرکی کو چھوڑ دے لے ابلہی

زیرکی شد دام برد و طمع گاز ‌ ‌ تا چہ خواہد زیرکی را پاکباز

زیرکی ہے دام، لالچ ہے کمیں ‌ ‌ گھات اور پھندے کا کیوں ہے [illegible]

زیرکان با صنعتی قانع شدند ‌ ‌ ابلہاں از صنع در صانع شدند

رہ گئے صنعت ہی پر عاقل مبتلا ‌ ‌ احمقوں کو صنع سے صانع ملا

زانکہ طفل خورد را مادر نہار ‌ ‌ دست و پا باشد نہادہ در کنار

ننھے کو ماں، ہر سحر تو دیکھ لے ‌ ‌ گود میں لیتی ہے کیسے پیار سے

مسلمان یہودی اور ترسا مسافروں کی حکایت

یک حکایت بشنو اینجا اے پسر ‌ ‌ تا نگردی ممتحن اندر ہنر

اک حکایت اس جگہ سن اے پسر ‌ ‌ تا نہ ہو تجھ پہ بلا تیرا ہنر

آں جہود و مومن و ترسا[1] مگر ‌ ‌ ہمرہی کردند با ہم در سفر

ایک مومن ایک ترسا اک یہود ‌ ‌ ہمسفر تھے مثل قند و نار و دود

با دو گمرہ ہمرہ آمد مومنے ‌ ‌ چوں خرد با نفس و با اہرمنے

ساتھ اک مومن کے دو گمراہ تھے ‌ ‌ نفس و شیطاں ساتھ جیسے عقل کے

مروزی و رازی افتند در سفر ‌ ‌ ہمرہ و ہمسفر پیش یکدگر

[2] مروزی و رازی کریں جیسے سفر ‌ ‌ اتفاقاً چل پڑیں با ہمدگر

لہ۔ عیسائی۔ آتش پرست۔

لہ یعنی مرو اور رے کے رہنے والے۔

در قفس افتند زاغ و چغز و باز — جفت شد در حبس پاک و بی‌نماز
جیسے اک پنجرے میں کوا اور باز — جیسے قیدی ایک پاک، اک بے نماز

کرده منزل شب بیک موضع بهم — مشرقی و مغربی قانع بهم
منزل اک شب کو کسی موضع میں کیا — کچھ وہاں کچھ مشرقی کچھ مغربی

مانده در منزل ز ره خورد و شگرف — روزها باهم ز سرما و ز برف
عاجز و درمانده سارے اور تھکے — برف و سرما سے رہے کچھ دن پڑے

چون گشاده شد ره و بگشاد بند — بگسلند و هر یکے سوئے روند
رفتہ رفتہ راستہ جب کھل گیا — ہر طرف اک قافلہ جانے لگا

چون قفس را بشکند شاه خرد — جمع مرغاں هر یکے سوئے پرد
توڑ دیتا ہے قفس کو جب وہ رب — اک طرف کو مرغ اڑ جاتے ہیں سب

پرگشاده هر یکے در شوق و یاد — در هوائے جنس خود سوئے معاد
شوق میں کھولے ہوئے سب اپنے پر — اپنے ہم جنسوں کی جانب لوٹ کر

پرگشاده هر دمے با اشک و آه — بیک پرپریدن ندارد روی راه
پرکشادہ مبتلائے اشک و آہ — اور نہ اڑنے کی کوئی صورت نہ راہ

چونکه ره وا شد پرد مانند باد — سوئے آں کز یاد او پر میگشاد
جب کھلا رستہ اڑے مثل ہوا — اس طرف کھلی یاد جس کی پرکشا

آں طرف کش بود اشک و سوز و آه — چونکه فرصت یافت آں سو کوفت راه
اس طرف جس کے لئے تھے اشک و آہ — جب قفس سے چھٹ گئے لی اپنی راہ

در تن خود بنگر ایں اجزائے تن — از کجا جمع آمدند اندر بدن
اپنے تن پر غور کر اجزا ترے — جمع ہیں کیونکر بدن میں ہو گئے

آبی و خاکی و بادی آتشی — عرشی و فرشی و رومی و کشی[1]
آبی و خاکی و بادی آتشی — عرشی اور فرشی ہیں رومی اور کشی

[1] کش کسی شہر کا نام ہے مطلب یہ کہ مختلف مقامات اور مختلف فضاؤں کے اجزاء

ازامید عود ہر یک بستہ طرف	اندریں منزل بہم از بیم برف
عود کرنے لوٹنے کے واسطے	اک جگہ ٹھہرے ہیں خوف برف سے
برف گیرد ناگوں جمود ہر جماد	در شتا از بعد آں خورشید داد
برف سے طاری ہے ہر شے پر جمود	کیونکہ ہے جاڑو دور ہے خورشید جود
چوں بتابد تفت آں خورشید خشم	کوہ گرد و گاہ ریگ و گاہ پشم
پہنچے گی گرمی جو اس خورشید کی	کوہ ہوگا ریت اور پتھر کبھی
در گداز آید جمادات گراں	چوں گداز تن بوقت نقل جاں
یہ جمادات گراں گل جائیں گے	جسم گھل جاتا ہے جیسے موت سے
چوں رسیدند ایں سہ ہمرہ منزلے	ہدیہ شاں آورد حلوا مقبلے
تینوں جب منزل پہ پہنچے بے وطن	لایا حلوا ایک محسن ہدیتاً
برد حلوا نزد آں ہر سہ غریب	محسنے از مطبخ مانی قریب
لایا ان تینوں غریبوں کے لئے	حلوا اپنے مطبخ نزدیک سے
نان گرم و صحن حلوائے عسل	برد آنکہ در ثوابش بود آکل
گرم روٹی اور شہد کے حلوے کی قاب	کیونکہ تھی اس کو تمنائے ثواب
الکیاسۃ والادب لاہل المدر	الضیافۃ والقری لاہل الوبر
بولا دانش حصہ اہل شہر کا	اور ضیافت گاؤں والوں کی بجا
الضیافۃ للغریب والقری	اودع الرحمن فی اہل القری
میہمانی ہر مسافر شخص کی	گاؤں والوں کو امانت حق نے دی
کل یوم فی القری ضیف حدیث	مالہ غیر الالہ من مغیث
گاؤں میں ہے روز اک مہماں نیا	جس کا پرساں ہی نہیں غیر خدا
کل لیل فی القری وفد جدید	مالہم ثم سوی اللہ المجید
شب کو روز آتا ہے اک وفد جدید	کون ہے اس کا بجز رب مجید

تخمہ بودند آں دو بیگانہ ز خور | بود صائم روز آں مومن مگر
تھے یہ کافر کھا کے تخمہ کا شکار | اور تھا بے چارہ مومن روزہ دار

چوں نمازِ شام آں حلوا رسید | بود مومن ماندہ در جوع شدید
وقتِ مغرب جبکہ وہ حلوا ملا | بھوک سے مومن کا پتلا حال تھا

آں دو کس گفتند ما از خور پریم | امشباں بنہیم و فردا مے خوریم
بولے کافر سیر ہیں اس وقت ہم | رہنے دو کل کھائیں گے حلوا بہم

صبر گیریم از خود امشب تن زنیم | بہر فردا لوت را پنہاں کنیم
رات کو تو صبر کرنا چاہیئے | کھانا تا محفوظ ہو کل کے لئے

گفت مومن امشب ایں خوردہ شود | صبر را بنہیم تا فردا بود
بولا مومن۔ یہ تو کھا لو رات کو | صبر کیسا، صبر کو کل پر رکھو

پس بدو گفتند زیں حکمت گری | قصد تو آنست تا تنہا خوری
بولے دونوں سمجھے ہم حکمت تری | کھائے تو تنہا۔ ارادہ ہے یہی

گفت اے یاراں کہ نہ ما سہ تنیم | چوں خلاف افتاد قسمت میکنیم
بولا مومن، تین ہیں ہم دوستو | اختلاف رائے ہے تو بانٹ لو

ہر کہ خواہد قسم خود بر جاں زند | وانکہ خواہد قسم خود پنہاں کند
جس کا جی چاہے۔ وہ حصہ اپنا کھائے | اور جو چاہے اپنے حصے کو چھپائے

آں دو گفتندش ز قسمت در گذر | گوش کن قسام فی النار از خبر
بولے دونوں۔ بانٹنے سے در گذر | بانٹنے والا ہے ناری بے خبر

گفت قسام او بود کو خویش را | کرد قسمت بر ہوا نے بہر خدا
بولا مومن۔ ہے یہ قول اس کے لئے | جو کرے تقسیم حصہ حرص سے

ملک حق و جملہ قسم او ستی | قسم دیگر را دہی دو کوستی
تو ہے خود تقسیم حق ملکِ خدا | پھر کرے گا اور کو تقسیم کیا

این اسد غالب شدے ہم بر سگاں ‌‌ ‌ ‌گر نبودے نوبت آں بدرگاں
غالب اُن کتوں پہ آ جاتا یہ شیر ‌ ‌ ‌ ‌گر نہ ہوتا اُن کا حصہ اے دلیر

این اسد غالب شدے ہم بر بقور ‌ ‌ ‌ ‌گر نبودے نوبت آں گاؤ زور
غالب آتا ساری گایوں پر یہی ‌ ‌ ‌ ‌گائے گر حصہ نہ لیتی مکر کی

قصد شاں آں کاں مسلماں غم خورد ‌ ‌ ‌ ‌شب برد وز بینوائی بگذرد
چاہتے تھے وہ مسلمان کھائے غم ‌ ‌ ‌ ‌رات گذرے بیکسی میں دم بدم

بود مغلوب او بتسلیم و رضا ‌ ‌ ‌ ‌گفت سمعاً طاعةً اصحابنا
تھا جو وہ مغلوب تسلیم و رضا ‌ ‌ ‌ ‌بولا اچھا۔ جو ہو مرضی عذر کیا

پس بخفتند آں شب و برخاستند ‌ ‌ ‌ ‌بامدادان خویش را آراستند
شب کو سوئے اور اُٹھے وقت سحر ‌ ‌ ‌ ‌پھر ہوئے آراستہ با کر و فر

روئے شستند و دہان ہر یکے ‌ ‌ ‌ ‌داشت اندر ورد و راہ و مسلکے
سب نے دھویا ہاتھ منہ بہر صفا ‌ ‌ ‌ ‌سب کا مسلک اور طریقہ تھا جدا

یک زمانے ہر یکے آور ورد ‌ ‌ ‌ ‌سوئے ورد خویش از حق فضل جست
پھر رجوع رحمت خالق ہوئے ‌ ‌ ‌ ‌اپنا اپنا ورد سب پڑھتے رہے

مومن و ترسا جہود و گبر و مغ ‌ ‌ ‌ ‌جملہ را رو سوئے آں سلطان الغ
کوئی مومن ہو کہ ہو کافر کوئی ‌ ‌ ‌ ‌سب کو مومن سے ہے ایک ہی اللہ کی

مومن و ترسا جہود و نیک و بد ‌ ‌ ‌ ‌جملگاں را ہست رو سوئے احد
مومن ترسا یہودی نیک و بد ‌ ‌ ‌ ‌سب کا رُخ ہے جانب رب احد

بلکہ سنگ و خاک و کوہ و آب را ‌ ‌ ‌ ‌ہست واگشت نہانی با خدا
بلکہ پانی اور پتھر کوہ و خاک ‌ ‌ ‌ ‌سب کا مرجع ہے وہی اک ذات پاک

این سخن پایاں ندارد ہر سہ یار ‌ ‌ ‌ ‌رو بہم کردند آں دم یار وار
قصہ لمبا ہے۔ غرض تینوں وہ یار ‌ ‌ ‌ ‌مل کے بیٹھے اک جگہ پر دوست وار

آں یکے گفتا کہ ہر یک اسپ خویش ‌‌ — آنچہ دید او دوش گو آور بہ پیش

ایک بولا جس نے جو دیکھا ہو خواب ‌‌ — رات کو کر دے بیاں وہ بے حجاب

ہر کہ خوابش بہ بود حلوا خورد ‌‌ — قسم ہر مفضول را فاضل برد

جس کا خواب اچھا ہو۔ حلوا کھائے وہ ‌‌ — دوسرے کا حصہ بھی لے جائے وہ

آنکہ اندر عقل بالاتر رود ‌‌ — خوردن او خوردن جملہ بود

عقل میں ہم سب سے جو بالا رہے ‌‌ — سب کا کھانا ہے اسی کے واسطے

فائق آید جان پر انوار او ‌‌ — باقیاں را بس بود تیمار او

فائق اس کی جان پر انوار ہو ‌‌ — باقی ہر شخص اس کا بس غمخوار ہو

عاقلاں را چوں بقا آمد ابد ‌‌ — پس بمعنی ایں جہاں باقی بود

عاقلوں کی جب بقا ہے جاوداں ‌‌ — تو حقیقت میں ہے باقی یہ جہاں

پس جہود آورد آنچہ دیدہ بود ‌‌ — تا کجا شب روح او گردیدہ بود

تھا جو کچھ دیکھا یہودی نے کہا ‌‌ — شب کو اس کی روح تھی کتنی رسا

گفت در رہ موسیم آمد بہ پیش ‌‌ — گربہ بیند دنبہ اندر خواب خویش

بولا۔ موسیٰ رات کو مجھ سے ملے ‌‌ — خواب میں بلی کے چکتی ہی رہے

در پئے موسیٰ شدم تا کوہ طور ‌‌ — ہر سہ تن گشتیم ناپیدا ز نور

ساتھ موسیٰ کے گیا تا کوہ طور ‌‌ — ہو گیا ہم تینوں پر غالب وہ نور

ہر سہ سایہ محو شد زاں آفتاب ‌‌ — بعد ازاں زاں نور شد یک فتح باب

تینوں سائے گم تھے اس خورشید سے ‌‌ — پھر کھلا اک در شرف سے نور کے

نور دیگر از دل آں نور رست ‌‌ — پس ترقیش آمد آں ثانی نو رست

نور چمکا یا نور پر اک دوسرا ‌‌ — دوسرے نے کی ترقی برملا

ہم من و ہم موسیٰ و ہم کوہ طور ‌‌ — ہر سہ گم گشتیم ز اشراق نور

میں بھی اور موسیٰ بھی کوہ طور بھی ‌‌ — ہو گئے گم نور میں تینوں ہی

بعد ازاں ہم کہ گہ سہ شاخ شد | چونکہ نور حق درو نفاخ شد

یعنی ٹکڑے ہو گئے پھر کوہ کے | پھونکہ دم پھونکا تھا اُس میں نور نے

وصف ہیبت چوں تجلی زد برو | مے گسست از ہم ہمی شد سو بسو

وقف ہیبت جب تجلی سے ہوا | ٹوٹ کر وہ ہر طرف اڑنے لگا

زاں یکے شاخے کہ آمد سوئے یم | گشت شیریں آب تلخ ہمچو سم

اُن میں سے ٹکڑا جو آیا سوئے یم | میٹھا پانی ہو گیا وہ۔ تھا جو سم

واں دگر شاخش فرو شد در زمیں | چشمہ زاد و بروں آمد معیں

دوسرا ٹکڑا گیا زیر زمیں | نکلا اک چشمے سے پھر ماء معیں

کہ شفائے جملہ رنجوراں شد آب | از ہمایونی وحی مستطاب

پائی بیماروں نے پانی سے شفا | اُس میں پرتو تھا مبارک وحی کا

واں دگر شاخ سبکی پرید زو | تا جوار کعبہ کہ عرفات بود

تیسرا ٹکڑا اُڑا جو پاک بیباک | پہنچا سوئے کعبہ وہ عرفات تک

باز ازاں صعقہ چو باخود آمدم | طور بر جا بد نہ افزوں و نہ کم

ہیں جو بے ہوشی سے چونکا باشعور | تھا بدستور اپنی حالت پر وہ طور

لیک زیر پائے موسیٰ ہمچو یخ | میگدازید و نماندش شاخ و شخ

پر تھا زیر پائے موسیٰ برف سا | نرم اور ہموار اور پگھلا ہوا

با زمیں ہموار شد کوہ از نہیب | گشت بالایش ازاں ہیبت نشیب

کوہ تا زمیں سے ڈر کے وہ ہموار تھا | پست ساری ہو گئیں اونچائیاں

باز با خود آمدم زاں انتشار | باز دیدم طور و موسیٰ برقرار

پھر جو میرا کم ہوا یہ انتشار | طور اور موسیٰ کو دیکھا برقرار

واں بیاباں سربسر در ذیل کوہ | پر خلائق گشتہ موسیٰ با شکوہ

بھر گیا خلقت سے وہ صحرا و کوہ | تھی وہ خلقت مثل موسیٰ باشکوہ

چوں عصا و خرقہا و خرقہ شاں　　جملہ سوئے طور خوش دامن کشاں

ایسے ہی کپڑے تھے ایسے ہی عصا　　جانب طور آ رہے تھے ہر ملا

جملہ کفہا در دعا افراشتہ　　نعرۂ ارنی بہم در ساختہ

ہاتھ اٹھائے تھے دعا کے واسطے　　رب ارنی کے تھے نعرے مارتے

باز آں غشیاں چو از سر شد بروں　　صورت ہر یک دگر گونہ ام نمود

پھر جو فوراً ہی ہٹی یہ بے خودی　　دیکھیں سب کی صورتیں بدلی ہوئی

انبیا بودند ایشاں اہل ود　　اتحاد انبیایم فہم شد

انبیاء تھے سب وہ ارباب صفا　　میں نے جانا اتحاد انبیا

باز املاکے ہمے دیدم شگرف　　صورت ایشاں بد از اجرام برف

پھر فرشتے میں نے دیکھے واقعی　　برف سے تھیں صورتیں ان کی بنی

حلقۂ دیگر ملائک مستعین　　صورت ایشاں بجملہ آتشیں

دوسری صف تھی فرشتوں کی وہاں　　تھیں مگر ان سب کی شکلیں آتشیں

زیں نمط میگفت احوال آں جہود　　بس جہودی کاخرش محمود بود

یوں یہودی کر رہا تھا قیل و قال　　ہاں بہت سے ہیں یہودی خوش مآل

ہیچ کافر را بخواری منگرید　　کہ مسلماں مردنش باشد امید

کافروں پر کر نہ ذلت سے نظر　　چاہتے ہیں ختم ہونا اسلام پر(۱)

چہ خبر داری ز ختم عمر او　　تا بگردانی ازو یکبارہ رو

ان کے جب انجام سے واقف نہیں　　ان سے منہ کیوں پھیرتا ہے ہم نشیں

بعد ازاں ترسا در آمد در کلام　　کہ مسیحم رو نمود اندر منام

گفتگو ترسا نے یوں کی ابتدا　　خواب میں آئے تھے عیسیٰ بے گماں

(۱) یعنی اکثر کافروں کی یہ آرزو ہوتی ہے کہ ان کا خاتمہ اسلام پر ہو۔

پس شدم بااو بچارم آسماں ‖ مرکز و منشای خورشید جہاں
ہیں گیا ہمراہ چوتھے چرخ پر ‖ جو جگہ خورشید کی ہے سربسر
خود عجب ہائے قلاع آسماں ‖ نسبتش نبود با آیات جہاں
آسماں کے قلعے پر دیکھی گئیں ‖ ایسی کچھ چیزیں جو دنیا میں نہیں
ہر کسے داند کہ سقف البنین ‖ کہ فزوں باشد فن چرخ از زمین
جانتے ہیں سب سبھی کو ہے خبر ‖ ہے زمیں سے آسماں ممتاز تر

اونٹ گائے اور مینڈھے کی حکایت

اشتر و گاو و قچی در پیش راہ ‖ یافتند اندر روش بند گیاہ
ایک اونٹ ایک گائے اک مینڈھا بھلا ‖ راستے میں گھاس کا جھونا رہا
گفت قچ بخش ار کنیم این را یقین ‖ ہیچکس زیں ما نگردد سیر ازیں
بولا مینڈھا اس کی ہو تقسیم اگر ‖ سیر ہم میں سے نہ ہوگا کوئی نفر
لیک عمر ہر کہ باشد بیشتر ‖ ایں علف او راست اولیٰ گو بخور
اس لئے جس کی زیادہ عمر ہو ‖ گھاس یہ کھائے وہی اس سے کہو
کہ اکابر را مقدم داشتن ‖ آمدہ است از مصطفیٰؐ اندر سنن
ہیں مقدم اپنے چھوٹوں پر بڑے ‖ سنت احمدؐ یہی ہے خیر سے
گرچہ پیراں را در ایں دور لئام[1] ‖ در دو موضع پیش میدارند عام
آج کل گو اپنے پیروں کو تمام ‖ ہیں مقدم دو جگہ رکھتے عوام
یا در آں لوتے کہ بس سوزاں بود ‖ یا برآں پل کز خلل ویراں بود
یا تو اک جلتے آب سنگستان میں ‖ یا پھر اس پل پر جو ہو نقصان میں

[1] یعنی بزرگوں اور پیروں کو صرف مشکل اور خطرناک راستوں میں اپنا پیشوا بنایا جاتا ہے ۔

خدمت شیخی بزرگی قائدے ۔۔۔ عام نا رد بے قرینہ فاسدے

شیخ کی خدمت عوام نامراد ۔۔۔ کرتے ہیں جب دیکھتے ہیں کچھ فساد

خیر شاں این است چہ بود شر شاں ۔۔۔ فتح شاں با زوال از فر شاں

گر یہ نیکی ہے تو شر پہ غور کر ۔۔۔ اس بھلائی سے بدی پر کر نظر

ظاہر پرستوں کی ایک مثال

سوئے جامع میشدے یک شہریار ۔۔۔ خلق را میزد نقیب و چوبدار

مسجد جامع چلا اک شہریار ۔۔۔ مارتے جاتے تھے سب کو چوبدار

آں یکے را سر شکستی چوب زن ۔۔۔ واں دگر را بر دریدے پیرہن

سر کسی کا توڑ دیتے تھے چوب زن ۔۔۔ پھاڑتا کوئی کسی کا پیرہن

در میانہ بیدلی دہ چوب خورد ۔۔۔ بیگناہے کہ برو از راہ گرد

ایک بیکس کے پڑیں دس لکڑیاں ۔۔۔ بے گنہ کتنا ہوئے جاتا ہے کہاں

خوں چکاں رو کرد با شاہ و بگفت ۔۔۔ ظلم ظاہر ہیں چہ پرسی از نہفت

یوں حضور شاہ بولا خوں چکاں ۔۔۔ ظلم ظاہر یہ ہے کیا ہوگا نہاں

خیر تو این است جامع میروی ۔۔۔ تا چہ باشد شر و شرت اے غوی

راہ مسجد میں یہ نیکی ہے تری ۔۔۔ شر ترا کیا ہو سکتا اے مرد غوی

یک سلامے نشنود پیر از خسے ۔۔۔ تا نہ پیچد عاقبت از وے بسے

جب کریں پیروں کو نا اہل سلام ۔۔۔ رنج و تاب ان کو ہو لاحق الکلام

گرگ دریابد ولی را بہ بود ۔۔۔ تا کہ دریابد ورا نفس بد

بھیڑیا بہتر ہے ولیوں کے لئے ۔۔۔ نفس بد ہوں نہ لیکن واسطے

زانکہ گرگ ارچہ کہ بس اشکریست ۔۔۔ لیکش آں فرہنگ کید و مکر نیست

بھیڑیا ظالم تو بے شک ہے و لے ۔۔۔ مکر و فن اس میں نہیں ہیں دیکھ لے

ورنہ کے اندر فتادی او بدام | بکر اندر راہ می باشد تمام
ورنہ اس کو پھانستا کس طرح دام | مکر بس انسان ہی میں ہے تمام

مکر از آں دست کو دارد کرم | بشنود آواز و گوید من کرم ۱؎
مکر اس اہل کرم کو زیب دے | جو سنے آواز اور بہرا بنے

گائے اونٹ اور مینڈھے کا قصہ

گفت قچ با گاو و اشتر کاے رفاق | چوں چنیں افتاد مارا اتفاق
بولا مینڈھا اونٹ سے اور گائے سے | اتفاق ایسا پڑا ہے ۔ دیکھئے

ہر یکے تاریخ عمر ابدا کنید | پیرتر اولیٰ ست باقی تن زنید
اپنی اپنی عمر سب کر دیں بیاں | جو ہو بوڑھا بس وہ اولیٰ ہے یہاں

گفت قچ مرج من اندر آں عہود | با قچ قربان اسمٰعیلؑ بود
ہے چراگہ میرا ۔ مینڈھے نے کہا | جس میں اسمٰعیلؑ کا مینڈھا چرا

گاو گفتا بودہ ام من سالخورد | جفت آں گاوم کش آدمؑ جفت کرد
گائے بولی عمر میری ہے بڑی | گاو آدمؑ میری جوڑی دار تھی

جفت آں گاوم کش آدم بہر خلق | در زراعت بر زمین میکرد فلق
جوڑی ہوں اس گائے کی میں بیگماں | جس سے آدم جوتتے تھے کھیتیاں

چوں شنید از گاو و قچ اشتر شگفت | سر فرود آورد و آں را برگرفت
اونٹ نے جب یہ بیان ان کا سنا | سر جھکایا اور اٹھا لے لیا

در ہوا برداشت آں بند قصیل | اشترِ بختی بسے بے قال و قیل
گھاس وہ اوپر اٹھا کر بے دلیل | کی قوی اس اونٹ نے بے قال و قیل

۱؎ جیسے منصور کے متعلق روایت ہے کہ کسی عورت کے گوز کی آواز سنکر بلحاظ تخجالت بہرے بنگئے تھے ۔ یا حاتم اصم کی حکایت جو بہرے بنگئے تھے اور جن کا حال حضرت سعدیؒ نے بوستان میں لکھا ہے

کہ مرا خود حاجت تاریخ نیست — کاں چنیں جسمے و عالی گردنیست

مجھے تاریخ کی حاجت نہیں — ہے بڑا جسم اور گردن بالیقین

خود ہمہ کس دانند اے جان پدر — کہ نباشم از شما من خرد تر

جانتے ہیں سب یہ سب کو آگہی — تم سے چھوٹا ہو نہیں سکتا کبھی

واند ایں را ہر کہ ز اصحاب نہاست — کہ نہاد من فزوں تر از شماست

جانتے ہیں اہل عقل و ہوشمند — میری خلقت تو ہے تم سب سے بلند

جملگاں دانند کایں چرخ بلند — ہست صد چنداں کہ ایں خاک نژند

جانتے ہیں سب کہ چرخ باعلا — ہے بلندی میں زمیں سے سو گنا

کو کشاد قلعہ ہائے آسماں — کو نہاد بقعہ ہائے خاکیاں

آسماں کے قلعوں میں ہے جو کشاد — خاکداں کی ہے کہاں ایسی نہاد

تقریر عیسائی کیطرف رجوع اور مسلمان کی باری

پس مسلماں گفت کاے یاران من — پیشم آمد مصطفیٰ سلطان من

پس مسلمان نے کہا اے دوستو — خواب میں آئے محمد رات کو

سید سادات سلطان نبیل — مفخر کونین و ہادی سبیل

سب کے سردار اور وہ شاہوں کے شاہ — سرور کونین اور ہادی شاہ

پس مرا گفت آں یکے بر طور تاخت — با کلیم حق و نرد عشق باخت

مجھ سے فرمایا۔ گیا اک طور پر — عشق موسیٰ میں ہوا وہ بے خبر

واں دگر را عیسیٰ صاحبقراں — برد بر اوج چہارم آسماں

دوسرے کو عیسیٰ صاحبقراں — لے گئے چوتھے فلک پر بے گماں

خیز اے پس ماندہ دیدہ ضرر — بارے ایں حلوا و یخنی را بخور

تو یہاں باقی ہے۔ اٹھ اے با ضرر — اور اس حلوے کو کھالے بے خطر

آں ہنرمنداں پر فن راندند ‏ نامۂ اقبال و منصب خواندند

ان ہنرمندوں نے پائے مرتبے ‏ منصب و اقبال اُن کو مل گئے

آں دو فاضل فضل خود دریافتند ‏ با ملائک فضل خود دریافتند

فضل اُن دونوں کو حاصل ہو گیا ‏ اُن کا رتبہ تو فرشتوں سے ملا

اے سلیم گول واپس ماندہ ہین ‏ بر جہ و بر کاسۂ حلوا نشین

کشادہ دل لاچار کیوں بیٹھا ہے تو ‏ تاب رکھ حلوے کی اپنے روبرو

پس بگفتندش کہ اے اہل حریص ‏ اے عجب خوردی ز حلوائے خبیص

بولے کافر اے حریص بے ہنر ‏ کھا گیا کمبخت کیا حلوائے تر؟

گفت چوں فرمود آں شاہ مطاع ‏ من کیم تا من کنم زاں امتناع

اولا سوئی تو جب وہ سلطان حکم دے ‏ پھر بھلا انکار کوئی کیا کرے

تو جہود از امر موسیٰ سرکشی ‏ گر بخواند در خوشی یا ناخوشی

اے یہودی! ہو سکا سرکش اُن سے کیا؟ ‏ حکم دیں موسیٰ اگر اچھا برا

تو مسیحی ہیچ از امر مسیح ‏ سر توانی تافت از خوب و قبیح

اے مسیحی حکم عیسیٰ سے بھی ‏ عذر ہو سکتا ہے کہ ایمان سے

من ز فخر انبیا چوں سرکشم ‏ خوردہ‌ام آں حلوا و اینم سرخوشم

سرکشی میں مصطفیٰ سے کیوں کروں ‏ کھا لیا حلوا اور اب دل شاد ہوں

پس بگفتندش کہ واللہ خواب راست ‏ تو بدیدی وین بہ از صد خواب ماست

بولے تیرا خواب ہی سچا ہے یار ‏ سیکڑوں خوابوں سے ہے وہ خوشگوار

خواب تو بیداریست اے بو بطر ‏ کاں بہ بیداری عیانستش اثر

خواب بیداری ہے تیرا خوش نظر ‏ جو ہے بیداری میں بھی اُس کا اثر

خواب تو بیداریست اے خوش نہاد ‏ کہ تو در خوابت رسیدی با مراد

خواب بیداری ہے تیرا خوش نہاد ‏ تو نے پائی خواب میں اپنی مراد

خواب تو بیداریست اے نیکخو ‌ ‌ ‌ ‌ کز آں خوابت رسید امر کلوا
خواب بیداری ہے اے مومن ترا ‌ ‌ ‌ ‌ خواب ہی میں حکم کھانے کا ملا

خواب تو بیداریست اے نیکمرد ‌ ‌ ‌ ‌ کہ ازاں خوابت رخ ما ست زرد
خواب بیداری ہے تیرا نیک مرد ‌ ‌ ‌ ‌ خواب سے تیرے ہمارا رنگ زرد

خواب تو بیداریست اے سر جاں ‌ ‌ ‌ ‌ کہ ہمارا ظاہر او پیدی نہاں
خواب بیداری ہے تیرا اے جوان ‌ ‌ ‌ ‌ خواب میں دیکھا ترا جو کچھ ہے عیاں

خواب تو مانند خواب انبیاست ‌ ‌ ‌ ‌ کہ شد ایں خواب تو بے تعبیر راست
ہے یہ تیرا خواب خواب انبیا ‌ ‌ ‌ ‌ ہو کہ بے تعبیر سچا ہو گیا

در گذر از فضل و از جلدی و فن ‌ ‌ ‌ ‌ کار خدمت دارد و خلق حسن
چھوڑ دے جلدی اور اپنا علم و فن ‌ ‌ ‌ ‌ بندگی ہے شرط اور خلق حسن

بہر ایں آورد ما یزداں برون ‌ ‌ ‌ ‌ ما خلقت الانس الا یعبدون[۱]
اس لئے حق نے ہمیں پیدا کیا ‌ ‌ ‌ ‌ ما خلقت پڑھ لے قرآں میں ذرا

سامری را آں ہنر چہ سود کرد ‌ ‌ ‌ ‌ کاں فن از باب اللہش مردود کرد
سامری کے کام کیا آیا ہنر ‌ ‌ ‌ ‌ ہو گیا مردود حق وہ بے خبر

چہ کشید از کیمیا قاروں ببیں ‌ ‌ ‌ ‌ کہ فرو بردش بقعر خود زمیں
کیمیا سے کیا ملا قاروں کو یار ‌ ‌ ‌ ‌ کھا لیا اس کو زمیں نے ایکبار

بو الحکم آخر چہ بربست از ہنر ‌ ‌ ‌ ‌ سرنگوں رفت او ز کفراں در سقر
کیا ہنر سے پا لیا بو جہل نے ‌ ‌ ‌ ‌ پہنچا وہ دوزخ میں سر ڈالے ہوئے

خود ہنر آں داں کہ دید آتش عیاں ‌ ‌ ‌ ‌ نے گپ دل علی النار الدخان[۲]
یا ہنر وہ آگ جو دیکھے عیاں ‌ ‌ ‌ ‌ گپ ہے آتش پر دلالت ہے دھواں

[۱] ما خلقت الجن والانس الا لیعبدون یعنی ہم نے جن و انسان کو نہیں پیدا کیا مگر بندگی اور عبادت کے لئے
[۲] یعنی یہ تو نری گپ ہے کہ الدخان دل علی النار دھواں آگ پر دلالت کرتا ہے۔

اے دلیلت گندہ تر نزد لبیب ‏ ‏ ‏ در حقیقت از دلیل آں طبیب[1]
تیری یہ ناقص دلیل اے بے ہنر ‏ ‏ ‏ اُس دلیل طب سے بھی ہے گندہ تر

چون دلیلت نیست جز ایں اے پسر ‏ ‏ ‏ ژاژ میخا در کمیزش بے نگر
بس یہی تیری دلیلیں ہیں اگر ‏ ‏ ‏ تو زباں کر بند اور بک بک نہ کر

اے دلیل تو مثال آں عصا ‏ ‏ ‏ در کفت دل علی عیب العمیٰ
ہے عصا تیری دلیل اے بے سبیل ‏ ‏ ‏ ہے عصا تو عیب کوری کی دلیل

اے دلیل ما چو فکر با دلیل ‏ ‏ ‏ بیشی ما پیش دانایاں قلیل
ہے بیناؤں کی طرح اپنی دلیل ‏ ‏ ‏ پیش دانا کچھ نہیں اپنی دلیل

غلغل و طاق و طرنب و گیرودار ‏ ‏ ‏ گر نمی بینم مرا معذور دار
دبدبہ فخر و نخوت اور شان ‏ ‏ ‏ گر نہ دیکھوں ہیں سمجھئے معذور بیان

ملک ترمذ کے سردار کا منادی کرنا

سپہدار ترمد کہ آنجا شاہ بود ‏ ‏ ‏ مسخرہ او دلقک و آگاہ بود
سپہدار ترمد جو اُس جا شاہ تھا ‏ ‏ ‏ دلقک اُس کا مسخرہ و آگاہ تھا

داشت کارے در سمرقند او مہم ‏ ‏ ‏ جست لاقی تا شود او مستتم
اک اہم کام سمرقند اُس کو تھا ‏ ‏ ‏ جس کی خاطر ڈاک دی اس نے بٹھا

زد منادی کانکہ او در پنج روز ‏ ‏ ‏ آردم پیغام خوب با فروز
اور منادی کی کہ جو تا پنج روز ‏ ‏ ‏ مجھ کو لا دے اک پیغام دلفروز

بخشمش اورا زر و گنج بے شمار ‏ ‏ ‏ تا شود میر و عزیز اندر دیار
مال و زر بخشوں اسے میں بے شمار ‏ ‏ ‏ تا وہ سردار و عزیز ہو در دیار

لہ یعنی طبیب قارورہ سے مرض کی تشخیص کرتے ہیں مگر اسے استدلال تیری دلیل اس سے بھی زیادہ گندی ہے ۔ لہ یعنی اُس بادشاہ کو ۔

دلقک اندر ده بد و چون آن شنید	بر نشست و تا به ترمذ میدوید
گاؤں میں دلقک تھا۔ جب اس نے سُنا	دوڑتا گھوڑے پہ ترمذ کو چلا
مرکبی دو اندران ده شد سقط	از دوانیدن فرس را زان نمط
گاؤں میں سے یہاں دو گھوڑے مرگئے	اپنا گھوڑا یوں بھگایا زور سے
پس بدیوان دوید از گرد راه	وقت ناهنگام ره جست او بشاه
قصر تک پہنچا اُڑاتا گرد راہ	اور کہا بے وقت عزم دید شاہ
فجفجی در شهر و دیوان فتاد	شورشی در وهم آن سلطان فتاد
محل میں ہونے لگیں سرگوشیاں	وہم میں سلطان ترمذ تھا وہاں
خاص و عام شهر را دل شد ز دست	تا چه تشویش و بلا حادث شدست
تھے پریشاں شہر والے جابجا	کہتے تھے تشویش کیا ہے۔ کیا بلا؟
یا عدوی قاهری در قصد ماست	یا بلائی مهلکی از غیب خاست
چڑھ کر آیا کیا قوی کوئی غنیم	یا بلا آئی کوئی ہم پر عظیم
کز ده دلقک بسیران درشت	چند اسپ تازی در راه کشت
دلقک آیا کیوں یہاں دوڑا ہوا	قیمتی گھوڑے کچلتا۔ مارتا
جمع گشته بر سرای شاه خلق	تا چرا آمد چنین اشتاب دلق
تھے سرِ شاہی پہ خلقت کا ہجوم	کہتا تھا کیوں دلقک آیا؟ کیسی یہ دھوم
از شتاب او و جهد و اجتهاد	غلغل و تشویش در ترمذ فتاد
اس کی جلدی اور جدوجہد سے	غلغلے ترمذ میں تھے ہر سو پڑے
آن یکی دو دست بر زانو زنان	وان دگر از وهم واویلا کنان
ہاتھ تھا زانو پہ کوئی مارتا	کر رہا تھا کوئی نالہ اور بکا
از نفیر و فتنه و خوف و نکال	هر دلی رفته بصد کو خیال
خوف سے فتنوں کے ہیبت تھی کمال	سو طرح کے تھے ہر اک دل میں خیال

ہر یکے فالے ہمے زد از قیاس / تا چہ آفت اوفتاد اندر پاس

فال لیتا تھا قیاسی ہر کوئی / کیا ہوا تھا آگ یہ کیسی لگی

راہ جست و راہ دادش شاہ زود / چوں شہی پرسید گفتا ہیں چہ بود

دل سلطاں نے لیا اس کو بلا / کی زمیں بوسی کہا قصہ ہے کیا

ہر کسے پرسید حالش زاں ترش / دست بر لب مینہاد او یعنی خمش

پوچھتے تھے اس سے سب وجہ ترش / ہاتھ منہ پر رکھ کے کہتا تھا خموش رہ

وہم مے افزود آں فرہنگ او / جملہ در تشویش گشتہ دنگ او

وہم بڑھتا اس کی ایسی بات سے / سب پریشاں اور بہت حیران تھے

کرد اشارت دلقک اے شاہ کرم / یکدمے بگذار تا من دم زنم

شہ سے دلقک نے اشارے سے کہا / دیجئے مہلت کہ دم لے لوں ذرا

بو کہ باز آید بمن عقلم دمے / کہ فتادم در عجائب عالمے

ہوش آ جائے مجھے تو کچھ کہوں / ہاں ٹھہرئیے میں عجب عالم میں ہوں

بعد یکساعت کہ شاہ از وہم و ظن / تلخ گشتش ہم گلو و ہم دہن

بعد یک ساعت بڑھا پھر وہم شاہ / فکر سے تھی بے طرح حالت تباہ

چوں ندیدہ بود دلقک را چنیں / کہ از و خوشتر نبودش ہمنشیں

ایسا دلقک کو کبھی دیکھا نہ تھا / کوئی بہتر ہم نشیں اس سا نہ تھا

دائما دستان و لاغ افراشتے / شاہ را بس شاد و خنداں داشتے

دل لگی کی وہ سنا کر داستان / شاہ کو رکھتا تھا دائم شادماں

آنچناں خنداندش کردی درست / کہ گرفتی شہ شکم را با دو دست

یوں ہنساتا تھا وہ شہ کو برمحل / ہنستے ہنستے پیٹ میں پڑتے تھے بل

کہ ز زور خندہ خوی کردے تنش / رو در افتادے ز خندہ کردنش

زور خندہ سے عرق آلود تھا / ہنستے ہنستے شاہ اکثر گر پڑا

باز امروز این چنین زرد و ترش | دست بر لب می‌زنان کای شہ خمش
یا وہی ہے آج ایسا پرخروش | ہاتھ رکھ کر منہ پر، کہتا ہے خموش

وہم در وہم و خیال اندر خیال | شاہ را تا خود چہ آید از نکال
وہم پر وہم اور خیالوں پر خیال | شاہ کرتے۔ دیکھیں کیا آئے وبال

کہ دل شہ با غم و پرہیز بود | زانکہ خرم شاہ[۱] بس خونریز بود
بادشہ خود صاحب پرہیز تھا | خرم شاہ البتہ بڑا خونریز تھا

جائے تخت او سمرقند گزین | بد وزیرش والی او را ہمنشین
تھا سمرقند اس کا دار السلطنت | تھا وزیر اس کا ذہین، سب ریت ٹھیک

بس شہان آن طرف را کشتہ بود | یا بحیلت یا بہ سطوت آن عنود
اس نے مارے تھے بہت سے بادشاہ | حیلہ و سطوت سے کر کے تباہ

وین شہ ترمد ز وی در وہم بود | وز فن دلقک بہ دہشش فزود
شاہ ترمذ کو اسی کا وہم تھا | جو مسخری سے تھا دلقک کی سوا

گفت زوتر بازگو تا حال چیست | این چنین آشوب تو از شر کیست
پوچھا پھر شہ نے۔ بتا اب ماجرا | کس کے شر سے ہے یہ گھبرانا ترا

گفت من زان رہ شنیدم آنکہ شاہ | زد منادی بر سر ہر شاہراہ
بولا میں نے یہ سنا ہے آج کے | ڈونڈی پٹوائی ہے لوگوں کے لئے

کہ کسی خواہم کہ تازد تا سہ روز | تا سمرقند او چو پیک با فروز
مانگ اس کی ہے جو دوڑے تین روز | تا سمرقند اور ہو پیک دلفروز

گنجہا بدہم ورا اندر عوض | چون شود حاصل پیامش بی غرض
دوں خزانے مال و زر کے میں اُسے | ہو غرض پوری اگر پیغام سے

۱؎ خرم شاہ والی سمرقند۔

من نشستہ ام بر تو بہر آں	تا بگویم من ندارم آں تواں
بیٹھا تھا آیا ہوں سنا ہا گستریں	تا یہ کہدوں مجھ میں یہ طاقت نہیں
اینچنیں کارے نیاید از خود من	تا ازیں امید را برمن مشن
مجھ سے ہو سکتا نہیں ہرگز یہ کام	رکھ نہ یہ امید مجھ سے لا کلام
گفت لعنت بر چنیں دو بیت باد	گر دو صد تشویش در شہرا و فتاد
بولا شہ لعنت ہو جلدی پر تری	شہر میں ہلچل سی تو نے ڈالدی
از برائے ایں قدر لاف خام ریش	آتش افگندی دریں مرج و بیش
صرف اتنے سے لئے اسے دعی	جس میں چنگاری ہے تو نے ڈالدی
ہمچو ایں خامان با طبل و علم	کہ الغ خانیم در فقر و عدم
ایسے ہی یہ خام با طبل و علم	بھرتے ہیں فقر و فنا میں اپنا دم
لاف شیخی در جہاں انداختہ	خویشتن را بایزیدی ساختہ
مارتے ہیں شیخیاں کیا کیا پلید	اور سمجھتے ہیں کہ ہم ہیں بایزید
ہم ز خود واصل شدہ سالک شدہ	محفلے وا کردہ در دعوت کدہ
خود ہی واصل خود ہی سالک بن گئے	دعوتوں میں محفلیں کرنے لگے
خانۂ داماد پر آشوب و شر	قوم دختر را نبودہ زاں خبر
خانۂ داماد ہے پر شور و شر	لڑکی والوں کو نہیں اس کی خبر
ولولہ کہ کار نیمے راست شد	شرطہائے کاں ز سوئے رست شد
شاد ہے وہ کام آدھا ہو گیا	ہو گئیں پوری جو شرطیں تھیں یہاں
خانہ را رفتہ و آراستہ	زاں ہوس سرمست و خوش برخاستہ
کر لیا آراستہ اس نے تو گھر	اور سرمستی سے خوش ہے سربسر
